UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224829
UNIVERSAL
LIBRARY

فاتقوا اللہ واصلحوا ذات بینکم

# روداد

## اجلاس سیزدہم ندوۃ العلما بلگام (بمبئی)

مُنعقدہ

۱۷-۱۸-۱۹ رجب ۱۳۲۴ھ مطابق ۱۹-۲۰-۲۱ اپریل ۱۹۰۶ء

روز شنبہ یکشنبہ دوشنبہ

حسب ایمائے

مجلس انتظامی ندوۃ العلماء

عبد العلی خاں کے شاہی پریس لکھنؤ میں چھپی

صرف ٹائٹل چھپا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہندوستان کی روحانی و مادی ترقی کا تمامتر دارو مدار صرف تعلیم پر ہے اس لیے جب تک تعلیم کی بنیادین مضبوط و مستحکم نہ ہون کسی شعبہ مین ترقی حاصل نہین ہو سکتی، مغربی ممالک کی ترقی کے عظیم مناظر، سائنس کی ہوش ربا سحر کاریان، تجارت کی سرگرمیان، دولت کی فراوانی، ایجادات و اختراعات کا ظہور، قومیت کا جوش و خروش، فتوحات و ملک گیری کا حوصلہ اور حصول عزوجاہ کا ولولہ یہ سب نتیجہ ہے اس اعلیٰ تعلیم کا جس نے یورپ کا اقتدار تمام عالم پر قائم کر دیا ہے۔

یہی سبب ہے کہ اب دنیا کی جن جن اقوام مین ترقی کا ولولہ پیدا ہوا ہے وہ تعلیم پر جھک پڑی ہین، اُن کا خیال ہے کہ سیاسی و ملکی اقتدار کا حصول بھی بغیر تعلیم کے قطعی ناممکن ہے اس لیے سب سے پہلے انھون نے تعلیم کو اپنا نصب العین بنایا ہے، چنانچہ ہندوستان مین بھی انگریزی دور حکومت مین سب سے پہلے جب ترقی کا احساس پیدا ہوا ہے تو مسئلہ تعلیم پر توجہ کی گئی، اور ملک کے سربرآوردہ اصحاب نے جدید تعلیم کی تحریک تمام ملک مین پھیلائی جس نے علیگڈہ کالج کی صورت مین نشو ونما پاکر مسلم یونیورسٹی کا خوشنما آئندہ تخیل ملک مین پیدا کیا۔ اور مختلف مقامات پر خاص مسلمانون کے ہائی اسکول اور بعض بعض صوبجات مین کالج بھی قائم ہوے۔

اسی زمانہ مین علمار کو بھی مذہبی تعلیم کے لیے قومی مدارس قائم کرنے کا خیال پیدا ہوا چنانچہ چند سال کی مدت مین سیکڑون عربی مکاتب و مدارس ہندوستان مین قائم ہو گئے لیکن چونکہ مسلمانان ہند نے ان مدارس کے قائم کرنے سے پہلے مذہبی تعلیم کے لیے کوئی خاص نظام نہین تیار کیا تھا اور نہ یہ مدارس کسی ایک سلسلہ مین منسلک تھے اس لیے ان کثیر التعداد مدارس سے جو فائدہ ملک کو حاصل ہونا چاہیے تھا وہ نہ ہوا، اس قسم کے مدارس اب بھی برابر قائم ہوتے جاتے ہین اور

چند روز جاری رہ کر فنا ہو جاتے ہین اور اگرچہ مجموعی حیثیت سے مسلمانون کا کافی روپیہ ان مدارس پر صرف ہو جاتا ہے لیکن کوئی حقیقی فائدہ ان مدارس سے ان کو نہین پہونچتا۔

البتہ چند مدارس ہندوستان مین ضرور ایسے ہین جو مدت دراز سے مذہبی خدمت انجام دے رہے ہین جن کا ہم کو شکر گزاری کے ساتھ اعتراف کرنا چاہیے لیکن جدید حالات کا تقاضا ہے کہ مغربی تعلیم کے دوش بدوش مذہبی تعلیم کا بھی وسیع پیمانہ پر معقول و موزون طریقے سے انتظام کیا جائے تاکہ مادی و دنیوی ترقی کے ساتھ ساتھ روحانی و اخلاقی ترقی بھی حاصل ہو جو بقائے قومیت تحفظ مذہب، اور تکمیل نفس انسانی کے لیے بہر حال ضروری ہے' اور جس کے بغیر وہ محاسن اخلاق اور انسانی کمالات پیدا نہین ہو سکتے جو انسان کے لیے مابہ الامتیاز اور باعث شرف و فضیلت ہین۔

اب سے کچھ مدت پہلے ہمارے علمائے کرام جملہ مذہبی خدمات انجام دیتے تھے اور ہر عالم کا حلقہ درس ایک عظیم الشان درس گاہ کا حکم رکھتا تھا جس کے فیوض و برکات سے ایک عالم فائدہ اٹھاتا تھا، لیکن اب حالات بدل گئے ہین نہ تو علما فکر معاش سے مستغنی ہین جو حسبۃً للہ اس خدمت کو انجام دین اور نہ مسلمانون مین مذہب و ملت کے لیے وہ ولولہ ہے کہ بلا تحریص و ترغیب حصول علم کے لیے جد و جہد کرین اور کسی مذہبی علم و فن مین کمال حاصل کرین،

ان حالات کے ماتحت اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہین کہ مذہبی تعلیم کے لیے اجتماعی حیثیت سے تمام ملک کے لیے مستقل انتظام کیا جائے اور علماء کو معقول معاوضہ دیکر فکر معاش سے مستغنی کر دیا جائے تاکہ وہ اطمینان قلب و سکون خاطر کے ساتھ ہمہ تن علمی خدمت مین مصروف ہون اور قدیم علوم و فنون اور اسلامی کتب خانون کو فنا ہونے سے محفوظ رکھین اور یہ اس وقت تک ممکن نہین جب تک مسلمانان ہند متحدہ طاقت سے اس کے لیے آمادۂ اعانت نہ ہون اور کافی سرمایہ سے اس مقصد کی تکمیل مین مدد نہ کرین۔

مذکورۂ بالا حالات اور ضروریات پر نظر کر کے مجلس **ندوۃ العلماء** نے یہ فیصلہ کیا کہ حتی الامکان مذہبی تعلیم کا معقول اور زمانۂ حال کے لحاظ سے موزون و مناسب انتظام کر کے تمام ملک کو

خدمت مذہب و ملت کی دعوت دیجائے اور ان سے اعانت کی خواہش کی جائے اس بنا پر زمانہ دراز سے ندوۃ العلماء نے یہ طریق عمل اختیار کیا ہے کہ وہ اپنے وکلاء کی معرفت مختلف صوبجات ہند مین ان اغراض و مقاصد کی اشاعت کرتا ہے اور ہندوستان کے مختلف اضلاع و امصار مین اپنا سالانہ اجلاس منعقد کرکے لوگون کو مذہبی تعلیم کی ترغیب دیتا ہے چنانچہ اب تک بفضلہ تعالی ندوۃ العلما کے (١٨) اجلاس ہندوستان کے مختلف اضلاع مین کامیابی سے منعقد ہوچکے ہین

چنانچہ اسی سلسلہ مین گذشتہ سال ١٩١٨ء مین جب ندوۃ العلماء کو سب سے پہلی دفعہ ممالک متوسطہ کے صدر مقام ناگپور مین اجلاس منعقد کرنے کا موقع حاصل ہوا۔ جو جناب مولانا مولوی **حبیب الرحمن خان** صاحب شروانی کے زیر صدارت منعقد ہوا تھا۔ تو اس وقت مسلمانان بلگام (علاقہ بمبئی) نے یہ ارادہ کیا کہ وہ آیندہ سال (١٩١٩ء) کے اجلاس کے لیے ندوۃ العلماء کو اپنے یہان مدعو کرین چنانچہ انھون نے اپنے شہر کے نوجوان عالم مولوی قطب الدین احمد صاحب کو دعوت نامہ دیکر ناگپور روانہ کیا مولوی صاحب موصوف نے ناگپور پہونچکر یہ دعوت نامہ اجلاس مین پیش کیا جس کو حاضرین نے مسرت و گرمجوشی سے قبول کیا اور اجلاس کے بعد ارکان انتظامیہ نے مسلمانان بلگام کے دعوت نامہ کو شکریہ کے ساتھ باضابطہ طور پر منظور کیا۔

## اجلاس بلگام کے ابتدائی مراحل و مشکلات

اجلاس ناگپور سے فراغت کے بعد جب ایک سہ ماہی گذر گئی تو کارکنان ندوۃ العلماء نے اپنے وکلاء کو بلگام روانہ کیا تاکہ وہ اس علاقہ کے اطراف و جوانب مین دورہ کرکے یہان کے مسلمانون کے صحیح حالات اور ان کے ضروریات پر اطلاع حاصل کرین اور ناواقف مسلمانون کو ندوہ کے اغراض و مقاصد سے باخبر بنائین، اگرچہ اس صوبہ (بمبئی) مین ندوہ کا یہ پہلا اجلاس نہ تھا بلکہ اس سے پہلے ١٩١٢ء مین ندوہ کا ایک سالانہ اجلاس پونا مین ہوچکا تھا لیکن ایسے وسیع صوبہ مین جہان خصوصیت کے ساتھ لوگون کی زندگی نہایت مصروف ہو جب تک باہم کسی جماعت کو

اپنے اغراض و مقاصد کی اشاعت کا موقع نہ ملے عام طور پر لوگوں کو خبر نہیں ہو سکتی، خصوصاً بلگام جیسے مقام پر جو پونا و بمبئی سے معقول فاصلہ پر واقع ہے اور جہاں کسی قسم کی مذہبی یا علمی سرگرمی کے آثار نظر نہیں آتے اور نہ کوئی اسلامی اخبار وہاں سے شائع ہوتا ہے

انگریزی تعلیم کی یہ حالت ہے کہ تمام ضلع میں کوئی مسلمان وکیل یا بیرسٹر نہیں، اور عربی تعلیم تو گویا مفقود ہے مسلمان اگرچہ زیادہ تر تجارت پیشہ ہیں لیکن دولت مند اور تعلیم یافتہ نہیں، اور برادران وطن کے مقابلے میں ان کی آبادی بھی قلیل ہے، ایسی حالت میں اسکی بیش از بیش ضرورت تھی کہ مسلمانوں کو مذہبی تعلیم کی ترغیب دیجائے اور ان کو قومی ضروریات پر متوجہ کیا جائے، چنانچہ جناب مولوی غلام محمد صاحب شملوی اور مولوی سید حسن شاہ صاحب وکلاے ندوۃ العلما نے ضلع کے اطراف میں دورہ کیا اور جا بجا لوگونکو اجلاس کے خیر مقدم پر آمادہ کیا

لیکن بدقسمتی سے اسی زمانہ میں جبکہ اجلاس کے ابتدائی مراحل طے ہو رہے تھے، بلگام میں جنگی بخار نمودار ہوا جسکی ہلاکت آفرینی نے تمام ضلع کو تہ و بالا کر دیا چنانچہ بعض وکلا کو بجائے ندوہ کا کام کرنے کے اپنے وقت کا زیادہ حصہ نماز جنازہ پڑھانے اور مراسم تعزیت ادا کرنے میں صرف کرنا پڑا، اس کے علاوہ ٹھیک اسی زمانے میں ہیضہ بھی پوری شدت سے نمودار ہوا، جس نے لوگوں کو اور بھی زیادہ متوحش کر دیا یہانتک کہ وکلا اور مقامی اشخاص کے مراسلات پڑھکر اس میں شبہ پیدا ہو گیا کہ جلسہ کامیاب ہو سکے گا۔

## جماعت استقبالیہ کا قیام اور آغاز عمل

ابھی مندرجہ بالا مشکلات درپیش ہی تھے کہ اجلاس کا زمانہ قریب آگیا اور اسکی ضرورت پیش آئی کہ ابتدائی انتظامات کے لیے جماعت استقبالیہ قائم کی جائے اور اسکے عہدہ دار و ارکان منتخب کیے جائیں چنانچہ ۸ نومبر ۱۹۱۸ء کو بعد مغرب جناب سید شاہزادہ صاحب انعامدار کے مکان پر ایک جلسہ اس غرض سے منعقد ہوا، اس میں شہر کے اکثر معزز مسلمان شریک تھے اس موقع پر مولوی قطب الدین احمد صاحب نے ایک مختصر تقریر میں ندوۃ العلماء کے مقاصد بیان کیے

بعدازان یہ درخواست کی کہ آیندہ انتظامات کے لیے جماعت استقبالیہ کے عہدہ دارو ارکان منتخب کیے جائین اور یہ جملہ امور زیر صدارت جناب نھو بادشاہ صاحب انعامدار طے ہون منشی محمد حسین صاحب سکرٹری انجمن اسلام بلگام نے اسکی تائید کی اور جناب موصوف صدر قرار پائے۔

اسکے بعد جناب نور محمد صاحب سیٹھ کی تحریک سے جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی چنانچہ متعدد عہدہ دارون اور ۱۰۷ ارکان کا انتخاب کیا گیا۔ سب سے پہلے جناب سید شاہزادہ صاحب نے تحریک کی کہ آنریبل خان بہادر ابراہیم ہارون جعفر سیٹھ رئیس پونا کو انجمن استقبالیہ کا صدر قرار دیا جائے اور چند نائبان صدر اور سکرٹری مقرر کیے جائین چنانچہ اس تحریک کے مطابق حسب ذیل عہدہ دار اور ۱۰۷ ارکان منتخب ہوے۔

## صدر

عالیجناب آنریبل خان بہادر ابراہیم ہارون جعفر صاحب سیٹھ رئیس پونا۔

## نائبان صدر

جناب سید نھو بادشاہ صاحب انعامدار، جناب سید شاہزادہ صاحب انعامدار، جناب خطیب محمد صاحب، جناب قاضی محمد صاحب، جناب مولوی عبدالغنی صاحب، جناب شبیر خان صاحب انعامدار، جناب نور محمد صاحب سیٹھ، جناب محی الدین صاحب حاجی آدم صاحب، جناب عبدالرحیم سیٹھ صاحب عثمان سیٹھ صاحب، جناب نواب محبوب علی خان ہبلی، جناب آنریبل فقیر محمد خان صاحب پلیڈر دہارواڑ، جناب نواب محمد اسحاق خان صاحب دیسائی

## جنرل سکرٹری

جناب بابو محمد ابراہیم صاحب آرمی کنٹریکٹر

## سکرٹریان

مولوی قطب الدین احمد صاحب، منشی محمد حسین صاحب سکرٹری انجمن اسلام

مذکورۂ بالا عہدہ دارون کے انتخاب کے بعد علیحدہ علیحدہ چھوٹی چھوٹی جماعتین مختلف انتظامی امور کے سرانجام دینے کے لیے مقرر کی گئین جن کی تفصیل حسب ذیل ہے،

جماعت تحصیل چندہ برای مصارف اجلاس ندوۃ العلماء سکرٹری جناب سید شہزادہ صاحب انعامدار تعداد ارکان ۳۵

جماعت برای انتظام قیام وآسایش مہمانان سکرٹری جناب شیر خان صاحب انعامدار تعداد ارکان ۳۷

جماعت برای انتظام طعام مہمانان سکرٹری جناب نور محمد سیٹھ صاحب تعداد ارکان ۵۰

جماعت برای انتظام تعمیر پنڈال سکرٹری سید نتھو بادشاہ صاحب تعداد ارکان ۳۰

مذکورۂ بالا جماعتون کے علاوہ ایک جماعت فوری وہنگامی ضروریات کے انتظام وانصرام کے لیے زیر نگرانی جناب آنریبل خان بہادر ابراہیم ہارون جعفر صاحب مرتب ہوئی اور بآخرین حسب تحریک مولوی قطب الدین احمد صاحب وتائید منشی محمد حسین صاحب سکرٹری انجمن اسلام رضاکارون کی جماعت مہمانون کی خدمت ومدارات کے لیے ترتیب دی گئی،

مذکورۂ بالا امور کے طے ہو جانے کے بعد پہلا اجلاس ۱۲ نومبر کو منعقد ہوا جس مین ترتیب دفتر وغیرہ کے متعلق بعض معاملات طے ہوے بعد ازان دوسرا اجلاس ۲۹ دسمبر ۱۹۱۸ء کو زیر صدارت جناب بابو محمد ابراہیم صاحب ڈپٹی کلکٹر سید شہزادہ صاحب کے مکان پر بوقت ۹ بجے شب منعقد ہوا جس مین حسب تجویز ارکان جماعت استقبالیہ،

(۱) جناب مولانا حاجی سر رحیم بخش صاحب کے سی۔ آئی۔ ای۔ کا اجلاس سالانہ کی صدارت کے لیے انتخاب کیا گیا۔

(۲) اجلاس سالانہ کی تاریخین ۱۹۔ ۲۰۔ ۲۱۔ اپریل ۱۹۱۹ء تعطیل ایسٹر مین مقرر کی گئین۔

اسکے بعد جماعت استقبالیہ کے متعدد اجلاس ضروری امور کے طے کرنے کے لیے برابر منعقد ہوتے رہے جن مین تمام انتظامی جزئیات پر بحث کی گئی ہر شعبے کے سکرٹری کے فرائض متعین کیے گئے اور اون کی سہولت کے لیے ضروری وسائل بہم پہونچائے گئے، دفتر قائم کیا گیا، اشتہارات شائع کیے گئے، اور دعوتی خطوط ہر صوبہ کے مسلمانون کے پاس روانہ کیے گئے، مہمانون کے قیام و

طعام کے متعلق تفصیل تمام جزئیات پر بحث کی گئی۔ اور یہ قرار پایا کہ جماعت استقبالیہ کی طرف سے ۱۸۔اپریل کی صبح سے ۲۲۔اپریل کی دوپہر تک ۹ وقت کھانے کا انتظام کیا جائے، اسکے علاوہ اسٹیشن کے انتظام، صاحب صدر کے استقبال، پنڈال کی آرایش، سواری کے انتظام اور ضروری فرنیچر کی بہم رسانی کے متعلق تمام امور پر غور کرکے انتظام کیا گیا، چونکہ ان انتظامات کی تفصیل ناظرین کے لیے غیر ضروری ہے اس لیے ہم نظرانداز کرتے ہین،

## قیامگاہ مہمانان اور جلسہ گاہ

اجلاس سے پہلے کافی روپیہ مہانداری اور مصارف اجلاس کے لیے جمع ہو چکا تھا لیکن سب سے زیادہ مشکل مسئلہ مہمانون کے قیام کا تھا بنگلام مین ضرورت سے زیادہ مکانات موجود نہین ہین جو مہمانون کے لیے کافی ہوتے کیونکہ تخمینہ کیا گیا تھا کہ کم از کم پانسو بیرونی مہمان اجلاس کی شرکت کے لیے آئین گے (لیکن سات سو سے زیادہ آئے) غرض بمشکل تین چار مکانات جناب صدر، جناب ناظم صاحب اور بعض علما کے لیے حاصل کیے جا سکے، لیکن جناب آنریبل خان بہادر ابراہیم ہارون جعفر صاحب صدر جماعت استقبالیہ جب جلسے کے ضروری انتظامات دیکھنے کے لیے بنگلام تشریف لائے تو آپ کو اس دشواری کا علم ہوا اور خاص طور پر کوشش فرما کر گورنمنٹ ہائی سکول اور ہوسٹل کی وسیع اور خوش منظر عمارتین مہمانون کے لیے گورنمنٹ سے حاصل کر لین جن مین صدہا مہمانون کے لیے کافی گنجایش موجود تھی، جناب ڈائرکٹر صاحب سررشتہ تعلیم نے ازراہ فراخ حوصلگی و علم دوستی بخوشی ان عمارات کو بلا معاوضہ مہمانون کے لیے مخصوص کر دیا، قیام گاہ کے معاملہ مین جناب عبدالقادر بانگی صاحب نے بھی خاص سعی فرمائی۔ کارکنان ندوۃ العلماء ان جملہ اصحاب کی مہربانی کا شکرگزاری کے ساتھ اعتراف کرتے ہین،

ہوسٹل سے تھوڑے فاصلے پر ایک صاف ستھرا قطعہ زمین جناب سید شاہزادہ صاحب نے پنڈال کے لیے عطا کیا اور جناب چھوٹانی سیٹھ صاحب نامور رئیس بمبئی نے تعمیر پنڈال کے تمام مصارف جیب خاص سے عطا کیے اور پنڈال بڑے اہتمام سے تیار ہوا، ہم کو نہایت افسوس ہے کہ

جناب سیٹھ صاحب موصوف اپنے نوجوان فرزند کے حادثہ وفات کی وجہ سے اجلاس مین شریک نہ ہو سکے اور داعیان جلسہ کو آپ کے خیر مقدم کا موقع نہ ملا لیکن بطور جناب موصوف کے قائم مقام کے جناب نیپسی سیٹھ صاحب نے اپنے زیر نگرانی نہایت خوش اسلوبی سے پنڈال تیار کرایا جس کا نقشہ جناب بابو شنکر داس صاحب نے تجویز کیا تھا،

دفتر کے لیے جناب ڈاکٹر کامت صاحب نے اپنے وسیع مکان کا ایک حصہ خالی کر دیا تھا، باوجود غیر مسلم ہونے کے آپ کی یہ مہربانی قابل ستایش ہے،

دفتر جماعت استقبالیہ کے علاوہ دفتر ندوۃ العلماء سے بھی قریبا دو ہزار دعوتی مراسلات روانہ کیے گئے تھے، اور اکثر اسلامی اخبارات مین اجلاس کا اعلان کیا گیا تھا۔ جناب مولانا حاجی رحیم بخش صاحب کی صدارت کا اعلان بھی اجلاس سے ایک ماہ پہلے اخبارات مین ہو چکا تھا،

## اجلاس کی تیاریان اور ایک ناخوش گوار واقعہ

اجلاس سے چند روز پیشتر ندوہ کے وکلا خاص بلگام مین قیام پذیر ہوے اور ارکین جماعت استقبالیہ کو ان کے محنت و مشورہ سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔ اوائل ماہ اپریل مین ہر قسم کی تیاریان مکمل ہو چکی تھین صرف پنڈال کی ترتیب و آرایش کا کام باقی تھا، جناب صدر کے استقبال کے لیے لوگون مین غیر معمولی جوش و اشتیاق تھا۔ شہر و صدر کے مختلف مقامات پر جھنڈیان لگائی گئی تھین، اور جابجا پھاٹک بنائے گئے تھے، یہ بھی تجویز کیا گیا تھا کہ جناب صدر کا جلوس نہایت شان و شوکت سے شہر مین نکالا جائے، جناب آنریبل سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب نے پونا کے اسٹیشن پر اور مسلمانان بلگام نے مقامی اسٹیشن پر استقبال کا انتظام کیا تھا۔

جناب ناظم صاحب ندوۃ العلماء ۱۶۔ اپریل کی شام کو بلگام پہونچے اور صاحب صدر کے متعلق یہ اطلاع موصول ہوئی کہ ۱۸۔ اپریل کو بوقت دس بجے صبح میل سے تشریف لائینگے، یہ خبر پا کر لوگ صبح سے جوق جوق اسٹیشن روانہ ہوے، یہان تک کہ دس بجتے بجتے اسٹیشن پر بہت بڑا مجمع ہو گیا

آج میل لیٹ تھا سوا گیارہ بجے پہونچا، لیکن جناب صدر موجود نہ تھے، لوگون کو نہایت تردد ہوا، لیکن یہ خیال کیا گیا کہ اب جناب موصوف شام کی گاڑی سے تشریف لائین گے، لیکن شام کو بھی مایوسی کا سامنا ہوا یعنی جناب موصوف تشریف نہ لائے، اب تو نہایت تشویش پیدا ہوئی مختلف مقامات سے بذریعہ تار استفسار کیا گیا آخر کار شب کے وقت پونا سے جواب آیا کہ ابھی تک جناب صدر یہان نہین پہونچے، اب گویا اس کی امید منقطع ہوگئی کہ جناب صدر کل صبح کے اجلاس مین شریک ہوسکین گے، کیونکہ صبح کے وقت بلگام پہونچنا صرف اس صورت مین ممکن تھا کہ آپ شب کو پونا تشریف لے آتے،

اب یہ سوال پیدا ہوا کہ اگر جناب ممدوح کل بھی تشریف نہ لائے تو صدارت کی کرسی پر کون بیٹھے گا؟ چنانچہ چند سرآوردہ احباب بغرض مشورہ جناب ناظم صاحب کی قیامگاہ پر جمع ہوئے لیکن کوئی قطعی فیصلہ نہ ہوسکا، آخر کار دوسرے روز صبح کو یہ طے ہوا کہ کسی کو صدر نہ منتخب کیا جائے بلکہ جناب صدر کے اعزاز مین کرسی خالی رکھی جائے، تاہم بنظر احتیاط یہ تجویز کیا گیا کہ اجلاس کا افتتاح ۱۱ بجے کے بعد ہو تاکہ بالفرض اگر جناب موصوف دس بجے کی ٹرین سے تشریف لے آئین تو بذات خاص اجلاس کا افتتاح فرماسکین، لیکن دوسرے روز جب یہ آخری امید بھی پوری نہین ہوئی تو لوگ نہایت حسرت وافسوس کے ساتھ باخاطر افسردہ آہستہ آہستہ پنڈال کیطرف روانہ ہوئے

پنڈال مین ایک حد تک مجمع ہوچکا تھا کہ جناب صاحب کمشنر بہادر مع چند دیگر مقامی حکام کے تشریف لائے، آپ اس موقع پر کچھ بیان کرکے جلد تشریف لے جانا چاہتے تھے، کیونکہ بوجہ عدم تشریف آوری جناب صدر، خطبۂ صدارت کی سماعت کا بھی کوئی موقع نہ تھا۔ اس لیے یہ مناسب خیال کیا گیا کہ اجلاس کے افتتاح سے پہلے صاحب موصوف کو تقریر کا موقع دیا جائے، چنانچہ صاحب موصوف نے چند منٹ تک انگریزی مین تقریر فرمائی اور مسٹر عبدالصمد پروفیسر ہاروڈ کالج نے حاضرین کو ترجمہ سنایا آخر مین جناب آنریبل [illegible] ہارون جعفر صاحب نے جناب موصوف کا شکریہ ادا کیا اور پھولون کے ہار پہنائے۔ اس کے بعد تمام حکام رخصت ہوگئے،

# پہلا اجلاس بمقام بلگام

۱۹ اپریل ۱۹۱۹ء روز شنبہ مطابق ۱۷ رجب ۱۳۳۷ھ

۱۱ بجے سے ۱ بجے تک

سب سے پہلے جناب مولوی ابراہیم صاحب مقاصی نے تبارک الذی سے چند آیتین تلاوت کین بعد ازان جناب آنریبل خان بہادر سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب بحثیت صدر جماعت استقبالیہ پلیٹ فارم پر تشریف لائے، اور حسب ذیل خطبہ ارشاد فرمایا

## خطبۂ صدارت جماعت استقبالیہ

اے علماے کرام و بزرگان ملت! اس سے پہلے کہ مین مسلمانان بلگام کی طرف سے آپ حضرات کی تشریف آوری اور زحمت فرمائی کا شکریہ ادا کرون مین اپنی خوش قسمتی پر فخر و ناز کرتا ہون کہ مجھکو اس احاطہ (پریسیڈنسی) مین دوسری دفعہ علماے کرام و بزرگان قوم کے خیر مقدم کی سعادت نصیب ہوئی۔

سب سے پہلے دسمبر ۱۹۱۵ء مین محمدن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس پونا کے موقع پر مجھکو ندوۃ العلما کے بعض ارکان و تعلیم یافتہ اصحاب سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا یہ گویا ندوہ سے اس علاقہ کے تعلقات کی ابتدا تھی غرض مسلمانان پونا نے ان تعلقات و روابط کو زیادہ مستحکم و مفید بنانے کے لیے یہ ارادہ کیا کہ وہ اس پریزیڈنسی مین علمائے کرام کو مدعو کرین چنانچہ انجمن اسلام پونا نے مسلمانان پونا کی طرف سے ارکان ندوۃ العلما کی خدمت مین اپنا دعوت نامہ بھیجا جس کو علما نے شرف قبولیت عطا فرمایا۔ اور آخرکار اپریل ۱۹۱۶ء مین ندوہ کا اجلاس پونا مین بڑی شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوا جہان عام مسلمانان ؁ خصوصاً اس خاکسار کو ندوہ کی خدمت کا شرف حاصل ہوا اسکے بعد دو سال تک ندوہ ہماری پریزیڈنسی سے باہر رہا یعنی

علی الترتیب اُس کے دو اجلاس مدراس و ناگپور مین کامیابی سے منعقد ہوئے

خدا کا شکر ہے کہ ہمکو پھر اس صوبہ مین متواتر دو سال کے بعد ندوۃ العلما کا خیر مقدم کرنے کی سعادت و عزت حاصل ہوئی اور اب اگر یونا مین نہین تو بلگام مین ہم سب ندوۃ العلما کو خوش آمدید کہنے کے لیے جمع ہوے ہین

مین مسلمانان بلگام کی مہربانی و کرمفرمائی کا نہایت شکریہ کے ساتھ اعتراف کرتا ہون کہ اُنھون نے اس خاکسار کو جماعت استقبالیہ کا صدر منتخب فرماکر از سر نو ایک مذہبی خدمت کو انجام دینے کا موقع دیا حالانکہ بلگام اور اُسکے اطراف و جوانب مین ایسے بہت سے لائق اور قابل اصحاب موجود تھے جو اس خدمت کو نہایت خوش اسلوبی سے ادا کر سکتے تھے اس کا سبب شاید یہ ہو کہ مجھکو بہ نسبت اہل بلگام کے ندوۃ العلما کی خدمت و حمایت کا دیرینہ شرف حاصل ہے یا یہ کہ مین اس خدمت پر اس لیے مامور کیا گیا ہون کہ مین اس صوبہ کے مسلمانون کی طرف سے کونسل مین اُنکے معاملات اور ضروریات کا وکیل ہون اور وہ چاہتے ہین کہ مین کونسل کے باہر بھی اُنکا حق وکالت ادا کرون بہرحال یہ میرا فرض تھا جسکو مین نے بسر و چشم قبول کرلیا اگر مجھ سے ادائی فرض مین کوتاہی ہو تو امید ہے کہ آپ ازراہ شفقت بزرگانہ معاف فرمائین گے اور ظاہری حالات سے قطع نظر کرکے صرف ہمارے دلون کو ٹٹولین گے جو خلوص و محبت سے لبریز ہین اور جوش و خروش سے آپ کا خیر مقدم کر رہے ہین

حضرات ؟ بلگام اس صوبہ کا ایک مشہور و معروف ضلع ہے جو تاریخی شہرت و عظمت حاصل کر چکا ہے لیکن اب اس برباد شدہ عظمت پر فخر کرنے اور اس افسانۂ کہن کے دہرانے سے کیا حاصل اس لیے عہد گذشتہ کا تذکرہ نظر انداز کیا جاتا ہے موجودہ حالت تو یہ ہے کہ یہان مسلمانون کی نہ تو زیادہ آبادی ہے اور نہ اُن مین خوش حالی ہے نہ تعلیم ہے نہ روشن خیالی ہے بلکہ نکبت و ادبار کی جو گھٹا تمام مسلمانان ہند پر چھائی ہوئی ہے بلگام

بھی اُس سے باہر نہین ہے بلکہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ ہندوستان کے متمدن و ترقی یافتہ اضلاع سے دور دراز فاصلے پر واقع ہونے کی وجہ سے یہان کے مسلمانون کی حالت اور بھی زیادہ افسوس ناک اور قابل رحم ہے۔ ایسی حالت مین یہ توقع کرنا کہ ہم ایک باخبر فرض شناس جماعت کی طرح آپ حضرات کی آواز پر لبیک کہہ سکین گے اور آپ کی عظمت اور عزت کے لائق مہمانداری کر سکین گے شاید موزون نہ ہوگا اس بنا پر اگر ہم اپنا فرض پورے طور پر ادا نہ کر سکین تو امید ہے کہ آپ اپنی بزرگانہ عالی حوصلگی سے معاف فرمائین گے۔

درحقیقت اس علاقہ کی درماندہ حالت ہی نے ہم کو اس پر آمادہ کیا کہ علماے کرام و بزرگان قوم کو یہان تشریف آوری کی تکلیف دین تاکہ وہ بچشم خود ہماری حالت کا معاینہ کرکے اور ہمارے مرض کی تشخیص کرکے اس علاقہ کی تعلیمی اور اخلاقی ترقی کے لیے ایک ایسی تجویز مرتب کرین جو ہمارے لیے سودمند ہو اور اپنے دیرینہ تجربات اور پر اثر نصائح سے ایسا ولولہ ہمارے دلون مین پیدا کرین کہ تمام صوبہ مین ترقی کا عام احساس پیدا ہو جائے

مین اس موقع پر گورنمنٹ بمبئی کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری خیال کرتا ہون جس نے نہایت دانشمندی اور تدبیر سے اس کام مین ہمارے لیے سہولت بہم پہونچائی کہ اس صوبہ کے مسلمان سرکاری ملازمین کو ندوۃ العلمار کے جلسے مین شرکت و اعانت کی اجازت دیکر تمام مسلمانون کو ممنون کیا نیز مین اپنے معزز دوست ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن کا ممنون ہون کہ اُنھون نے نہایت مہربانی سے گورنمنٹ ہائی اسکول اور ہوسٹل کو ہمارے حوالے کیا کہ ہم اجلاس ندوہ و قیام مہمانان کے لیے ان عمارات سے تمتع ہون ہمکو تعلیمی صیغے کے ایک افسر اعلے سے ایسی ہی توقع تھی کہ صاحب ممدوح ہمارے تعلیمی معاملات مین ہر ممکن اعانت اور دستگیری سے تامل نہ فرمائین گے

بزرگان ملت! اس اظہار شکرگزاری کے بعد اب مین چند الفاظ اُس مقصد کے متعلق عرض کرونگا جو آپ کا نصب العین ہے ہم سب لوگون کو اس کا اعتراف ہے کہ جس کام کا آپ نے بیڑا اُٹھایا ہے وہ نہایت اہم اور ضروری کام ہے اور کسی کو اُس کے مفید اور سودمند ہونے مین شبہ نہین ہوسکتا آپ کی جماعت کا یہ مقصد ہے کہ آپ مسلمانون کی مذہبی تعلیم و تربیت کا ایسے اعلےٰ پیمانے پر انتظام کرین کہ آپ کے زیرنگرانی نہایت لائق ہوشمند اور روشن خیال علماء پیدا ہون جو مذہبی خدمت انجام دین اور مذہبی امور مین مسلمانون کی رہنمائی کرین اور تصنیف و تالیف کی صورت مین ہمارے اسلاف کا جو علمی و مذہبی سرمایہ اس وقت موجود ہے اُس کو محفوظ رکھین آپ کا یہ مقصد ہماری قوم کے لیے اس قدر مفید اور ضروری ہے جس سے کسی دانشمند کو انکار نہین ہوسکتا

ہم کو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ آپ طریقۂ تعلیم اور نصاب مین جدید ترمیمات و اصلاحات کے لیے بھی آمادہ ہین بلکہ اسکے متعلق عملی خدمات بھی انجام دے چکے ہین غالبًا ہم مین سے ایک شخص بھی ایسا نہ ہوگا جو اس قسم کی اصلاحات کو منظور نہ کرتا ہو اس سے کون انکار کرسکتا ہے کہ زمانہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے اور جدید حالات پیدا ہوتے جاتے ہین بلکہ اس قسم کے تغیرات زندگی کے ہر شعبہ مین ہم کو صاف طور پر محسوس ہو رہے ہین حتی کہ ہماری معاشرت تجارت صنعت حرفت وغیرہ ہر چیز مین یہ تغیر تیزی کے ساتھ ہو رہا ہے اور ہم اپنے کو اس تغیر یافتہ حالت کے مطابق بنانے پر مجبور ہین غرض جب ہر شے تغیر پذیر ہے تو کیا تعلیم کا مسئلہ اس قابل نہین ہے کہ ہمارے علماء اس پر از سر نو غور کرین اور یہ تجویز کرین کہ موجودہ زمانے کے حالات و ضروریات کے لحاظ سے طریقۂ تعلیم کیا ہونا چاہیے اور نصاب کس قسم کا اختیار کرنا چاہیے افسوس کہ مین بحیثیت ایک مذہبی عالم نہ ہونے کے اس معاملہ مین آپکی رہنمائی نہین کرسکتا

تاہم اس قدر ضرور عرض کرونگا کہ موجودہ زمانے مین یورپ کے جدید علوم وفنون نے
ہمارے نوجوانون کے مذہبی خیالات مین جو کمزوریان پیدا کردی ہین اور اسلام کا
روشن اور نورانی چہرہ جس طرح اُن کی آنکھ سے پوشیدہ ہوگیا ہے اُس کو دیکھتے ہوے
یہ نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ بلا تاخیر ضروری اصلاحات کو رواج دیا جائے
تاکہ مسلمانون کی مذہبی تعلیم کا شیرازہ درہم برہم نہ ہوجائے

حضرات: یہ وہ زمانہ ہے کہ قومون کا نظامِ حیات بدل رہا ہے اور اصلاح اور
ترقی کی آوازین ہر درودیوار سے بلند ہو رہی ہین خصوصًا پچھلے چند سال کے حالات
نے مختلف اقوام عالم مین ایسا جوش وجذبہ پیدا کردیا ہے کہ مردہ اجسام مین بھی جنبش
محسوس ہو رہی ہے اور وہ قومین جن کی گذشتہ تاریخ کا ایک باب بھی روشن نہ تھا
اپنی سعی اور ہمت سے میدان مقابلہ مین آگئی ہین اور اس کشاکش مین حصہ لے رہی
ہین توکیا ایسی حالت مین مسلمانون کو بدستور غفلت وجمود کے حالات مین رہنا چاہیے؟
اور کیا علماے اسلام جو ہماری قوم کے مُسلّم مذہبی رہنما ہین اُن کا یہ فرض نہین کہ
وہ ہمت وحوصلہ سے کام لیکر اس زمانہ کی کشاکش مین مسلمانون کی مذہبی عظمت کو زوال
سے محفوظ رکھین لیکن سوال یہ ہے کہ کیا بغیر اصلاح وتغیر کے یہ مذہبی عظمت قائم
رہ سکتی ہے؟ اور کیا جب تک مذہبی تعلیم کے پیمانے کو زیادہ بلند اور وسیع نہ کیا جائے
ہم دوسرے مذاہب کے مقابلے مین کام کرسکتے ہین؟

مجھے یہ سن کر ذرا بھی حیرت نہین ہوتی کہ اس قسم کی اصلاحی خیالات کی بناپر ندوہ
کے علماء پر اعتراض کیا جاتا ہے اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ مذہبی تعلیم کے نظام کو
درہم برہم کرنا چاہتے ہین کیونکہ ہمیشہ سے یہ دستور رہا ہے کہ جب کبھی انفرادی یا اجتماعی
حیثیت سے اصلاح کی کوشش کی جاتی ہے تو مخالفت کا غلغلہ بلند ہوجاتا ہے لیکن
کام کرنے والون کو اس شور وغل سے کبھی متاثر نہ ہونا چاہیے جب اُن کی محنت اور

کاوش کے عمدہ نتائج وثمرات ظاہر ہون گے تو لوگ خودبخود آمادہ اصلاح ہوجائین گے اور اُن کے مساعی جمیلہ کا اعتراف کرین گے

بزرگان ملت ؟ ابھی تک مین نے جوکچھ عرض کیا ہے اسکا تعلق زیادہ تر اس مذہبی نظام تعلیم سے ہے جس کو آپ نے سالہا سال تک غور وفکر کرنے کے بعد مرتب کیا ہے اور جسکے مطابق آپ ہندوستان مین مذہبی تعلیم کو رواج دینا چاہتے ہین لیکن یہ ناانصافی ہوگی اگر ہم آپ کے ان پاکیزہ خیالات ومساعی جمیلہ وحسنہ کا اعتراف نہ کرین جن کا تعلق علما کی اخلاقی اصلاح وخالص اسلامی تربیت سے ہے یعنی جس طرح آپ نظام تعلیم کو بدلنا چاہتے ہین اسی طرح آپ یہ بھی چاہتے ہین کہ علما کی وہ اخلاقی کمزوریان بھی دور کیجائین جنکی وجہ سے علما بدنام ہورہے ہین اور اب قوم پر اُن کا پہلا سا اثر واقتدار باقی نہین رہا۔ علماے کرام مجھے معاف فرمائین اگر مین یہ عرض کرون کہ علما جو ہماری قوم کے مقتدی ہین اور جن کو رہنمائی کا منصب حاصل ہے اگر وہ اپنے اخلاق وعادات اور اوضاع واطوار مین اسلامی تہذیب وشایستگی اور مذہبی تربیت کا بہترین ومکمل نمونہ نہ ہونگے تو ہم دوسرون سے جن کو یہ منصب حاصل نہین ہے کیا توقع رکھ سکتے ہین ؟ اور دوسری اقوام کے سامنے کیونکر اپنے علما پر فخر ومباہات کرسکتے ہین ؟

یہ امر باعث مسرت اوراطمینان ہے کہ علماے ندوہ کی دقیقہ سنجی نے اس نکتہ کو نظر انداز نہین کیا اور اُنھون نے منجملہ دوسرے مقاصد کے ایک مقصد رفع نزاع باہمی بھی قرار دیا۔ مین نے ندوہ کے لٹریچر مین اس لفظ کو بارہا پڑھا ہے۔ اور ندوہ کے ذمہ دار اراکین اورگذشتہ اجلاس کے محترم صدر نے اسکی تشریح وتوضیح کے طور پر جوکچھ بیان فرمایا ہے۔ وہ بھی میری نظر سے گذرا ہے حقیقت یہ ہے۔ کہ اگر ندوہ اس مقصد مین بہمہ وجوہ کامیاب ہوگیا۔ تو خیال کیا جائیگا۔ کہ مسلمانون کی سوتی ہوئی قسمت

جاگ اٹھی اور اُن کے ادبار و بدبختی کا دور ختم ہوگیا

حضرات ؟ علما کے باہمی اختلافات و نزاعات نے مسلمانون کو جس قدر ذلیل اور رسوا کیا ہے غیرت قومی مانع ہے کہ اس مجمع عام مین اس کا تذکرہ کیا جائے تمام ہندوستان خصوصًا علاقہ بمبئی مین بارہا ان نزاعات سے ناگوار نتائج پیدا ہوے جن مین عام مسلمانون کا روپیہ اور بیش قیمت وقت ضائع ہوا اور قومی رسوائی جو کچھ ہوئی ۔ وہ مزید بران ان واقعات نے عوام کو علما سے بدظن کردیا ہے وہ حیران ہین کہ کس کو قبول کرین ۔ اور کس سے انکار کرین ہر شخص علٰحدہ علٰحدہ صاحب فتوی ہے ۔ اور منصب رشد و ہدایت کا مدعی لیکن ہم کو خدا کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ سب سے پہلے ندوہ کے علما نے اس خرابی کو محسوس کیا اور اس کے لیے عملی طور پر کوشش کی اگرچہ ابھی یہ نہین کہا جا سکتا کہ ان نزاعات کا کلیۃً خاتمہ ہوگیا ہے تاہم اس مین شبہ نہین کہ حالات مین بہت کچھ تبدیلی ہوگئی ہے اور کم از کم ندوہ کے دائرۂ اثر مین توگویا ان نزاعات کا بالکل خاتمہ ہوگیا ہے چنانچہ ہم ہر سال تعجب و حیرت سے ندوہ کے پلیٹ فارم پر مختلف العقائد و مختلف المذاق علما کو مجتمع دیکھکر خدا کا شکر ادا کرتے ہین خصوصًا جب علما کے پہلو بہ پہلو جدید تعلیم یافتہ اصحاب اور ارباب وجاہت کو کام کرتے ہوے دیکھتے ہین تو ہماری حیرت اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ ندوہ مین کون سی طلسمی طاقت ہے جس نے ان مختلف الخیال اصحاب کو ایک پلیٹ فارم پر ایک مقصد کے لیے جمع کردیا ہے ۔

اے علمائے ملت ؟ آپ یقین کیجیے کہ ہم آپ کی ان تعلیمی و مذہبی خدمات سے بے خبر نہین ہین جو آپ حضرات نے ۔گذشتہ بیس پچیس سال کے اندر انجام دی ہین لیکن قلت گنجایش اُن کی تفصیل سے مانع ہے بااین ہمہ مین بیباکانہ عرض کرون گا کہ ابھی آپ کو بہت کچھ کرنا باقی ہے اگر آپ بلگام اور اس کے اطراف و جوانب کے

حالات کا تجسس کرین گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ یہان ایک بھی عربی درس گاہ نہین ہے اور نہ مذہبی تعلیم کا کوئی معقول انتظام ہے اور اس پر ستم یہ ہے کہ مسیحی مشنری حیرت انگیز طریقے سے اپنا کام کر رہی ہین اور بعض اوقات تو اس سلسلہ مین ایسے دلخراش واقعات پیش آجاتے ہین کہ ہم بے چین ہو جاتے ہین ضرورت ہے کہ یہان حفاظت و اشاعت اسلام کا باقاعدہ کام شروع کیا جائے امید ہے کہ آپ نے اس طرف توجہ فرمائی تو مقامی مسلمان حتی الامکان آپکی اعانت مین تامل نہ کرینگے خاتمۂ بیان پر مین دوبارہ مسلمانانِ بلگام کی طرف سے اس ناخوشگوار موسم مین آپکی زحمت فرمائی کا شکریہ ادا کرتا ہون

اے علماے کرام؟ سچے دل سے ہماری یہ دعا ہے اور دلی تمنا ہے کہ خدا آپ کو اس کا اجر دے کہ آپ ہم کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے آئے ہین آپ کے دل مین اپنی درماندہ قوم کے لیے درد ہے اور آپ ہم کو وہ پیام ربانی سنانے آئے ہین جو تیرہ سو برس پہلے خدا کے مقبول فرستادہ کی زبانی حجاز کی پہاڑیون پر سنایا گیا تھا جس نے دنیا کو دفعتًا خواب غفلت سے چونکا دیا تھا کیا ابھی وقت نہین آیا کہ مسلمان خداے قدوس کے اس پیام کے جواب مین لبیک کہین اور چشم عبرت سے دیکھین کہ اب ہماری بدبختی انتہا کو پہونچ چکی ہے اور اسلام اپنے فرزندون سے مطالبہ کر رہا ہے کہ اُس کے حقوق ادا کرین ورنہ مٹ جائین

اے علماے کرام اور مہمانان محترم مین آخر مین دوبارہ آپ سے درخواست کرونگا کہ اگر عدمِ واقفیت یا قلتِ بضاعت اور گرد و پیش کے حالات کی وجہ سے آپ کی خدمت گزاری و مہمان نوازی مین کچھ قصور ہوا ہو تو آپ معاف فرمائین اور صرف ہمارے خلوص محبت پر نظر رکھین ہماری دعا ہے کہ خدا آپ کو اپنے مقاصد مین کامیاب کرے اور سب مسلمانون کو اس نازک زمانہ مین اسلام کی سچی خدمت کی توفیق دے آمین

خطبہ کے اختتام پر جناب سیٹھ صاحب نے فرمایا! حضرات آپکو معلوم ہے کہ اس سال اجلاس ندوۃ العلماء کی صدارت کے لیے ارکان انتظامیہ نے بمشورہ جماعت استقبالیہ مولانا حاجی سر رحیم بخش صاحب کے سی آئی ای کو منتخب کیا تھا مجھکو نہایت افسوس کے ساتھ بیان کرنا پڑتا ہے کہ بعد انتظار بسیار ابھی جناب ممدوح کا تار موصول ہوا ہے کہ آپ لاہور تک تشریف لاکر راستہ کی مشکلات کی وجہ سے واپس گئے اور غالبًا پنجاب کے موجودہ حوادث اور فتنہ و فساد کی وجہ سے اس موقع پر آپ ریاست کو چھوڑ بھی نہین سکتے بہرحال ہم سب کو آپ کے تشریف نہ لانے کا سخت افسوس ہے، اب میری دعا ہے کہ خدا ہم کو اپنے مقاصد مین کامیاب کرے، اور آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھے

اب بعد مشورہ یہ قرار پایا ہے کہ مولانا موصوف کے اعزاز مین صدارت کی کرسی خالی رکھی جائے، اور چونکہ ابھی تک خطبۂ صدارت بھی موصول نہین ہوا ہے اسلیے مولانا سید سلیمان صاحب ندوی اسوقت تقریر فرمائینگے

چنانچہ مولانا سید سلیمان ندوی نے برجستہ ایک نہایت مفید و پر از معلومات تقریر فرمائی جو ایک گھنٹہ تک جاری رہی، ابتدا مین آپ نے جناب صدر کے تشریف نہ لانے پر اظہار افسوس کیا، بعد ازان مسلمانون کی قومیت، اور بعض مسائل اسلام کی حقیقت پر حکیمانہ طریقہ سے بحث کی، نیز اوائل اسلام کے تاریخی واقعات اور صحابہ کے حالات نہایت پر اثر طریقے سے بیان کیے، دنیا کے بعض مشہور رفارمرون کا آنحضرت صلعم سے موازنہ کرکے بتایا کہ جناب سرور کائنات بلکہ آپ کے اصحاب کبار کے مقابلے مین دوسرون کی کیا حقیقت تھی

اسی سلسلہ مین آپ نے ہمارے اسلاف کے عزم و استقلال اور حیرت انگیز اخلاقی جرأت کے متعدد تاریخی واقعات بیان کیے پھر موجودہ واقعات پر نہایت عبرت انگیز طریقے سے بحث کرکے سامعین کے دلون کو ہلا دیا چونکہ یہ تقریر بوجہ اپنی روانی کے مکمل طور پر قلمبند نہین کی جاسکی اس لیے ہم اس کو ناظرین تک نہین پہونچا سکتے

جناب صدر کا خطبہ دوسرے روز بذریعۂ ڈاک بلگام پہونچ گیا چونکہ جناب موصوف اجلاس کے باضابطہ صدر تھے اور آپکا کوئی دوسرا قائم مقام منتخب نہین کیا گیا اسلیے ہم حسب قاعدہ مولانا ممدوح کا خطبہ صدارت اس مقام پر درج کرتے ہین

# خطبۂ صدارت

## عالیجناب مولانا مولوی حاجی سر رحیم بخش صاحب بہادر کے سی۔ آئی۔ ای متعلق اجلاس ہیثر دہم ندوۃ العلماء منعقدہ ماہ اپریل ۱۹ سنہ ۱۹ء

## بمقام بلگام

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ۞

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ والصلوۃ

والسلام علی سیدنا ومولانا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

حضرات علمائے کرام و برادران ملت!

ندوۃ العلماء کے جلسہ کی صدارت بحیثیت اس کی اہمیت کے کسی ایسے بزرگ کو دیجاتی جو ہر طرح سے اس کا اہل ہوتا۔ مین حیران ہون کہ مین کس استحقاق سے اس مسند پر بیٹھنے کی جرات کرون لیکن بوجہ اس کے کہ یہ تعمیل ارشاد ہے مین آپ کے اس عطیہ کو نہایت شکر گذاری کے ساتھ قبول کرتا ہون اور اپنے دل کی تسلی اس خیال سے کرلیتا ہون کہ اللہ تعالے نے مجھکو حضرات علماء کے نفوس قدسی سے بہرہ اندوز ہونے کا موقع دیا ہے اور اس خدمت کو مین بحیثیت خادم قوم منظور کرتا ہون۔

## مسئلہ تعلیم مسلمانان ہند

انقلاب حکومت اور مغربی خیالات کی اشاعت نے ہندوستان مین مسلمانون کی مذہبی تعلیم

کے مسئلہ کو نہایت اہم اور پیچیدہ بنادیا ہو کیونکہ علمار کرام اور جدید تعلیم یافتہ لوگون مین ایسا اختلاف پیدا ہوگیا تھا جو خطرناک صورت اختیار کرتا جاتا تھا لیکن اللہ کا شکر ہے کہ جدید تعلیم یافتہ گروہ کے احساس مذہبی و جذبہ قومیت اور دینی دار العلوم کے روشنخیال علمار کی باخبری اور زمانہ شناسی نے ہم کو اس وقت اس قابل بنادیا ہو کہ مسلمانون کے لئے ایک ایسی تعلیمی سکیم مرتب کرین جوان تمام مشکلات کو حل کر دے حضرات اس مین ذرا شبہ نہین کہ نہ صرف مسلمانون کی بلکہ ہر قوم کی ترقی کا راز صرف مسئلہ تعلیم کے عمدہ طریقہ سے حل ہونے پر مبنی ہو اور ہمارا یہ اولین فرض ہے کہ فوراً اس کے حل کی تجویز سوچین حسن اتفاق سے علمار کرام مین ایک ایسا گروہ پیدا ہوگیا جو مسلمانون کی مختلف تعلیمی ضروریات کا احساس کرکے اس پر آمادہ ہوا کہ وہ اپنی قوم کے لئے ایک نظام تعلیمی مرتب کرے اور ادہر مغربی تعلیم یافتہ گروہ نے بھی اس ضرورت کو تسلیم کرلیا کہ مسلمان بغیر مذہبی تعلیم اور پابندی شریعت کے مسلمان نہین کہلا سکتے اس لئے یہ وقت ہو کہ ہم سب متحد ہوکر ایک ایسا نظام تعلیم تجویز کرین جو ہم کو دینی پابندی کے ساتھ دنیوی ترقی مین دیگر اقوام کے ساتھ دوش بدوش رکھے۔ ارکان ندوۃ العلمار و دیگر مذہبی دار العلوم کا اصلی مقصد یہ ہو کہ مذہبی علوم کی حفاظت وصیانت ترقی وبقا کے لئے ایک مختصر سی جماعت ایسی پیدا ہوجائے جس کا نصب العین صرف مذہب ہو جو جملہ مذہبی خدمات انجام دے سکے اور عامہ مسلمین کو اس مسلک پر قائم رکھے۔ کہ وہ ہر طرح کی تعلیم خواہ کسی زبان مین ہو حاصل کرے لیکن ان کی اسلامی تربیت ایسی کی جائے جوان کو اسلام کا سچا فرد بنائے اور ان مین مذہبی جذبات پیدا کرے ندوۃ العلمار کی جماعت اسی غرض سے قائم کی گئی

## ندوۃ العلما کی گذشتہ تاریخ

اسلام نے اپنی حقانیت سے ہمیشہ دنیا کے اوہام کو مٹایا ہے چنانچہ جب الحاد و زندقہ کا زور رہا اور فلسفہ یونان کے مسائل نے عام مسلمانون کے خیال مین تزلزل پیدا کیا تو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کو زاویہ عزلت و بادہ پیمائی چھوڑ کر سرگفتہ ہوکے اسلام کی خدمت کرنی پڑی اسی طرح ہر زمانہ

مین ایسے مردانِ خدا کفر و الحاد کا مقابلہ کرتے رہے جن کی ان تھک کوششون نے اسلام کو دنیا کے گوشہ گوشہ مین پہیلا دیا اس وقت فلسفہ یونان اگر پارینہ ہو چکا ہے تو اس کے بجائے فلسفہ یورپ اور سائنس کے مشاہدات اور ملاحدہ یورپ کے اوہام و مزعومات موجود ہین جو ہمارے نوجوانون کی قوت ایمانی کو متزلزل کر رہے ہین بالفرض اگر ان سب آفات سے ایمان بچ بھی جائے تو پھر مسیحی مشنریون کی جماعت سامنے آجاتی ہے جس نے حضرت رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات مقدس اور قرآن پاک کو اپنے اعتراضات کا نشانہ بنا رکھا ہے اگر ان سے نجات پائین تو پھر مورخین یورپ کی جماعت سامنے آجاتی ہے جس نے منگھڑت قصص کو واقعات کا جامہ پہنا کر مسلمانون اور ان کے آقا و پیغمبر کو (نعوذ باللہ) ایک خونخوار وحشی کی صورت مین دنیا کے سامنے پیش کیا قطع نظر ان کے ہمارے ہندی بھائی آریون کی جماعت ہے جو اسلام کی حقانیت کی سب سے منکر ہے اور پھر بدقسمتی سے عامہ مسلمین کی یہ حالت ہے کہ وہ شرک و بدعات اور اس ملک کی رسم و رواج مین ایسے پھنسے ہین کہ اسلامی حقائق کا ماننا ان کے لئے دشوار ہو جاتا ہے اس حالت کو دیکھکر ہمارے اکابر علمار نے ندوۃ العلمار کی ایک جماعت قائم کی جنھون نے سنہ ۱۳۱۱ھ مطابق سنہ ۱۸۹۳ء مین مدرسہ فیض کانپور کے جلسہ پر یہ خیال کیا کہ علمار کی ایک مجلس قائم کی جائے۔ چنانچہ ان حضرات کے نفوس کی برکات سے اپریل سنہ ۱۸۹۴ء مین یہ مجلس باقاعدہ طور پر قائم ہو گئی جس مین علاوہ علمار ہند کے حرمین شریفین کے علمار کی رائین بھی شامل تھین تمام حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس وقت بمشورہ علما منجملہ اور مقاصد کے دو اہم مقصد اس انجمن کے قرار دئے گئے

(۱) رفع نزاع باہمی

(۲) اصلاح نصاب تعلیم

اللہ کے فضل سے چونکہ یہ کام نیک اور پاک خواہش سے کیا گیا تھا۔ اس مین ایک حد تک کامیابی ہوئی جس کی تصدیق سال سنہ ۱۹۱۷ء کے اجلاس کے صدر جناب مولانا حبیب الرحمن خان

صاحب شروانی صدر المہام علوم مذہبی حیدرآباد نے اپنے فاضلانہ خطبہ صدارت مین ظاہر کی
رفع نزاع باہمی ایسا مشکل اور اہم مقصد ہے۔ جس کے حصول کے لئے ایک بڑا زمانہ چاہیئے
مگر اللہ کا احسان ہے کہ ندوۃ العلماء کو بہت تھوڑے عرصہ مین اس مین ایک حد تک کامیابی ہوئی
دوسرا مقصد یعنی اصلاح نصاب تعلیم ایسا اہم ہے کہ اس کے جلد حصول کی توقع نہین کی جاسکتی
مگر ندوۃ العلماء نے محرم ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۸۹۵ء مین اسکے متعلق ایک یادداشت لکھی جو شوال ۱۳۱۳ھ
مین منظور ہوئی۔ بعد ازان ۱۳۱۵ھ مطابق ۱۸۹۸ء مین دار العلوم کا ادنی درجہ لکھنؤ مین کھول دینے کا فیصلہ
ہوا اس قرارداد کے مطابق دار العلوم کیلئے شہر کے اندر مبلغ نو ہزار دو سو روپیہ کو ایک مکان خریدار کیا گیا اور جمادی الاول ۱۳۱۶ھ مطابق ۱۸۹۸ء مین
ادنی درجہ لکھنؤ مین کھول دیا گیا ۱۳۱۹ھ مین درجہ متوسط کھولا گیا ۱۳۲۲ھ انگریزی بطور زبان ثانی لازمی
کی گئی۔ اور ۱۳۲۷ھ مین درجہ تکمیل کا افتتاح ہوا۔ اسی سال ہر ہائنس سرکار عالیہ مدظلہا فرمانروائے
بھوپال نے نہایت فیاضی سے اپنی صہ ماہوار کی اعانت کو ما صہ ماہوار فرمادیا
اس زمانہ مین دار العلوم اس پیمانہ تک پہنچ گیا تھا کہ اب اس کی ضروریات کے لئے موجودہ عمارت
ناکافی تھی اس لئے شہر سے باہر ایک وسیع اور خوش منظر قطعہ کے حصول کی کوشش کی گئی
گورنمنٹ عالیہ صوبہ متحدہ نے ۳۲ بگہہ زمین عمارت دار العلوم کے لئے نہایت پر فضا موقع پر
عنایت فرمائی اور اس کے بعد نومبر ۱۹۰۹ء مین صہ ماہوار کی گرانقدر رقم سے ندوہ کی اعانت
فرمائی زمین حاصل ہوجانے کے بعد یہ سوال پیدا ہوا کہ تعمیر کے لئے روپیہ کیونکر فراہم کیا جائے مجھکو
یہ بیان کرنے سے خاص خوشی ہوتی ہے کہ جب اس کی اطلاع زبیدۂ وقت علیا حضرت جدہ ماجدہ
حضور حضرت نواب صاحب بہادر والئے بہاولپور کے کان تک پہنچی تو حضرت ممدوحہ مدظلہا نے اپنی
جیب خاص سے تعمیر دار العلوم کے لئے صہ ۵۰۰۰ نقد مرحمت فرماکر نہ صرف ارکان ندوۃ العلماء کو
بلکہ تمام مسلمانان ہند کو گرویدہ احسان فرمایا۔ اس عطیہ کے حاصل ہوجانے کے بعد ۲۸ نومبر ۱۹۰۸ء کو ہنر آنر
سر جان ہیوٹ بالقابہ لفٹننٹ گورنر ممالک متحدہ نے دار العلوم کا سنگ بنیاد نصب فرمایا جس پر عمارت
کا کام نہایت وسیع پیمانہ پر شروع ہوگیا۔ اور عمارت پر باوجودیکہ مبلغ ۸۸۰۰۰ صہ خرچ ہوچکا لیکن

تیس ۳۵ پنتیس ہزار روپیہ کی اور ضرورت ہی تاکہ تکمیل ہو جائے اس کے علاوہ دارالعلوم کے وسیع احاطہ اور قرب وجوار مین کوئی مسجد نہ تھی اس لئے ایک مسجد کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہی جو روپیہ کے لئے مسلمان بھائیون کی مدد کی محتاج ہی

مدرسہ مین دارالاقامہ (بورڈنگ ہوس) نہین تہا اگرچہ ہمارے بھائی مسلمانان مدراس کی فیاضی سے ۱۹ مئی ۱۹۱۱ع کو سنگ بنیاد رکھکر کام شروع کیا گیا۔ لیکن روپیہ کی اس کی تکمیل کے لئے بھی ضرورت ہی

ندوہ کے پاس ایک بڑا ذخیرہ نایاب اور شاندار کتابون کا ہے جو کرایہ کے مکان مین رکھی جاتی ہین اور ضرورت ہے۔ کہ احاطہ دارالعلوم مین ایک خوبصورت اور وسیع عمارت کتب خانہ کی بنجائے یہ سب ضروریات ایسی ہین جن کی تکمیل کے بغیر تعلیم و تربیت کا انتظام درست نہین ہو سکتا اور نہ بدون کافی سرمایہ کے موجودہ زمانہ مین تعلیم کے بہترین وسائل مہیا ہو سکتے ہین اور نہ بجز اسکے لائق و قابل اشخاص تعلیم کے واسطے میسر آسکتے ہین اس قسم کی تعلیم کی ضرورت ثابت ہو چکی ہے اور اس لحاظ سے یہ ضروری ہے کہ تمام ہندوستان مین کم از کم ایک دارالعلوم دینیات تو الیا ہو جو بہمہ وجوہ تکمیل ہو اور تعلیم و تربیت کے لئے پورا سامان اس مین موجود ہو حالانکہ ضرورت یہ ہے جیسا کہ ہمارے مخدوم و مکرم آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحیم صاحب نے سال گذشتہ مین فرمایا تھا کہ ایسے دارالعلوم ملک مین بہت کثرت سے ہونے چاہئین جو مسلمانون کی تعلیم دینی کے پورے کفیل ہون ندوہ کے ارباب حل و عقد نے مسلمانون کی خدمت کے لئے جو کچھ اُن سے ہو سکتا تہا کر دیا ہے اب ہمارا فرض ہے کہ اسے تکمیل کو پہنچائین

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فخر موجودات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ہماری ہدایت کے لئے بھیجکر ہم پر احسان فرمایا ہے اس کی شکر گذاری یہی ہو سکتی ہی کہ ہر شخص اپنی حتی الوسع ان امور دینی کی تکمیل مین دام درم سے پوری اعانت کرے اور نمونہ خلق محمدی بنجائے

سچے مسلمانون کی زندگی کا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ وہ اپنے افعال سے بنی نوع انسان کو فائدہ

پہنچائین اور اپنے مساعی سے وہ درجہ حاصل کرے جس کی طرف "رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ" مین اشارہ ہے ایک مسلمان کی زندگی ایسی ہونی چاہیئے کہ اس کو مآل کا خیال معاش پر مقدم رہے میرا یہ مطلب نہین کہ معاش کی طرف کم توجہی کی جائے بلکہ غرض یہ ہے کہ معاش مین ہمیشہ مآل کا خیال رہے بدقسمتی سے ہم مسلمانون کی عملی زندگی مین ایک ایسا رنگ آتا جاتا ہے جو معاشرت اسلامی سے ان کو دور کرتا جاتا ہے۔

ایک مسلمان کی شان تو یہ ہونی چاہیئے ؎

آنکس کہ ترا شناخت جان راچہ کند ∴ فرزند و عیال و خانمان راچہ کند

دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی ∴ دیوانہ تو ہر دو جہان راچہ کند

اسلامی زندگی کی اصلی غایت اپنے اعمال کو تابع احکام خداوندی کرنا ہے جس طرح مچھلی پانی کے اندر ہر طرف تیرتی پھرتی ہے لیکن پانی کے باہر اگر اس کی زندگی کا خاتمہ ہو جاتا ہے اسی طرح ایک مسلمان کی حقیقی زندگی بحر شریعت کے اندر رہنے مین ہے اور اس سے نکلنے مین اس کی موت ہے شریعت اسلامی مین کسب معاش حلال کی تاکید ہے خواہ وہ کسی پیشہ اور حرفہ مین ہو۔ الکاسب حبیب اللہ ہماری حالت نہ ہندوستان مین بلکہ تمام ممالک مین جہان مسلمان ہین نہایت خراب اور خستہ ہو گئی ہے اور اس کی وجہ صرف ایک ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ہم نے شریعت کی سچی پابندی کو چھوڑ دیا ہے اور ایسے کام کرنے شروع کر دئے ہین جو ہماری تباہی کے باعث ہون ان مجالس مین جمع ہو کر جب تک کہ ہم اپنی آئندہ زندگی کا ایک پروگرام نہ بنالین گے بڑا سخت اندیشہ ہے کہ ہماری حالت تمام دنیا مین ناگفتہ بہ ہو جائیگی اس لئے ہم کو سوچنا چاہیئے کہ ہمارا آئندہ پروگرام کیا ہے تعلیم یعنی وہ تعلیم جس کے ساتھ تعلیم دینیات شامل ہو نہی ایک چیز ہے جو ہم کو دنیا کی باقبال قومون کے پلیٹ فارم پر قائم رکھ سکتی ہے۔

تعلیم ایک درخت ہے جس کا نمو دیر طلب ہے اس کے نتائج کو ہم ہاتھون پر سرسون جما کر نہین دکھا سکتے اس مین بہت محنت اور توجہ درکار ہے۔ اور ہم کو بہت استقلال کے ساتھ اس درخت کی پرورش

کرنی چاہیئے جس کے نتائج یقینی ہین۔ جس مسلمان کی تربیت مذہبی طور پر ہوئی ہو وہ اخلاق محمدی کا نمونہ ہے۔ اسلام کے مشاہیر انہین اخلاق سے ممیز تھے اور ہر طرح کے مصائب و آفات کا وہ اسی تعلیم کی وجہ سے مقابلہ کرتے تھے اور اسی سچی تعلیم کی برکت سے اپنے اداے فرائض مین ہمیشہ مستقل تھے۔ مین رواجی تعلیم کا حامی ہون اور میرا یہ عقیدہ ہے کہ اگر مسلمان رواجی تعلیم نہ پائین تو ان کی معاشرت بہت ناقص رہجائیگی۔ لیکن ہان یہ ضرور کہون گا کہ ہماری خصوصیت اس مین ہی کہ ہم دنیوی تعلیم کے ساتھ اس قدر مذہبی تعلیم ضرور حاصل کرین جو ایک مسلمان کے لئے ضروری ہو میرا یہ بھی عقیدہ ہے کہ مسلمان طالبعلمون کو بطور زبان ثانی زبان عربی ضرور لینی چاہیئے کیونکہ علاوہ ایک مکمل زبان ہونے کے ہمارا سارا مذہبی لٹریچر اس زبان مین ہے اور اگر بجاے فارسی کے عربی زبان مخصوص کر لی جائے تو بہت وقت کی بچت ہو سکتی ہے ہمارے مذہبی دار العلوم جیسا کہ دار العلوم ندوہ اور دار العلوم دیوبند مین ایک ایسی سکیم تیار کر دینگے جو ہم کو رواجی تعلیم کے ساتھ مناسب مذہبی تعلیم کے قابل بنا دیگی ہم مدت سے ایک اسلامی یونیورسٹی کے خواہشمند ہین اس کے لئے ہم نے کافی رقم جمع کر دی ہے اور مین امید کرتا ہون کہ ہماری قوم اب بہت جلد اپنی یونیورسٹی حاصل کر لیگی جس کے ذریعہ سے ہم اپنا نصاب تعلیمی اسلامی ضروریات کے موافق مقرر کر سکین گے۔ تعلیم عقلی کے ساتھ تعلیم علمی اور تعلیم حرفت بھی ضروری ہین ہمارے ملک کے لوگ ٹکنیکل اور انڈسٹریل ایجوکیشن کی طرف متوجہ ہین گورنمنٹ عالیہ نے بھی ٹکنیکل اور انڈسٹریل تعلیم کی طرف خاص توجہ معطوف کر رکھی ہے تو مسلمانون کو بروقت اس کی طرف متوجہ نہ ہونا ان کے لئے نہایت خراب نتائج پیدا کریگا اسلئے ہم کو فوراً اپنی تعلیمی پروگرام مین عملی تعلیم جس پر معاش کا مدار ہے داخل کرنی چاہیئے۔ دنیا نے جہان ترقی کی ہے صنعت و حرفت ہی کی ہے ہماری پرانی صنعتین بچ جا سکے کہ اس مین اصلاح یا ترقی ہو ترک کی جا رہی ہین اور اس سوال کو جیسا کہ یہ مہتم بالشان ہے ہمین ہمیشہ زیر نظر رکھنا چاہیئے۔ اس مین شبہ نہین کہ صنعت و حرفت و تجارت مین ہم اپنی ہمسایہ قومون سے بہت پیچھے ہین اور اس کی وجہ یہ نہین کہ یہ افلاس کی وجہ سے ہو بلکہ اصلی وجہ ہماری بے احتیاطی اور اسراف ہی با اصول اور باقاعدہ تجارت

مین ہم پورے طور پر اپنے تئین نہین لگاتے اور ہمارے بڑے دولتمند اور مرفہ الحال بزرگ تجارت کو ایک ایسا پیشہ سمجھتے ہین جو ان کی شان کو گھٹاتا ہو۔ لہذا یہ بھی آپ صاحبان کی توجہ کے قابل ہے کہ صنعت وحرفت اور تجارت کی ضرورت کو لوگون کے ذہن نشین کرین۔

تعلیم کے متعلق عورتون کی تعلیم کا مسئلہ بھی ایک اہم مسئلہ ہے ہماری قوم مین جس کے مرد اور عورت کو حصول تعلیم فرض ہے۔ عورتون کو عمداً تعلیم سے محروم رکھا جاتا ہے۔ اسلام مین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے زیادہ اور کیا مثال ہوسکتی ہے جو حدیث کی راویہ ہین۔ جو لوگ عورتون کو تعلیم دینے مین مزاحم ہین وہ ایک بڑے سنگین جرم کے مجرم ہین۔ مردون کی طرح عورتین بھی انسان ہین۔ خدا کے احکام کی پابندیان ان پر بھی ہین۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ ان مین سے ہر ایک ایک مسلمان بیوی بننے کے لئے ضروری دینی تعلیم حاصل کرے۔ ان کی قابلیت مین داخل ہوگا کہ وہ اپنے خانہ داری کے حساب وکتاب کو منضبط رکھین۔ اس مین ان کی عزت ہوگی کہ وہ اپنی اولاد کے کپڑے سینے۔ کشیدہ نکالنے اور دیگر دستکاری کے کامون مین پوری ماہر ہون۔ ان کی یہ بھی قابلیت ہے کہ وہ کھانا پکانے۔ پکوانے اور کھلانے کے طرق سے پوری واقف ہون۔ اُن کے لئے یہ ضروری ہے کہ بچون کی پرورش مین وہ ثقیل اور ہضم چیزون کی تمیز رکھتی ہون۔ ان کی یہ خاص خوبی ہوگی کہ بچون کی تعلیم وتربیت وہ خود کرسکین اور وہ ابتدائی تعلیم جس مین بڑی عمر مین اکثر بچون کو زحمت اٹھانی پڑتی ہے اور بے دل ہوکر ترک تعلیم پر مجبور ہوتے ہین۔ آغوش مادر مین حاصل کرین۔ عورتون کے لئے یہ لازمی ہے کہ وہ خاوند کے اولاد کے اقارب کے ہمسایون کے اور سب سے اول خدا کے حقوق جو ان پر ہین پہچانتی ہون۔ ہم لوگون نے اپنی نادانی غفلت اور ہٹ دھرمی سے اپنی قوم مین تعلیم نسوان کو بہت نقصان پہنچایا ہے اب وقت ہے کہ تلافی مافات کی جائے۔ اور اس جلسہ مین اور آئندہ جلسون مین اور ہمیشہ کے میل ملاپ کے وقت ہم اس ضروری فرض کو اپنے دل مین رکھین کہ قوم کی اصلاح کے لئے ہر پہلو سے جہان وہ اصلاح طلب ہو اس مین عملی تدابیر اختیار کی جائین اور اس قوم کی مشین کے سارے پرزون کو اپنے اپنے مقام پر رکھکر چلایا جائے ایسا کرنے سے تائید

ایزدی ہمارے ساتھ ہوگی اور جو باتین اب ہم زبان سے کر رہے ہین وہ عملی طور پر ظہور
مین آکر ہماری مشکلات کو حل کر دینگی۔

# آیندہ کے لئے تدابیر

ارا کین ندوہ نے جو ان کا فرض تھا۔ ادا کر دیا۔ ایک شاندار دار العلوم قائم کر دیا۔ اور اس کے
لئے جتنے لوازم درکار ہین وہ سب پیش کر دیئے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس کو کس طرح چلایا جائے
اس مین شبہ نہین کہ اس کے چلانے کے لئے روپیہ کی ضرورت ہی اور وہ بھی کافی مقدار مین
روپیہ کا بہم پہنچانا قوم کا کام ہے۔ اگرچہ قوم ساری مرفہ الحال نہین ہی لیکن ہمارے بھائی خیرات
و مبرات مین دنیا کی سب قومون سے زیادہ پیشقدمی کرنے والے ہین بشرطیکہ ان سے کوئی لینے
والا ہو جس قدر خیرات کرنے کی عادی مسلمان بیویان ہین وہ کسی سے پوشیدہ نہین ذرا سی تحریک
مین وہ اپنے زیورات تک اللہ کی راہ مین دینے کو تیار ہو جاتی ہین۔ اور دینی معاملات کے علاوہ آمد
مین مردون سے مقدم ہوتی ہین۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے مسلمانون مین خیرات کا ایک مستقل طریقہ
قائم کر دیا ہے جس کا نام زکوۃ ہے اور اللہ کے بندے اسکے پابند ہین کہ ان کا مال۔ مال مزکی کہلائے
لیکن بدقسمتی سے اور دین کی طرف بے پرواہی کی وجہ سے ہمارے مردون مین اس فریضہ کی ادا کا
باقاعدہ احساس نہین۔ زکوۃ اکثر اپنے غیر مصرف پر خرچ ہوتی ہی اور جو اس کا اصلی مصرف ہی وہ محروم رہجاتا
ہے۔ بھنگڑ۔ ملنگ فقیری کے لباس مین اس خیرات کو جو اللہ نے قوم کی اصلاح کے لئے مقرر کی تھی
بھنگ۔ گانجے مین صرف کر دیتے ہین۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس مین قوم کی متفقہ کوشش سب سے زیادہ
درکار ہے وہ یہ کہ علماء اور امراء زکوۃ کی وصولی کو کسی باقاعدہ اصول پر قائم کرین اور پھر اس کا مصرف
تلاش کر کے اصلی مصرف پر وہ لگائی جائے۔ اگر ہر قصبہ اور گاؤن مین اس کا خاص انتظام نہ ہوسکے تو ہر ضلع
مین تو ضرور ایک بڑی معتمد علیہ انجمن ہونی چاہیئے جو مال زکوۃ کی وصولی اور خرچ اور اس کے حساب
کتاب کا پورا اہتمام رکھے اور اس کے مصرف اور خرچ کو سالانہ رپورٹون مین شایع کیا کرے۔

یہ اہتمام ہوجانیکی صورت مین یہ یقینی بات ہی کہ وہ غربا اور مستحقین جو دماغی لحاظ سے ایک اعلی فرد قوم ہین۔ اور معاش کی تنگی کی وجہ سے ان کا جوہر قابل ظاہر نہین ہوتا اس طریق عمل سے وہ قوم کی عزت و آبرو کا موجب بن سکتے ہین۔ اسی طرح مستطیع مسلمان لکھو کھا روپیہ کی خیرات کرتے ہین۔ لیکن اس کا حصہ ظاہری نمود و ناموری مین صرف ہوتا ہے اصلی مصرف اور واقعی خرچ اس کا بہت کم ہوتا ہے اگر ہمارے بھائی ایسی مجالس شوری بنا کر ان خیراتون کا اہتمام ان کے ہاتھون مین دین تو قوم کی حالت بہت جلد دنیوی اور دینی حیثیت سے درست ہوسکتی ہی۔ اب سوال یہ ہے کہ آیا اس وقت ہم مین ایسے لوگ ہین جن پر زکوۃ و خیرات کے حقیقی مصارف پر خرچ کرنے کا اعتماد ہو میرا جواب یہ ہے کہ ہین۔ گو بہت کم ہین لیکن جو ہین ہم انہین سے کیون کام نہ لین۔ ان کی نظیر اور تقلید سے اور اللہ کے بندے ان کے قدم بقدم چلنے والے بن سکتے ہین۔ بات صرف یہ ہے کہ کوئی آرگینی زیشن۔ کوئی ڈھانچہ کوئی طریقہ ہونا چاہیئے جو ہمیشہ جاری رہے اور ترقی پذیر ہوتا رہے۔

اکابر ندوۃ العلما اس تجویز پر غور فرمائین۔ اور وہ انشاء اللہ تعالی ایسا ضرور کرینگے اَلحُبُّ لِلّٰہ و البغض للّٰہ کی تعلیم مسلمانون کو اس کی صحیح معنون مین دیجائے اور جو کام ہی ہو اس مین نیت حصول ثواب کی ہو کسی ناموری اور حب جاہ کے لئے نہ ہو طبقہ علما نے اپنا کام شروع کر رکھا ہے اور جو امانت الہی ان کے پاس ہے وہ اس کے پہنچانے مین دریغ نہین کرتے ہم کو اب چاہیے کہ ان کو دنیوی تفکرات سے بالکل فارغ البال کردین۔ اور پھر وہ دلجمعی کے ساتھ اسلام اور مسلمانون کی خدمت کرتے رہین۔ جس قدر توجہ تعلیم کی طرف درکار ہے اس سے زیادہ صنعت و حرفت و تجارت کی طرف درکار ہے جن لوگون کو اللہ تعالے نے یہ قابلیت اور کمال دیئے ہین وہ بالکل خلوص کے ساتھ اپنی درماندہ قوم کو قعر ذلت سے نکالکہ مشروع حرفت پر لگائین اور ممنوع پیشون سے بچائین ہمارا قومی جوش اور حب اسلامی صحیح اور واقعی ہونا چاہیئے ہانڈی کے ابال جیسا جوش نہ ہونا چاہیئے سرسید صاحب مرحوم ہمارے اس فوری جوش کی شکایت کرتے ہوئے مدت العمر سر پیٹتے رہے لیکن افسوس ہی کہ ان کو اپنی زندگی مین قوم کی اس بیداری کی مسرت نہ ہوئی جو مرحوم کی لیڈر شپ سے اب ظہور پذیر ہو رہی ہے

ہم اور آپ سب ملکر دعا کریں کہ جو کام ہماری قوم نے شروع کئے ہیں وہ سب مکمل ہو جائیں تاکہ دنیا معلوم کر لے کہ قوم زندہ ہے

اسلامی یونیورسٹی قائم کرنے کے لئے ہم کو کم از کم ہر ضلع میں ایک ایک مکمل ہائی سکول اور ہر صوبہ میں ایک ایک اسلامیہ کالج اور اسی طرح ان کے ساتھ ٹکنیکل اور انڈسٹریل انسٹی ٹیوشنس جہاں بہترین طریق پر قائم ہو سکیں بنانے چاہئیں اور ان سب میں ایک مستقل دینی شعبہ کھولا جائے اس وقت ہم بحیثیت قوم دنیا میں رہنے کے قابل ہو سکتے ہیں ورنہ خدانخواستہ ان نتائج کے پیش آنے کا خطرہ ہے۔ جو اللہ دشمن کو نہ دکھلائے۔

(حالی) یہ غفلتیں مبادا اب روز بد دکھائیں ؛ دھندلے سے کچھ نشان ہیں ڈر ہے کہ مٹ نہ جائیں

برادران! یہ جو کچھ میں نے بیان کیا ہے یہ نرے خیالات ہی خیالات ہیں ان کو عملی جامہ پہنانا ہم سب کی متفقہ کوشش کا نتیجہ ہوگا۔ میں اللہ کا شکر کرتا ہوں کہ آپ صاحبوں میں جوش ایمان موجود ہے کہ اسلامی مجالس کے جلسے سالانہ جنوبی ہند میں کرانے کے آپ عادی ہو گئے ہیں اور پختگی ایمان کی علامت ہو اس کی وجہ سے قومی معاملات پر بحث کرنے اور ملنے جلنے کا ایک موقع مل جاتا ہے۔ میں دعا کرتا ہوں اور آپ میرے ساتھ اس میں شریک ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہماری دینی اور دنیوی حالت کو ترقی کی معراج تک پہنچائے۔ اور آپ کی تقلید سے ملک کے اور صوبجات میں حب قومی کی حقیقی تحریک پیدا ہو اور ہماری یہ زبانی کارروائیاں عملی صورت میں ظاہر ہوں اس کے ختم کرنے سے پہلے میں آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھکو اس انجمن میں حاضری کی عزت بخشی۔ پاک پروردگار مجھکو اور آپ کو ان اہم امور کی تکمیل کی قدرت دے۔ مولانا مولوی حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء کے متواتر ارشادات کو میں رد نہ کر سکا۔ ورنہ میں سخت محجوب ہوتا ہوں کہ اس علماء و صلحاء کے جلسہ کی صدارت کی کرسی پر مجھ جیسا ایک عامی بیٹھے بہرحال میں حضرت ممدوح کا اور آپ سب صاحبان کا مشکور ہوں کہ اس خدمت کے لئے آپ نے مجھ کو عزت بخشی۔

ندوۃ العلماء کی عمارت۔ اس کی مسجد اس کا دارالطلباء اور کتب خانہ سب ہم سے اپیل کر رہے ہیں کہ ہم

ان کو اسلامی شان کے موافق بنا کر دکھائیں۔ آپ صاحبان کو اس جلسہ کی کارروائی سے معلوم ہو جائے گا کہ ندوۃ العلما نے قوم کی کس قدر خدمت کی ہے۔ اور ایک کیسی اعلیٰ اور جدید جماعت قوم کی دینی خدمت کے لئے تیار کی ہے جو درحقیقت فخر قوم ہیں اور جن کی تعظیم و تکریم اور خدمت ہم سب پر واجب ہے

والسلام علے من اتبع الھدیٰ و علے عباد اللہ الذین اصطفٰے

بہاولپور — خاکسار رحیم بخش

۱۲۔ اپریل ۱۹۱۱ء — پریزیڈنٹ کونسل آف رجنسی ریاست بہاولپور

ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ مذکورہ خطبہ صدارت بروقت موصول نہیں ہوا اس لئے جو وقت خطبہ کے لئے مخصوص تھا وہ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کو دیا گیا مولانا کی یہ تقریر اجلاس کے آخر وقت تک جاری رہی اور ۱۰ بجے آپ کی تقریر پر ندوہ کا پہلا اجلاس ختم ہوا

# سہ پہر کا اجلاس

۵ بجے سے ۷ بجے تک

۵ بجے سہ پہر کا اجلاس شروع ہوا جناب ناظم صاحب ندوۃ العلما نے ندوۃ العلما کی سالانہ آمدنی و صرف کا گوشوارہ پڑھکر حاضرین کو سنایا اور جناب مولوی حاجی غلام محمد صاحب شملوی نے ندوۃ العلماء کی سالانہ مفصل رپورٹ منجانب جناب ناظم صاحب نہایت بلند و صاف لہجہ میں پڑھکر سنائی۔ جو حسب ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وصلی اللہ علے سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

جناب صدر انجمن و معاشر المسلمین!

خدا کا شکر ہے کہ ہم سب آج پھر ایسے کام کے لئے یہاں مجتمع ہوئے ہیں جس میں ذاتی اغراض و مصالح کو دخل نہیں خداوند برحق کے فضل و کرم پر بھروسہ کر کے اعلاء کلمۃ اللہ کو ہم نے اپنا

مطمح نظر بنایا ہے اور مذہب اسلام کے منور چہرہ سے ظلمت جہل کو دفع کرنے کے لئے علوم اسلامیہ کے احیاء اور اس کی ترقی کو ہم نے اپنا قبلہ ہمت قرار دیا ہی۔

اسقدر مسلمانون کا دور دراز مسافت کو طے کرنا اور دنیوی اغراض و مقاصد کو پس پشت ڈالکر صرف خدا کے واسطے اسکے سچے مذہب کی حمایت اور علوم اسلامیہ کی خدمت کے واسطے مجمع ہونا بلاشبہ اس قابل ہے کہ ان پر خدا کی برکت اور رحمت نازل ہو اور ان سب کی یکدلی و یکجہتی ہمارے عقدہائے سربستہ کے کھولنے مین مدد دے اور ہمارے بگڑے ہوئے کامون کو درست کر دے وما ذلک علی اللہ بعزیز

آسمان سجدہ کند سوئے زمینے کہ درو یکدو کس یکدو نفس بہر خدا بنشینند

ہم سب آج اس مقام پر مجتمع ہین جو مدت دراز تک مسلمانون کی علمی و تمدنی ترقیون کا گہوارہ رہچکا ہے کیا کوئی شخص موجودہ حالات پر نظر رکھتے ہوئے اس بات کو باور کرسکتا ہے کہ کسی زمانہ مین علما و مشائخ اور یہان کے قدردان حاکمون نے علوم و فنون کی خدمت مین قیمتی حصہ لیا ہے. غیرون کو جانے دیجئے خود ہم کو بھی اس قحط الرجال کو دیکھکر اپنے گزشتہ خدمات مین شبہ ہو جاتا ہے اگرچہ فرمانروایان دہلی اور سلاطین بہمنیہ دکن کے کارنامے (اس ملک کے سود و بہبود کے متعلق) ہماری آنکھون کے سامنے نہین ہین اور امتداد زمانہ نے ان پر جہالت کا پردہ ڈال دیا ہے مگر کل کی بات ہو کہ شاہان بیجاپور کی ہنرپروری اور علم دوستی نے اس سرزمین کے ایک ایک ذرہ کو رشک آفتاب بنا دیا تہا، سنسان جنگلون کو سرسبز باغات اور سربفلک کشیدہ عمارتون سے تبدیل کر دیا تہا۔ درندون کی جگہ آدمی بسائے تھے اور اسی بلگاون کو جو ایک غیر معروف گاؤن تھا آباد اور پررونق شہر بنا دیا تہا، نواب اسد خان لاری کے نام سے اب بہت کم لوگ واقف ہون گے وہ اور اس کی اولاد زمانہ دراز تک شاہان بیجاپور کے سایہ عاطفت مین بلگام کے جاگیردار کی حیثیت سے اس سرزمین پر فرمانروائی کرتے رہے ہین۔

بلگام کا عالی شان قلعہ (جسکے ٹوٹے پھوٹے کھنڈر اب تک باقی ہین) اسی اسد خان نے

سنہ ۸۹۱ھ مین یوسف عادل شاہ بیجاپوری کے حکم سے تعمیر کیا تہا اس کا اصلی نام خسرو تھا۔ سنہ ۹ ھ مین بیجاپور کے محاصرہ کے وقت خسرو نے ایسے کارنامے دکھائے کہ اس کے صلہ مین اسمٰعیل عادل شاہ نے اسد خان کا خطاب اور بلگام اس کی جاگیر مین عنایت کیا علاوہ علمی قابلیت کے اسد خان مین دانشمندی، فراست، سخاوت، شجاعت اور تمام اخلاق حمیدہ خدا نے مجتمع فرمائے تھے تینتالیس ۴۳ برس تک اُس نے شاہان بیجاپور کی وزارت و وکالت کے فرائض انجام دیئے اور اپنی سیر چشمی و فیاضی تدبر و دانشمندی سے بلگام کو بڑے بڑے متمدن شہرون کا ہمسر کر دیا۔ اس کے فیلخانہ مین تین سو ہاتھی اصطبل مین عربی و ایرانی چار سو گھوڑے اور اسی ملک کی نسل سے اس سے بھی زیادہ رہتے تھے اس کا دسترخوان نہایت وسیع تہا، ہزارون آدمی ہر روز اسکے خوان کرم سے بہرہ اندوز ہوتے تھے ارباب کمال سے اس کی مجلس ہمیشہ بھری رہتی تھی اور اس کی ہنر پروری اور سیر چشمی کے افسانے دور دور سے علما و مشائخ کو کھینچ کھینچ کر بلگام لاتے تھے قابل اور فاضل لوگون کے اجتماع سے یہ سرزمین مدتہائے دراز تک مرکز علم رہی

یاد تھین ہم کو بھی رنگا رنگ نقش آرائیان  لیکن اب نقش و نگار طاق نسیان ہوگئین

عالمگیر مرحوم نے بیجاپور کو فتح کرنے کے بعد بلگام کو سنہ ۱۰۹۷ھ مین ممالک محروسہ مین شریک کر لیا چونکہ بلگام کا قلعہ شاہزادہ محمد اعظم نے فتح کیا تہا اس مناسبت سے اس کا نام اعظم نگر قرار پایا نواب سیف خان اسکے قلعہ دار مقرر کیے گئے۔ چند دنون کے بعد چین قلیج خان (نواب آصف جاہ اول) بیجاپور کے صوبہ دار مقرر ہوئے اور نواب سیف خان نے ان کی نیابت پر ترقی پائی اور تقریباً سنہ ۱۱۱۶ھ مین صوبہ کا نظم و نسق بالاستقلال ان کو حاصل ہوگیا،

بلگام مین نواب اسد خان لاری کا مقبرہ ہمیشہ زیارت گاہ خلائق رہا ہے علاوہ اسکے بہت سے علما و سادات اس سرزمین مین مدفون ہوئے ہین جن کی تفصیل کا یہ محل نہین صرف ایک ایسے بزرگ کا مین نام لینا چاہتا ہون جو اپنے زمانہ کے مشائخ مین ممتاز درجہ رکھتے تھے وہ حضرت شیخ عمر بن عبداللہ باشیبان خضرمی کا وجود گرامی ہے سلسلہ مین عیدروسیہ سے ان

کا تعلق تھا۔ بلگام مین ان کو جاگیر ملی، عرصہ دراز تک ہدایت وارشاد کے فرائض انجام دیتے رہنے کے بعد ۱۲۶۶ھ مین وفات پائی اور بلگام مین مدفون ہوئے

اس سامعہ خراشی کا مقصد یہ ہے کہ آپ اس بات پر غور کرین کہ آپ کا ماضی کیا تھا اور حال کیا ہے یہ آپ ہی بتا سکتے ہین کہ بلگام کے مسلمانون کی مردم شماری کیا ہے اور ان مین تعلیم یافتہ کتنے ہین اور علوم و فنون سے بے بہرہ کس قدر

مجھے صرف اتنا معلوم ہے کہ آپ نے فرض کفایہ کے ادا کرنے کے لئے اپنے ابنائے وطن مین سے صرف ایک لڑکا دارالعلوم کو عنایت فرمایا تھا اور افسوس ہے کہ وہ بھی وہان کی تعلیم سے متمتع نہین ہو سکا لیکن اے باشندگان اعظم نگر! آپ کو غور کرنا چاہیئے کہ کیا وہ فرض جو آپ کے ذمہ واجب الادا تھا اس سے ادا ہو گیا؟ قرآن کریم کی آیہ کریمہ فلولا نفر من کل فرقۃ طائفۃ لیتفقھوا فی الدین پر غور کیجئے اس کے بعد میرے سوال کا جواب دیجئے۔

# یاد رفتگان

گذشتہ چار پانچ سال کا زمانہ جس طرح تمام اقوام و ملل کے لئے پر آشوب و ہلاکت آفرین تھا اسی طرح مسلمانون کے لئے۔ چنانچہ اس عالم رستخیز مین ملت اسلامیہ کے ہزارون گوہر درخشندہ تہ خاک ہو گئے اور جو زندہ ہین ان کی یہ حالت ہے کہ زمانہ ان کو ماتم کرنے کی بھی فرصت نہین دیتا، اور ماتم بھی کیجئے تو کس کس کا ماتم کیجئے حالت تو یہ ہے کہ

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

سالہائے گذشتہ کی انقلاب انگیزیون نے جتنی قیمتی ہستیون کو فنا کیا ہے اگر فرداً فرداً اُن پر اشک باری کی جائے تو سارا وقت اسی کی نذر ہو جائے، اسلئے ہم صرف ندوہ کے دائرہ کے اندر آتے ہین اور دیکھتے ہین کہ یہان کیا گذرا اور پچھلا سال ہمارے لئے کیسا رہا اس وقت ہماری آنکھین ان دیرینہ احباب کو ڈھونڈتی ہین جو ہمیشہ سے ہمارے دست و بازو تھے اور ہمارے

ساتھ ملکر کام کرتے تھے، لیکن افسوس کہ یہان بھی ہم کو صف ماتم بچھی ہوئی نظر آتی ہے کیونکہ اس سال ہم نے ندوہ کے ایک مقدس و محترم رکن مولوی قاری عبدالسلام صاحب کو کھو دیا جو نہایت پاکیزہ سیرت اور صاحبدل بزرگ اور جناب قاری عبدالرحمن صاحب محدث پانی پتی کے خلف الرشید تھے آپ ۵ اکتوبر ۱۹۱۸ء (۲۹ ذی الحجہ) کو ہم سے جدا ہو گئے اور ہم آپ کے فیوض و برکات سے محروم رہ گئے۔

ابھی مولانا کی وفات پر ہماری آنکھین اشک آلود تھین اور دل اندوہ گین کہ اسی ماہ اکتوبر مین ندوہ کے ایک دوسرے محترم رکن نواب حاجی محمد اسحاق خان صاحب کی خبر وفات نے ہم کو اور شکستہ دل کر دیا مرحوم کی ذات ایسی قیمتی تھی کہ ان کی وفات سے نہ صرف ندوہ کو نقصان پہنچا بلکہ قوم نے اپنے ایک راستباز رہبر کو ہمیشہ کے لئے کھو دیا۔ نواب صاحب مغفور دہلی مرحوم کی قدیم تہذیب و شائستگی اور اسلامی حسن اخلاق کا ایک عمدہ نمونہ تھے۔

افسوس کہ ندوہ کے حلقہ مین یہ غمناک موت آخری نہ تھی بلکہ جب ہم اجلاس بلگام کی شرکت کے لئے اپنے محترم ارکان و معاونین کو پیام دعوت روانہ کر رہے تھے تو ناگاہ ہم کو جناب مرزا ظفر اللہ خان صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پشاور کی خبر وفات پہنچی جو علاوہ علمی قابلیتون کے زمانہ قدیم کی تہذیب و شائستگی کے اعلیٰ نمونہ تھے اور ندوۃ العلماء کے ساتھ ان کی دلاویزی دوسرون کے واسطے ہمیشہ قابل تقلید سمجھی جاتی تھی تقریباً پندرہ سال تک وہ رکن انتظامی رہے تھے اور ہمیشہ عملی کامون مین حصہ لیتے رہتے تھے ان کی وفات سے ندوۃ العلما نے ناقابل تلافی نقصان اٹھایا ہے بجز صبر چارہ کار کیا ہے اس لئے ہم کو صبر کرنا چاہیئے اور دعا کرنا چاہیئے کہ خدا ان بزرگون کی مغفرت کرے اور ان کی روح پر برکت نازل فرمائے کیونکہ ان بزرگون کی مخلصانہ خدمات نے ہمیشہ مسلمانون کو فائدہ پہنچایا ہے

## ہجوم مشکلات اور ہماری کام کی حالت

اس داستان غم کے بعد یہ کہنا ہے کہ ہمارے مصائب صرف اسی پر محدود نہ تھے کہ اس سال ہم نے

مین غمگسار رفیق اپنے ہاتھ سے کہو دئے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ سال ندوہ کے لئے ابتدا ہی سے مشکلات و مصائب کا ایک طوفان اپنے ساتھ ساتھ لایا یعنی جب ہم گذشتہ اپریل مین اجلاس ناگپور کے بعد پنڈال کے باہر نکلے اور اجلاس کی غیر معمولی مصروفیت و انہماک کے بعد ہوش و حواس بجا ہوئے تو ہم نے ہندوستان کو اس حالت مین پایا کہ وہ متزلزل ہو رہا تھا جنگ کی شدت اپنے انتہائی نقطہ تک پہنچ چکی تہی اور قحط کے آثار ہر طرف نمایان تھے اور عام طور پر پریشانی تہی ہندوستان ابہی اسی عالم اضطراب مین تہا کہ آخر کار قحط اپنی پوری شدت کے ساتھ ظاہر ہوا اور دوسری طرف انفلوانزا نمودار ہوا اب ظاہر ہے کہ ایسی حالت مین باطمینان اور فراغت کا کام کرنا اور کسی تحریک یا تجویز پر باقاعدہ عمل کرنا سخت دشوار تہا۔ اسی طرح مالی وسائل کو ترقی دینا بھی تقریبًا ناممکن تہا حالت یہ تھی کہ ہمارے وکلا اگرچہ ملک مین دورہ کر رہے تھے لیکن بعض کو تو صبح سے شام تک بجز نماز جنازہ پڑہانے کے اور کچھ کام نہ تھا ایسی حالت مین چندہ مانگنا اور روپیہ فراہم کرنا کیونکر ممکن تہا جبکہ ہر شخص مصائب مین مبتلا تھا اور کسی کو سر و پا کا ہوش نہ تہا۔

غرض ان مشکلات و موانع نے ہم کو نہایت پریشان کر دیا تہا تاہم کام بدستور چلتا رہا اور یہ خوفناک زمانہ ایسی حالت مین گذر گیا کہ ہم کو نہ تو کسی کام کے لئے قرض لینے کی حاجت ہوئی اور نہ کوئی کام بند کرنا پڑا۔

## جلسہائے انتظامیہ وغیرہ

اس سال مجلس انتظامی کے دو اور مجلس نظامت کے پانچ جلسے منعقد ہوئے۔ مجلس انتظامی کا درمیانی جلسہ بوجہ انفلوانزا ملتوی رہا مجلس نظامت کے جلسون مین حسب معمول وہ امور پیش ہوتے رہے جن کا تعلق روزمرہ کے معاملات یا اندرونی انتظامات سے ہے مثلًا طلبا کی انعامی اسکیم کرایہ کا مکان لینے کی تجویز، ملازمین کا الاؤنس گرانی وغیرہ، اور مجلس انتظامی منعقدہ ۲۸ ستمبر ۱۹۱۸ء مین۔

(۱) گذشتہ جلسہ انتظامیہ کی کارروائی بغرض تصدیق پیش ہوئی

(۲) مختلف صوبجات سے جدید ارکان کا انتخاب ہوا اور ہم کو مسرت ہے کہ بہترین انتخاب عمل مین آیا

(۳) اعلیحضرت نظام خلد اللہ ملکہ کے مسئلہ خطاب کے متعلق بعض ضروری امور طے ہوئے

(۴) دعوت نامہ اجلاس بلگام پیش ہو کر منظور ہوا

دوسرا جلسہ ۳۰ مارچ کو منعقد ہوا جس مین تخمینہ آمد و صرف بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء پیش ہو کر پاس ہوا

## تعمیرات

افسوس ہے کہ گذشتہ سال سے تعمیر کا مال مصالحہ اور مزدوری اسقدر گران رہی اور بعض جدید سرکاری تعمیرات نے اس گرانی مین اسقدر اضافہ کر دیا کہ مقامی ارکان کے مشورہ سے تعمیر کا کام بالکل بند کرنا پڑا البتہ تعمیر کے سلسلہ مین صرف ایک پختہ کنوان تیار ہو سکا جس کا گذشتہ رپورٹ مین ذکر کیا گیا تہا اور جس کے لیے ایک فیاض مسلمان نے معقول رقم عنایت کی تہی تعمیر کے متعلق کوئی مستقل طریق کار انشاء اللہ اس سال طے پائیگا۔

## ترتیب کتبخانہ

ندوۃ العلماء کے کتبخانہ کے متعلق سالانہ اجلاس کے موقع پر بارہا تذکرہ کیا گیا ہے کہ ہمارا کتب خانہ اپنی بعض خصوصیات و تعداد کتب کے لحاظ سے تمام صوبہ مین ممتاز ہے اور اس مین بعض ایسی نادر الوجود کتابین ہین جو تمام ہندوستان مین کہین نہین مل سکتین چونکہ اس کتب خانہ مین آہستہ آہستہ سال بسال اضافہ ہوتا رہا اور ابتدا مین فہرستین جدید اصول پر مرتب نہین کی گئین اس لئے سنہ ۱۹۱۷ء مین کتب خانہ کے جائزہ اور حسن ترتیب کی ضرورت محسوس ہوئی اور بعد منظوری ارکان انتظامیہ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء سے ترتیب کا کام شروع کر دیا گیا ابتدا مین خیال تہا کہ یہ کام جلد ختم ہو جائیگا مگر اُس نے اندازہ سے زیادہ طوالت اختیار کی چنانچہ کام کا سلسلہ

اب تک جاری ہے اس کام کی نوعیت اور طریق ترتیب کے متعلق گذشتہ رپورٹ میں مفصل تذکرہ کیا جاچکا ہے ۱۹۱۸ء میں ماہ مئی تک ترتیب کا کام جاری رہا۔ اور جون جولائی میں بوجہ تعطیل سالانہ کام ملتوی کیا گیا۔ اگست ۱۹۱۸ء میں بوجہ سابق مرتب کے چلے جانے کے یہ کام مولوی سید علی محسن صاحب ندوی کے متعلق کیا گیا جو اس وقت تک جاری ہے سابق مرتب نے مئی ۱۹۱۸ء تک مختلف علوم و فنون کی ۲۶۵۵ کتابیں ترتیب دیں اور موجودہ مرتب نے اگست ۱۹۱۸ء سے آخر مارچ تک ۲۱۳۵ کتابیں مرتب کیں اس لحاظ سے اب تک ۴۷۰۰ کتابیں ترتیب پاچکی ہیں۔

اب کل پانچ فن ترتیب کے لئے باقی ہیں جن میں قدیم فہرست کے لحاظ سے ۸۸۲ کتابیں ہیں۔ اس کے علاوہ تخمیناً ۴۰۰ ایسی کتابیں ہیں جو کسی فن کے مرتب ہوجانے کے بعد برآمد ہوئیں یا آئندہ برآمد ہونے کی توقع ہے اس حساب سے اندازاً ۱۲۸۲ کتابیں ترتیب کے لئے باقی ہیں۔ اس تعداد میں وہ کتابیں محسوب نہیں ہیں جو جلد بندی میں شامل ہیں کیونکہ قدیم فہرستوں میں ان کے اعداد ظاہر کرنے کا التزام نہ تھا۔

ترتیب کا کام مکمل ہوجانے پر جب اس کی مفصل رپورٹ تیار کیجائے گی اس وقت پبلک کو معلوم ہوگا کہ ندوہ کے کتب خانہ میں کیسی گرانبہا اور نادر الوجود کتابیں موجود ہیں، اور اسی وقت ہم یہ بھی بتاسکیں گے کہ اس کتب خانہ کو اعلیٰ پیمانہ پر پہنچانے کے لئے کیا تدابیر اختیار کی جائیں لیکن اس قدر اس موقع پر بھی عرض کرنا ناموزون نہ ہوگا کہ اس قسم کے قومی کتب خانوں کی ترقی زیادہ تر ارباب تصنیف اور علم دوست احباب کی توجہ پر منحصر ہے ہمارے ملک میں بفضلہ تعالے اب علوم و فنون کا سرمایہ وسیع ہوتا جاتا ہے اور ہر سال سیکڑوں جدید کتابیں طبع ہوکر شایع ہوتی ہیں اگر مصنفین اور اہل مطابع ان مطبوعات سے ندوہ کے کتب خانہ کو بہرہ اندوز فرمائیں تو ہمارا کتب خانہ موجودہ مطبوعات سے مالا مال ہوجائے

اس کے علاوہ ابھی ملک میں جابجا ہزاروں قدیم کتابیں اور چھوٹے بڑے ذاتی کتب خانے

موجود ہین جو کیڑون کی نذر ہو رہے ہین اور ان سے کوئی متمتع نہین ہوتا۔ ظاہر ہے کہ ان کا بہترین مصرف یہی ہو سکتا ہے کہ وہ کسی معتبر و مشہور کتب خانہ مین شامل کر دیئے جائین جہان ان کی حفاظت کا کافی سامان موجود ہو اور اہل علم متمتع ہون۔

ہم کو نہایت افسوس سے ظاہر کرنا پڑتا ہے کہ پبلک کی ناقدردانی کی وجہ سے اس سال ہمارے کتب خانہ مین کوئی معقول اضافہ نہ ہو سکا اور صرف دس کتابین بطور عطیہ کتب خانہ کو حاصل ہوئین اور ۱۲ کتابین ندوہ نے خود خرید کر کتب خانہ مین داخل کین اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہین کہ یہ اضافہ اس قابل نہین ہو کہ اس کا تذکرہ کیا جاتا۔

# ترتیب نصاب مکاتب

گذشتہ اجلاس ناگپور کے بعد یہ تجویز پیش اُٹھی کہ ابتدائی تعلیم کو عام کیا جائے اور اس مقصد کے لئے جابجا ابتدائی مکاتب قائم کئے جائین لیکن ضرورت تھی کہ ان ابتدائی مکاتب کیلئے پہلے ایک مفید و کارآمد نصاب مرتب کیا جائے یعنی ایسی کتابین ترتیب دی جائین جو ہر حیثیت سے ابتدائی اسلامی مکاتب کے لئے موزون و مناسب ہون تاکہ یہ کتابین تمام ملک مین مسلمان بچون کی ابتدائی تعلیم کے لئے استعمال کی جائین اگر ہم اس سال اس کوشش مین کامیاب ہو جاتے تو بے شبہ یہ نہایت مفید خدمت ہوتی لیکن افسوس کہ بوجہ ان مشکلات و موانع کے جن کا تذکرہ اوپر ہو چکا ہے یہ کام انجام تک نہ پہنچا یعنی اردو کا قاعدہ اور بعض رسائل تیار تو کئے گئے لیکن نہ تو ان پر نظر ثانی ہو سکی نہ طبع کی نوبت آئی امید ہے کہ انشاء اللہ اس سال ہم اس کام کو ختم کر سکین گے اور ایک ایسا نصاب مرتب کر سکین گے جو ملک مین مقبولیت حاصل کریگا

# خطاب اعلیٰحضرت

گذشتہ سال کے متعلق مجلس ندوۃ العلماء کا ایک کارنامہ یہ ہے کہ اس نے مسلمانان ہند کے

قائم مقام کی حیثیت سے ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کرکے اعلیحضرت نظام دکن خلد اللہ ملکہ کی خدمت مین ایک قومی خطاب پیش کیا جس نے بارگاہ خسروی سے شرف قبول حاصل کیا۔ اس جلسہ کی مفصل روداد رسالہ کی صورت مین علیحدہ طبع ہو چکی ہے جو بطور ضمیمہ روداد شائع کی جائیگی اس لئے یہان پر مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے۔

اعلیٰ حضرت کی ذات گرامی اور دولت آصفیہ کے متعلق مسلمانان ہند کے جو جذبات ہین وہ کسی سے مخفی نہین ہین۔ اور کیون نہ ہو اس دولت ابد مدت کے فیوض و برکات کا دائرہ اس قدر وسیع ہے کہ اس سے تمام مسلمانان ہند فائدہ اٹھاتے ہین اور اس سرکار ابد قرار کی ترقی جاہ و اقبال کے لئے دعائین کرتے ہین اسی بنا پر اخبار وکیل نے یہ تحریک کی کہ اعلیحضرت کی خدمت مین منجانب قوم ایک خطاب پیش کیا جائے اس تحریک نے ملک مین عام طور پر مقبولیت حاصل کی اور البشیر و مشرق کے معزز اڈیٹرون نے وقتاً فوقتاً اس پر مضامین لکھے جب ارکان ندوۃ العلماء نے محسوس کیا کہ تمام قوم اس تحریک کو پسند کرتی ہے تو بطور مزید احتیاط ہندوستان کے مشہور سربرآوردہ مسلمانون اور علماء و مشائخ سے اس بارہ مین استفسار کیا اور ندوہ کے بعض ذکلاء نے دورہ کرکے ملک کے خیالات معلوم کئے اور جب سب کو موید پایا تو یہ طے کیا گیا کہ ۹ ستمبر ۱۹۱۱ء کو لکھنؤ مین مسلمانان ہند کا ایک قائم مقام جلسہ منعقد کرکے اس تجویز کو عملی جامہ پہنایا جائے چنانچہ تاریخ مذکور کو دار العلوم ندوۃ العلماء کی جدید عمارت کے وسیع ہال مین یہ جلسہ بڑی شان و شوکت سے منعقد ہوا اور بہ تحریک جناب مولانا عبد الباری صاحب فرنگی محلی جناب شمس العلماء حافظ محمد احمد صاحب مہتمم مدرسہ دیوبند اس جلسہ کے صدر قرار پائے اور جملہ حاضرین کے اتفاق سے حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوا

"علماء و مشائخ ہند کی یہ قائم مقام مجلس تجویز کرتی ہے کہ اعلیحضرت نظام دکن خلد اللہ ملکہ کے ان قومی خدمات کے لحاظ سے جو حضور ممدوح نے اپنے دور شن

زمانہ مین انجام دی ہین اور جن کی آئندہ بھی اعلیٰ حضرت کی ذات حمیدہ سے توقع ہے حضور ممدوح کی خدمت مین محی الملۃ والدین کا لقب پیش کیا جائے۔

ہم کو مسرت ہے کہ اعلیٰ حضرت نے اس قومی خطاب کو نہایت شکر گذاری کے ساتھ قبول فرمایا۔ افسوس کہ بوجہ عدم گنجائش ہم اس موقع پر جلسہ کی مفصل کیفیت عرض نہین کر سکتے ورنہ آپ کو معلوم ہوتا کہ قومی خطاب کی تائید ہندوستان مین کس گرم جوشی سے کی گئی اور اگرچہ بعض کوتہ بین اصحاب نے اس مسئلہ کو نہایت مکروہ صورت مین نمایان کر کے ندوہ پر الزام لگایا لیکن کسی معقول پسند شخص نے اس پر توجہ نہ کی افسوس کہ یہ لوگ باوجود ادعائے اسلام اتنا نہین جانتے کہ ان کو دوسرے مسلمانون کی نیت پر حملہ کرنے کا حق حاصل نہین ہے

# سنہ ۱۹۱۸ء کی تجویزین

پچھلے سال ناگپور کے سالانہ اجلاس ندوۃ العلماء مین ۹ تجویزین (رزولیوشن) پیش ہو کر منظور ہوئی تھین اُن مین سے پانچ تو غیر عملی تھین یعنی تہنیت یا تعزیت سے تعلق رکھتی تھین اسلئے صرف ۴ قابل تذکرہ ہین۔

تجویز نمبر ۶ حسب ذیل تھی

یہ جلسہ اس بات کی ضرورت سمجھتا ہے کہ ناگپور مین معین الندوہ قائم کی جائے جس کے متعلق علاوہ ان امور کے جو ہوا کرتے ہین مکاتب ناگپور کی نگرانی بھی ہوگی وہ ان مکاتب کے واسطے ایسا نصاب مقرر کریگی جو وہان کے فارغ شدہ طلبا کو اس قابل بنائیگا کہ وہ چاہین تو دار العلوم ندوۃ العلما مین تعلیم حاصل کرین اور چاہین تو انگریزی مدارس مین داخل ہون"

چنانچہ اس تجویز کے مطابق ناگپور مین انجمن معین الندوہ قائم ہو گئی جو اپنا کام کر رہی ہے اسکے سکریٹری مولوی محمود علی خان صاحب ندوی ہین جن کی محنت و مستعدی سے امید ہے کہ انجمن کا کام

نہایت با قاعدہ وعمدہ طریقہ سے جاری رہیگا۔ اور پریسیڈنٹ جناب خان بہادر مولانا ایچ ایم ملک جیسے جوان ہمت بزرگ ہین جو اپنی ہر دلعزیزی اور قومی ہمدردی کے لحاظ سے تمام صوبہ مین ممتاز ہین۔

اس کے بعد اسی سلسلہ مین تجویز نمبر ۷ مین ممالک متوسطہ کے کسی مناسب مقام پر ایک عربی مدرسہ ندوہ کے اصول پر قائم کرنیکی تجویز تھی اس کا سامان بھی ہو رہا ہے امید ہے کہ یہ تجویز بھی جلد عملی صورت اختیار کریگی۔

تجویز نمبر ۸ حسب ذیل الفاظ مین پاس ہوئی تھی۔

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ اس امر کی ضرورت سمجھتا ہے کہ تاریخ اسلام بطور مضمون اختیاری کے ایف اے۔ بی اے۔ اور ایم۔ اے کے مضامین امتحان مین یونیورسٹی ہائے پنجاب، مدراس، الہ آباد اور کلکتہ یونیورسٹی کے امتحان بی اے اور ایف اے مین بحیثیت تاریخ، مثل تاریخ روم و یونان وغیرہ کے داخل کی جائے تاکہ اس سے یہ معلوم ہوسکے کہ ترقی و تہذیب عالم مین مسلمانون نے کیا حصہ لیا ہے۔

یہ تجویز بذریعہ تار گورنمنٹ کی خدمت مین بھیجی گئی لیکن یہ ایسے امور ہین کہ ان کے متعلق مسلسل و پیہم سعی و کوشش کی ضرورت ہے لیکن اس سال ہم کو مزید کارروائی کا موقع نہین ملا۔

عملی تجاویز کے سلسلہ مین ہم نے تجویز نمبر ۹ کو بھی رکھا ہے جس کی تجدید متواتر چند سال سے ہر سالانہ اجلاس مین کی جاتی ہے لیکن منزل مقصود ابھی تک دور نظر آتی ہے اس تجویز کے الفاظ حسب ذیل ہین۔

"یہ جلسہ اس تجویز کی تائید کرتا ہے جو سالہائے گذشتہ مین بابت تکمیل دار العلوم وغیرہ منظور ہو چکی ہے"

اس تجویز کا مقصد یہ ہے کہ تکمیل دار العلوم و دار الاقامہ و تعمیر مسجد و کتب خانہ کے لئے قوم سے اپیل کی جائے کیونکہ بغیر ان عمارات کی تکمیل و تعمیر کے ہمارا کام مکمل نہین ہوسکتا اور جو توقعات

ندوہ سے وابستہ ہین بطریق احسن پورے نہین ہو سکتے اس لحاظ سے یہ تجویز عملی ہے لیکن یہ عمل کس کا ہے؟ آپ کا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس دفعہ برادران اسلام اس فرض کو کس حد تک محسوس کرتے ہین اور دار العلوم کی تکمیل کا فخر کہان کے مسلمانون کو حاصل ہوتا ہے،

# دار العلوم

بفضلہ تعالی دار العلوم تعلیمی و انتظامی حیثیت سے برابر ترقی کر رہا ہے اور اگرچہ ترقی کی رفتار تیز نہین ہے تاہم ترقی کا ہر قدم نہایت پختگی سے آگے بڑھتا ہے یعنی ترقی کی رفتار اگرچہ آہستہ ہے لیکن پختہ اور مستحکم حالانکہ ترقی کے وسائل اب تک مفقود ہین اسلئے جو کچھ ہوتا ہے وہ صرف ارباب کار کی سعی و کوشش کا ثمرہ ہے

# دار العلوم کا نصاب تعلیم

دار العلوم کے نصاب تعلیم کے خصوصیات پر گذشتہ سالانہ اجلاسہا ے ندوہ مین نہایت مبسوط و مفصل بحث ہو چکی ہے بلکہ مجلس ندوۃ العلماء کے ابتداے قیام سے یہ معرکۃ الآرا مسئلہ زیر بحث رہا ہے اس لئے دار العلوم کے سالانہ اعمالنامہ کے سلسلہ مین اس مسئلہ پر از سر نو بحث کرنے کی ضرورت نہین ہے

گذشتہ سالانہ رپورٹ مین یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ دسمبر ۱۹۱۶ء مین مجلس نصاب کے ارکان نے دار العلوم کے نصاب تعلیم پر از سر نو غور کیا اور بمشورہ مدرسین ایک جدید نصاب مرتب کیا اور جب تعطیل کلان کے بعد ۱۱ اگست ۱۹۱۷ء کو دار العلوم کھلا تو اس نصاب کے مطابق تعلیم شروع کی گئی چنانچہ گذشتہ سال اس نصاب پر عملدر آمد رہا اور اس سال بھی یہی نصاب زیر تعلیم ہے دو سالہ تجربہ سے اس مین بعض خفیف تغیرات کی ضرورت محسوس ہوتی ہے امید ہے کہ سالانہ تعطیل کے زمانہ مین اس پر از سر نو غور کیا جائیگا اور ضروری حذف و اضافہ کے بعد اس کو پہلے

سے زیادہ مکمل و مفید صورت مین پیش کیا جا سکیگا

گذشتہ سالانہ رپورٹ مین اس نکتہ چینی کا بھی جواب دیا گیا ہے کہ ندوہ کے نصاب مین جلد جلد کیون تغیرات ہوتے ہین اس لیئے اس موقع پر اس کے اعادہ کی ضرورت نہین ہے۔

# تعلیمی حالت

گذشتہ رپورٹ مین جن تعلیمی اصلاحات کا تذکرہ کیا گیا تھا اُن پر بدستور عملدرآمد ہوتا ہی

(۱) مدرسین کی ماہانہ کارگذاری کے تعلیمی نقشہ جات ماہ بماہ مرتب ہوکر دفتر نظامت مین آتے ہین ان سے مدرسین کی کارگذاری پر غور کرنے کا موقع ملتا ہے اور بوقت ضرورت ان سے باز پرس کی جا سکتی ہی،

(۲) امتحانات کا سلسلہ بالکل باقاعدہ ہوگیا ہے تمام امتحانات معینہ اوقات پر لیئے جاتے ہین اور درجہ کی ترقی کا تمامتر دار مدار سالانہ امتحان کے نتائج پر رکھا گیا ہے چنانچہ ۱۹۱۸ء کے سالانہ امتحان کے بعد دار العلوم کھلنے پر کسی ناکام طالب علم کو درجہ کی ترقی نہین دی گئی بلکہ ان کو ایک سال کے لیئے درجہ سے گرا دیا گیا۔ یعنی اسی درجہ مین رہنے پر مجبور کیا گیا جس مین وہ فیل ہو چکے ہین پہلے یہ ہوتا تھا کہ خاص خاص حالات مین مشروط طور پر ترقی دیدیجاتی تھی لیکن اب مجلس کی تجویز سے یہ قاعدہ بالکل توڑ دیا گیا تاکہ طلبا کی لیاقت مین کسی قسم کی خامی و کمزوری باقی نہ رہے

درجہ سوم تک عموماً طلبا کا ہفتہ وار تحریری یا تقریری امتحان لیا جاتا ہے اور صرف و نحو کے سوالات کی عملی مشق کرائی جاتی ہے اس سال ان درجون کے لیئے علیحدہ علیحدہ استاد مامور کیئے گئے ہین جو اپنے اپنے درجہ کی تعلیمی حالت کے ذمہ دار ہین اور نہایت خوشی کی بات ہی کہ وہ اپنی ذمہ داری کو محسوس بھی کرتے ہین۔

(۳) داخلہ کے امتحان مین بھی خاص احتیاط سے کام لیا جاتا ہے اور اب طلبہ کو ان کی خواہش کے مطابق نہین بلکہ ان کے معیار قابلیت کے مطابق کسی درجہ مین داخل کیا جاتا ہے، تجربہ سے

سے معلوم ہوا کہ یہ احتیاط طلبہ کے حق مین نہایت مفید ثابت ہوئی

(۴) راتکی تعلیم کا انتظام بدستور جاری ہے اور مولوی عبدالودود صاحب مدرس جنکے متعلق آتالیقی کی خدمت بھی ہے شبانہ تعلیم کے وقت موجود رہتے ہین اور طلبہ کی نگرانی کرتے ہین

# انعامات

اس سال طلبہ کی ترغیب وحوصلہ افزائی کے لئے میری تحریک سے انعامات کی ایک اسکیم مولوی محمد اکرام اللہ خان مددگار مہتمم نے پیش کی جو خفیف تغیر کے بعد حسب ذیل صورت مین مجلس نظامت منعقدہ ۱۱ رمئی ۱۹۱۸ء مین منظور ہوئی۔

# تجویز

حسب ذیل انعامات ارکان مجلس نظامت نے منظور کئے جن پر آیندہ عملدرآمد ہوگا۔

(۱) انعام تجوید کلام مجید (۲) انعام اولیت درجہ تکمیل دینیات وادب (۳) انعام اولیت درجہ ہشتم (۴) انعام تقریر عربی (۵) انعام تقریر اردو (۶) انعام انشا پردازی ومضامین نگاری (۷) انعام پابندی قواعد ونیک چلنی (۸) انعام پابندی حاضری درس (۹) انعام حسن خدمات دارالعلوم ندوہ (۱۰) انعام اولیت جماعت

کل دس انعامات ہین جنکی تفصیل وشرائط کامیابی حسب ذیل ہین،

(۱) جو طالبعلم تجوید کے سالانہ امتحان مین جو دیگر امتحانات کے موقع پر ہوا کریگا سب سے زیادہ کامیابی وامتیاز حاصل کریگا اس کو کوئی مفید کتاب انعام مین دیجائیگی۔

(۲) جو طالبعلم درجہ تکمیل ادب یا تکمیل دینیات مین جماعت مین سب سے زیادہ نمبر حاصل کریگا بشرطیکہ نمبرون کی تعداد ۷۵ فیصدی سے کم نہ ہو اس کو ایک خوبصورت نقرئی تمغہ دارالعلوم کی طرف سے عطا کیا جائیگا جو تمغاے فضیلت کے نام سے موسوم ہوگا اس کے علاوہ اگر

درجہ تکمیل دینیات کا کوئی طالب العلم غیر معمولی کامیابی نمایاں امتیاز حاصل کریگا تو اس کو علاوہ تمغہ کے سیاہ رنگ کی ایک خوبصورت عربی وضع کی عبا جس پر طالب العلم اور ندوۃ العلماء کا نام ریشم سے کاڑھا گیا ہوگا دیجائیگی اور یہ ایک خاص امتیاز ہوگا جس کی اطلاع ندوہ کی طرف سے اخبارات مین بھی شایع کی جائیگی

(۳) درجہ ہشتم مین جو طالب علم جماعت مین سب سے زیادہ نمبر حاصل کریگا بشرطیکہ نمبرون کی تعداد بحیثیت مجموعی ۷۵ فی صدی سے کم نہ ہو تو اس کو نقرئی تمغہ دیا جائیگا جو تمغہ عالمیت کے نام سے موسوم ہوگا اور اگر ایک ہی طالب علم ہو تو ۷۵ فی صدی سے زیادہ نمبر حاصل کرنا چاہیے

(۴-۵-۶) عربی و اردو تقریر اور مضامین نگاری و انشا پردازی کی نمایاں کامیابی پر مفید کتابین دیجائینگی اور غیر معمولی کامیابی پر تمغہ بھی دیا جائیگا۔ ان چیزون کے متعلق قواعد و شرائط علیحدہ وضع ہون گے۔

(۷) جو طالب العلم اپنے عادات و اطوار، چال چلن، پابندی قوانین، اور اطاعت اساتذہ کے اعتبار سے ممتاز ہوگا اس کے چال چلن کے متعلق کوئی شکایت نہ ہوگی تو مفتش و نگران دار العلوم کی رپورٹ پر اس کو تمغہ دیا جائیگا جو تمغائے سعادت کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۸) جو طالب العلم سال بھر تک سب سے زیادہ حاضر ہوگا یعنی باعتبار کل ایام تعلیم اس کی حاضری تمام طلبائے دار العلوم سے زیادہ ہوگی اس کو ایک کتاب دیجائیگی جس پر اس کا نام منقوش ہوگا

(۹) جو طالب العلم تعطیلات دار العلوم کے زمانہ مین تعمیر دار الاقامتہ، وظائف طلبہ یا ندوہ کی کسی دوسری ضرورت کے لیے تمام طلبائے دار العلوم سے زیادہ چندہ جمع کریگا۔ یا پانچ مستطیع طلبہ کو داخل کرائیگا یا ندوہ کی کوئی اور اہم خدمت انجام دیگا تو اس کو ایک تمغہ دیا جائیگا جو تمغائے حسن خدمت کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۱۰) "الف" درجہ اول سے درجہ ہفتم تک جو طالب العلم سالانہ امتحانات مین جماعت مین سب سے زیادہ نمبر حاصل کریگا۔ بشرطیکہ نمبر محصلہ ۵۰ فی صدی سے کم نہ ہون تو ہر جماعت سے ایک طالب العلم کو

انعام دیا جائیگا جو کسی مفید کتاب کی صورت مین ہوگا۔

(ب) درجۂ اول سے درجۂ ہفتم تک جو طالبعلم سہ ماہی شش ماہی اور سالانہ امتحان مین مسلسل نمایان کامیابی حاصل کریگا یعنی ہر سہ امتحانات مین سب سے زیادہ نمبر حاصل کریگا بشرطیکہ نمبرون کی تعداد ۷۵ فی صدی سے کم نہ ہو تو طالبعلم مذکور کو نقرئی تمغہ عطا کیا جائیگا جو تمغائے لیاقت کے نام سے موسوم ہوگا۔

# سال کا حصۂ وسطی اور تعلیمی اختلال

دار العلوم کی تعلیمی حالت بیان کرتے ہوئے یہ ناگوار نقصان کسی طرح نظر انداز نہین کیا جا سکتا کہ یہ سعی و کوشش کہ اس سال دار العلوم کا معیار تعلیم سالہائے گذشتہ سے بلند تر ہو بخوبی کامیاب نہین ہوئی کیونکہ عربی اسٹاف کے متعدد تغیرات اور جنگی بخار کی ہولناک شدۃ کا یہ نتیجہ نکلا کہ نصاب کامل طور پر پورا نہ ہو سکا اور اکثر اساتذہ و طلبہ کے مبتلائے مرض ہوجانے سے تعلیم کا سلسلہ درہم برہم ہوگیا آخر کار جب مرض زیادہ پھیلا اور شہر کے تمام اسکول و کالج بند ہونے لگے تو دار العلوم بھی ۱۷ روز کے لئے بند کر دیا گیا مگر تعلیم درحقیقت ایک ماہ تک بند رہی۔ اس کے علاوہ ایک نقصان یہ ہوا کہ سہ ماہی امتحان جو قاعدہ سے اسی زمانہ مین واقع ہوتا تھا ملتوی کرنا پڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ششماہی امتحان مین طلبہ پر زیادہ بار پڑ گیا اس لئے نتیجہ قابل اطمینان نہ رہا۔

دار العلوم شہر کے باہر نہایت پر فضا اور خوش منظر مقام پر واقع ہے جہان کی آب و ہوا عموماً صاف رہتی ہے لیکن بایں ہمہ اس زمانہ مین ۳۰ فیصدی طلبا بخار مین مبتلا ہوئے مگر بفضلہ تعالی سب صحت یاب ہوگئے،

حکیم شبیر احمد صاحب علوی اعزازی طبیب دار العلوم کی مہربانی سے اس سال بھی طلبہ نے فایدہ اٹھایا اور جب کسی قسم کی ضرورت پیش آئی آپ نے پوری توجہ و ہمدردی ظاہر فرمائی حالانکہ یہ وہ زمانہ

تھا کہ دُگنی فیس ادا کرنے پر بھی لکھنؤ میں طبیب و ڈاکٹر میسر نہیں آتے تھے۔
عربی اسٹاف کے اہم تغیرات سے بھی تعلیم کو نقصان پہنچا جس کا تذکرہ آگے آتا ہے۔

# انتظامی تغیرات

اس سال بعض ناگزیر اسباب و وجوہ سے مدرسین میں خاص تغیر و تبدل ہوا اور بہترین اشخاص کی تلاش میں بعض عہدے مدت تک خالی رہے جن سے تعلیمی نقصان واقع ہوا۔

چنانچہ مولانا سید حیدر شاہ صاحب جو دسمبر ۱۹۱۷ء میں فقیہ دوم کے عہدے پر مامور ہوئے تھے استعفا دیکر ۳۱ مئی ۱۹۱۸ء کو علیحدہ ہوگئے اور ہم کو نہایت افسوس ہے کہ یہاں سے علیحدہ ہونے کے چند ماہ بعد مولانا موصوف کا انتقال ہوگیا۔

اسی طرح مولوی محمد یوسف صاحب مدرس منطق جو بحصول رخصت اپنے وطن اعظمگڈھ میں مقیم تھے جنگی بخار میں مبتلا ہوکر ۲ نومبر ۱۹۱۸ء کو انتقال فرما گئے۔ آپ جناب مولانا حافظ حفیظ اللہ صاحب سابق مہتمم دار العلوم ندوہ کے لائق فرزند تھے اور ابتداء سے انتہا تک ندوہ میں تعلیم حاصل کی تھی فارغ التحصیل ہونے کے بعد دار العلوم میں مدرس مقرر ہوئے گویا آپکا بچپن اور شباب دار العلوم میں گذرا اور عین عالم شباب میں انتقال فرمایا ہماری تمام جماعت کو اس حادثہ پر مرحوم کے والد ماجد کے ساتھ گہری ہمدردی ہے جن کو اس پیرانہ سالی میں اپنے اکلوتے فرزند کی غمناک وفات کا صدمہ اٹھانا پڑا۔

ہم کو اس سال ایک اور قابل و جامع حیثیات مدرس کو بھی ہاتھ سے کھونا پڑا یعنی مولوی سید علی صاحب زینبی ادیب دوم جو ۲ نومبر ۱۹۱۲ء سے دار العلوم میں ادب عربی کی تعلیم پر مامور تھے اور بر وقت ضرورت جملہ علوم عربیہ و درسیہ کی تعلیم دے سکتے تھے، اور ایک مدت تک قائم مقام مہتمم دار العلوم کی حیثیت سے بھی اپنے فرائض خوش اسلوبی سے ادا کر چکے تھے ہم سے جدا ہوگئے پہلے آپ نے بدفعات مسلسل نو ماہ کی ایک طویل رخصت حاصل کی اسکے بعد ۵ دسمبر ۱۹۱۸ء سے استعفا دیکر علیحدہ ہوگئے اور ہم کو نہایت افسوس کے ساتھ

ان کا استعفا منظور کرنا پڑا ان کے جانے سے دار العلوم کا ایک فاضل استاد ہمارے ہاتھ سے جاتا رہا
ان تغیرات کا یہ نتیجہ ہوا کہ ان عہدون کے دوبارہ معمور ہونے تک تعلیمی حالت نہایت تنزل پذیر
رہی اور نہایت دشواری سے کام چلایا گیا۔

سب سے پہلے مولانا سید حیدر شاہ فقیہ دوم کی جگہ کا انتظام کیا گیا یعنی دار العلوم ندوہ کے
ایک قدیم تعلیم یافتہ مولوی سید عبد السبحان صاحب کا تقرر اس عہدہ پر کیا گیا۔ اور یکم اگست ۱۹۱۸ء
کو دار العلوم کھلنے پر اس جگہ کا کام آپ کے سپرد کیا گیا۔ لیکن مولوی محمد یوسف صاحب کی وفات
اور مولانا سید علی صاحب زینبی کی علیحدگی سے از سر نو تغیر و تبدل کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ
مجلس نظامت منعقدہ ۴ فروری نے حسب ذیل انتظامات تجویز کئے:۔

(۱) مولوی سید عبد السبحان صاحب فقیہ دوم کو باضافۂ تنخواہ مولوی سید علی صاحب زینبی
کی جگہ پر ادیب دوم مقرر کیا گیا

(۲) مولوی عبد الودود صاحب قائم مقام مدرس معقولات کو فقیہ دوم کے عہدہ پر ترقی دی گئی

(۳) مولوی عبد الغفور صاحب جیراجپوری جو کہنہ مشق استاد ہین مدرس معقولات مقرر ہوئے

(۴) مولوی سید علی محسن صاحب جو اکتوبر ۱۹۱۸ء سے قائم مقام مدرس صرف و نحو کی حیثیت سے
اپنے فرائض خوش اسلوبی سے ادا کر رہے تھے اس جگہ پر مستقل کر دیئے گئے۔

اس تغیر و تبدل کے بعد دار العلوم کا اسٹاف بالکل مکمل ہو گیا اور چند ماہ سے جو نقصان
ہو رہا تھا اس کی پوری تلافی ہو گئی چونکہ یہ انتظامات تعلیمی سال کے آخری حصہ مین ہوئے اس لئے
اس سال پورا فائدہ نہین پہنچا لیکن امید ہے کہ آیندہ سال یہ جدید انتظام نہایت مفید ثابت ہوگا

انتظامی حیثیت سے ایک تغیر یہ بھی ہوا کہ مولوی محمد اکرام اللہ خان ندوی کو جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۲ مارچ
نے مددگار مہتمم کے عہدہ پر مقرر کیا اور دفتر دار العلوم کی نگرانی طلبہ کے معاملات اور بعض انتظامی امور
اُن کے متعلق کئے گئے

مدرسین کے تغیر و تبدل کے سلسلہ مین مولوی محمد یوسف انصاری کی تنخواہ مین بصلۂ حسن خدمت اس سال

دو دفعہ اضافہ کیا گیا۔

# دار الاقامہ

مثل سالہائے گذشتہ کے طلبہ اب بھی عمارت دارالعلوم کے ایک حصہ مین رہتے ہین کیونکہ دارالاقامہ (بورڈنگ) اپنی تعمیر و تکمیل کے لئے عالی حوصلہ مسلمانون کی فیاضی کا منتظر ہے اب تک تو جو کسی نہ کسی طرح کام چلایا گیا لیکن اس سال دشواریون مین اضافہ ہوگیا۔ گذشتہ سال کی رپورٹ مین بیان کیا گیا تھا کہ "اگر آیندہ سال طلبہ کی تعداد مین اضافہ ہوا (جو قدرتاً ہوگا) تو ہم کو سخت دشواریون کا سامنا کرنا پڑیگا"

چنانچہ یہ خیال صحیح ثابت ہوا اور اس سال جب دارالعلوم کھلنے پر طلبہ داخل ہونے لگے تو سخت کشاکش ہوئی اور موجودہ عمارت مین کہین گنجائش نہ رہی آخر کار مجبور ہوکر بہ منظوری مجلس نظامت ڈالی گنج مین ایک کرایہ کا مکان جو ایک حد تک وسیع ہے ؏ ماہوار پر لیا گیا اور اس مکان مین رہنے والے طلبہ کے لئے ایک خدمتگار کا اضافہ کیا گیا۔ بورڈنگ کا اس طرح دو حصون پر منقسم ہوجانا زحمت سے خالی نہین یہ مکان دارالعلوم سے تقریباً ۱۵ منٹ کی مسافت پر واقع ہے جہان سے طلبہ کو دونون وقت کھانے اور پڑھنے کے لئے دارالعلوم مین آنا پڑتا ہے اب اس مکان مین بھی زیادہ گنجائش نہین ہے اور ہم کو اندیشہ ہے کہ آیندہ سال پھر دشواریون کا سامنا ہوگا اور جب تک دارالاقامہ تیار نہوگا۔ یہ دشواریان باقی رہین گی اور ندوہ پر مصارف کے غیر معمولی بار کا اضافہ ہوتا رہیگا۔

گذشتہ سال مقیم دارالاقامہ طلبہ کی تعداد ۸۱ تھی۔ ان مین سالانہ امتحان کے بعد متعدد وجوہ سے بہت سے طلبہ چلے گئے لیکن باوجود اس کے ۲۰ مارچ ۱۹۱۹ء کو ۹۰ طلبہ دارالاقامہ مین موجود تھے جن مین سے ۷۰ دارالعلوم کی عمارت مین رہتے ہین اور ۲۰ جدید مکان مین جو نیاز منزل کے نام سے موسوم ہے منجملہ ان ۹۰ طلبہ کے ۶۴ مستطیع ہین اور ۲۶ غیر مستطیع طلبائے دارالاقامۃ کے علاوہ ۱۴ طلبہ بیرونی ہین اس طرح دارالعلوم کے طلبہ کی مجموعی تعداد ۱۰۴ ہے۔

دار الاقامہ کی اہم شاخ باورچیخانہ کا انتظام اس سال بھی بدستور ہیڈ ماسٹر صاحب دار العلوم کے ہاتھ میں ہے جو زیر نگرانی جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری اس خدمت کو انجام دیتے ہیں۔ باوجود شدید گرانی کے فیس خوراک میں اب تک (مارچ ۱۹۱۷ء) کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے ۴ لئے جاتے ہیں۔ اور طلبہ کے خورد و نوش قیام اور روشنی کا انتظام کیا جاتا ہے کھانے کے وقت اساتذہ باری باری سے نگرانی کرتے ہیں اور طلبہ کی شکایات اور ضروریات پر غور کرتے ہیں۔ دار الاقامہ کے دوسرے انتظامات بدستور سابق ہیں کوئی خاص تغیر اس سال عمل میں نہیں آیا۔

## نقشہ طلباء دار العلوم بورڈر و غیر بورڈر مستطیع و غیر مستطیع ۱۵ مارچ

| نمبر شمار | جماعت | بورڈر: مستطیع | بورڈر: غیر مستطیع | غیر بورڈر | میزان | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | درجہ فارسی | ۱۵ | ۱ | ۶ | ۲۲ | |
| ۲* | درجہ اول | ۱۶ | ۲ | ۳ | ۲۱ | |
| ۳ | درجہ دوم | ۹ | ۱۰ | ۲ | ۲۱ | |
| ۴ | درجہ سوم | ۱ | ۳ | ۲ | ۱۶ | |
| ۵ | درجہ چہارم | ۳ | ۱ | ۰ | ۴ | |
| ۶ | درجہ پنجم | ۲ | ۳ | ۰ | ۵ | |
| ۷ | درجہ ششم | ۲ | ۲ | ۰ | ۴ | |
| ۸ | درجہ ہفتم | ۲ | ۲ | ۰ | ۴ | |
| ۹ | درجہ ہشتم | ۲ | ۱ | ۱ | ۴ | |
| ۱۰ | درجہ تکمیل ادب | ۱ | ۰ | ۰ | ۱ | |
| ۱۱ | درجہ تکمیل حدیث | ۱ | ۱ | ۰ | ۲ | |
| | | ۶۴ | ۲۶ | ۱۴ | ۱۰۴ | |

* اس جماعت میں دو طالب علم غیر مستطیع ہیں جس میں سے ایک کو وظیفہ ندوہ سے ملتا ہے اور دوسرے کو وظیفہ رشیدیہ دیا جاتا ہے۔

# گوشوارہ آمد و صرف ندوۃ العلماء و دار العلوم از ابتدائے یکم اپریل سنہ ۱۹۱۱ء لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۲ء

| نمبر | تفصیل مدات آمدنی | مقدار روپیہ | آنہ | پائی | نمبر | تفصیل مدات صرف | مقدار روپیہ | آنہ | پائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱ | بقایا ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء | [illegible] | ۱۰/ | ۱۰ | ۱ | تنخواہ ملازمین دار العلوم | [illegible] | ۴/ | ۸ |
| ۲ | تحصیل بنک آف بنگال لمیٹیڈ لکھنؤ [illegible] | | | | ۲ | طبع ندوۃ العلماء | [illegible] | ۰ | ۰ |
| ۳ | تحصیل جناب معتمد صاحب مال [illegible] | | | | ۳ | تنخواہ ملازمین ندوۃ العلماء | [illegible] | ۱۰/ | ۶ |
| ۴ | تعلیم دار العلوم | [illegible] | ۰ | ۱۰ | ۴ | تنخواہ وکلاء | [illegible] | ۱۲ | ۰ |
| ۵ | چندہ رکنیت | [illegible] | ۱/ | | ۵ | کتب خانہ دار العلوم | [illegible] | ۳/ | ۲ |
| ۶ | امانت | [illegible] | ۱۰/ | ۳ | ۶ | زکوٰۃ | [illegible] | ۸/ | ۰ |
| ۷ | کتب خانہ دار العلوم | [illegible] | ۵ | ۰ | ۷ | ڈاک دار العلوم | [illegible] | ۰ | ۰ |
| ۸ | وظائف طلبا | [illegible] | ۲/ | ۰ | ۸ | وظیفہ منشی محمد علی صاحب مرحوم | [illegible] | ۱۰/ | ۸ |
| ۹ | عام اغراض ندوۃ العلماء | [illegible] | ۸/ | ۷ | ۹ | ڈاک ندوۃ العلماء | [illegible] | ۷ | ۴ |
| ۱۰ | دار الاقامہ دار العلوم | [illegible] | ۱۳/ | ۰ | ۱۰ | دار الاقامہ دار العلوم | [illegible] | ۱۰ | ۹ |
| ۱۱ | انجمن المعین دار العلوم | [illegible] | ۱۱/ | ۴ | ۱۱ | وظائف طلباء | [illegible] | ۶/ | ۹ |
| ۱۲ | انعام تفسیر حدیث | [illegible] | ۰ | ۰ | ۱۲ | متفرقات ندوۃ العلماء | [illegible] | ۱۱/ | ۳ |
| ۱۳ | تعمیر درسگاہ دار العلوم | [illegible] | ۱/ | ۲ | ۱۳ | سید ہاشم بہاری | [illegible] | ۱۵/ | ۰ |
| ۱۴ | تعمیر چاہ مسجد دار العلوم | [illegible] | ۰ | ۰ | ۱۴ | سفر خرچ عہدہ داران ندوۃ العلماء | [illegible] | ۵/ | ۳ |
| ۱۵ | تعمیر دار الاقامہ | [illegible] | ۱۳ | ۰ | ۱۵ | مصارف جلسہ سالانہ ندوۃ العلماء | [illegible] | ۱۰ | ۳ |
| ۱۶ | لگان اراضی دار العلوم | [illegible] | ۷/ | ۰ | ۱۶ | متفرقات دار العلوم | [illegible] | ۱۳/ | ۰ |
| ۱۷ | ابو القاسم فرخ آبادی | [illegible] | ۰ | ۰ | ۱۷ | مہمانداری ارکان ندوۃ العلماء | [illegible] | ۸/ | ۹ |
| ۱۸ | زکوٰۃ | [illegible] | ۲/ | ۰ | ۱۸ | فرنیچر دار العلوم | [illegible] | ۶ | ۰ |
| ۱۹ | میزان اصل آمدنی | [illegible] | ۱۵/ | ۱ | ۱۹ | سفر خرچ وکلاء | [illegible] | ۶/ | ۶ |
| ۲۰ | واپسی حساب التخرج | [illegible] | ۱۲/ | ۷ | ۲۰ | ابو القاسم فرخ آبادی | [illegible] | ۲/ | ۳ |
| ۲۱ | میزان سال حال باستثنا بقایا | [illegible] | ۱۱/ | ۸ | ۲۱ | میزان صفحہ ہذا | [illegible] | ۱/ | ۱ |

# گوشوارہ آمد و صرف ندوۃ العلماء و دار العلوم از ابتدائے یکم اپریل سنہ ۱۹۱۸ء لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

| نمبر | تفصیل مدات آمدنی | مقدار روپیہ | آنہ | پائی | نمبر | تفصیل مدات آمدنی | مقدار روپیہ | آنہ | پائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۲۲ | میزان صفحہ سابق | [illegible] | ۱۱ | ۸ | ۲۲ | میزان صفحہ سابق | [illegible] | ۱ | ۱ |
| ۲۳ | میزان کل سال حال معہ بقایا | [illegible] | ۶ | ۲ | ۲۳ | امانت | [illegible] | ۵ | ۹۰ |
| | | | | | ۲۴ | طبع دار العلوم | [illegible] | ۷ | ۶ |
| | | | | | ۲۵ | مرمت و صفائی دار العلوم | [illegible] | ۹ | ۹ |
| | | | | | ۲۶ | خرید کتب درسیہ دار العلوم | [illegible] | ۱۵ | ۳ |
| | | | | | ۲۷ | تعمیر دار الاقامہ | [illegible] | ۱۱ | ۱ |
| | | | | | ۲۸ | دار المعلومات | [illegible] | ۰ | ۰ |
| | | | | | ۲۹ | تعمیر چاہ مسجد دار العلوم | [illegible] | ۶ | ۶ |
| | | | | | ۳۰ | تعمیر درسگاہ دار العلوم | [illegible] | ۷ | ۱۰ |
| | | | | | ۳۱ | لگان اراضی دار العلوم | [illegible] | ۴ | ۴ |
| | | | | | ۳۲ | انجمن المعین دار العلوم | [illegible] | ۰ | ۰ |
| | | | | | ۳۳ | صیغہ ندوۃ العلماء | [illegible] | ۱۲ | ۷ |
| | | | | | ۳۴ | ادائے دستگردان منشی محمد احتشام علی صاحب کاکوری | [illegible] | ۱۲ | ۸ |
| | | | | | ۳۵ | میزان اصل مصارف | [illegible] | ۱۴ | ۵ |
| | | | | | ۳۶ | حسب الخرچ | [illegible] | ۷ | ۹ |
| | | | | | ۳۷ | میزان کل صرف | [illegible] | ۶ | ۳ |
| | | | | | ۳۸ | بقایا ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء | | | |
| | | | | | ۳۹ | تحویل بینک آف بنگال لمیٹڈ لکھنؤ | [illegible] | ۱۳ | ۹۰ |
| | | | | | ۴۰ | تحویل حساب معتمد صاحب مال [illegible] | [illegible] | ۰ | ۴ |
| ۲۴ | میزان کل | [illegible] | ۶ | ۶ | ۴۱ | میزان الکل | [illegible] | ۶ | ۶ |

اجلاس آیندہ سالانہ ندوۃ العلما بلگام احاطۂ بمبئی مین پیش ہو؟ گوشوارہ اصل حسابات سالانہ مرتب کیا گیا ہے۔ طبع ہو کر ارکان کے ملاحظہ مین گشت کرا دیا جائے۔

۱۳ اپریل سنہ ۱۹۱۹ یکشنبہ مستقر لکھنؤ صوبہ اودھ نظام الدین حسن بی۔ اے۔ بی۔ ایل منقح حسابات۔

۱۱ رجب المرجب سنہ ۱۳۳۷ھ یکشنبہ

۲۲ حمل سنہ ۱۳۴۸ محمدی

جناب ناظم صاحب کی رپورٹ ختم ہوجانے کے بعد مولانا سید سلیمان ندوی نے پہلی تجویز پیش کی جو منجانب صدارت پیش ہونے والی تھی اس کے الفاظ حسب ذیل ہیں :-

## تجویز نمبر ۱

" یہ جلسہ اعلیحضرت نظام دکن خلد اللہ ملکہ کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ حضور ممدوح نے **محی الملت والدین** کے قومی لقب کو جو منجانب علماء و مشائخ ہند بذریعہ مجلس ندوۃ العلمائ اعلیحضرت کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا قبول فرمایا "

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے ایک مختصر تقریر فرمائی جس کا ماحصل یہ ہے کہ اعلی حضرت نظام خلد اللہ ملکہ کی خدمت میں یہ لقب پیش کرنا جماعت علماء کا ایک بڑا کارنامہ ہے، علما کی یہ طاقت ہمیشہ سے تسلیم کی گئی ہے کہ انھوں نے بڑے بڑے علماء، سلاطین کی خدمت میں القاب و خطابات پیش کئے ہیں جس کا تذکرہ تاریخ اسلام میں موجود ہے **آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم** نے بھی خاص خاص خصوصیات کی بنا پر صحابہ کو القاب عطا فرمائے ہیں جیسے حضرت خالدؓ کو **سیف اللہ** حضرت ابو عبیدہؓ کو **امین الامۃ** یہ القاب اصلی صفات کو ظاہر کرتے ہیں،

موجودہ زمانہ میں اس خطاب کو تسلیم کر کے علماء کی طاقت اور ان کے اقتدار کو ہندوستان کے سب سے بڑے حکمران نے تسلیم کر لیا ہے اور تمام مسلمانوں کو شکر گذار کیا ہے یہ تجویز ہر حیثیت سے تائید کی مستحق ہے

مندرجہ بالا تجویز نہایت گرمجوشی سے جملہ حاضرین کی تائید سے منظور ہوئی

اس کے بعد مولانا انسلام احمد صاحب سندی نے دوسری تجویز پیش کی

## تجویز نمبر ۲

ہندوۃ العلماء کا یہ جلسہ نہایت حسرت و افسوس سے جناب مولوی قاری عبد السلام صاحب انصاری، جناب نواب حاجی محمد اسحاق خانصاحب آنریری سکرٹری محمڈن کالج اور مرزا محمد ظفر اللہ

خانصاحب کی وفات پر جو ندوۃ العلماء کی مجلس انتظامی کے رکن رکین تھے اظہار حزن وملال کرتا ہے اور درخواست کرتا ہے کہ ان محترم بزرگون کے لئے دعائے مغفرت مانگی جائے

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے بیان کیا کہ مین ابھی جناب ناظم صاحب کی رپورٹ سناتے وقت عرض کر چکا ہون کہ ہم کو ہر سال ان ۵۷ ارکان مین سے کسی نہ کسی کا ماتم کرنا پڑتا ہے خصوصًا اس سال ہم کو کئی بزرگون کا ماتم کرنا پڑا۔ جناب مولوی قاری عبد السلام صاحب انصاری پانی پتی خود جیسے محترم بزرگ اور جیسے جلیل القدر اور نامور باپ کے بیٹے تھے اسکے متعلق کچھ کہنے کی حاجت نہین۔ نواب محمد اسحاق خان صاحب مرحوم اور ان کی خدمات سے بھی قوم اچھی طرح واقف ہے اگر قوم اُن سے واقف نہ ہو تو قوم پر افسوس ہے۔ مرحوم کی قومی خدمتین اظہر من الشمس ہین نہایت سادہ مزاج پابند مذہب اور وضعدار رئیس تھے اور اپنے فرائض ادا کرنے مین نہایت مستعد وقابل تقلید علاوہ محمڈن کالج کے سکریٹری ہونے کے ندوہ کے بھی محترم رکن تھے

اسی طرح **مرزا ظفر اللہ خان** مرحوم ایک اعلی خاندان کے فرد معزز سرکاری عہدہ دار متبع شریعت۔ صوم وصلوۃ کے پابند نہایت متقی و پرہیزگار تھے ندوہ کے پرانے معاون تھے ادنی ادنی مسلمان کے پاس جا کر چندہ مانگتے تھے وہ ایسے خوش قسمت تھے کہ مرنے کے بعد بھی اُن کی فایدہ رسانی باقی رہی یعنی ان کی یادگار مین انجمن معین الندوہ **سیالکوٹ** مین قائم ہوئی سچ ہے خلوص کبھی ضایع نہین جاتا

مولانا غلام محمد صاحب شملوی کی تقریر کے بعد جناب مولانا شاہ **نظام الدین** صاحب جھجری نے نہایت اندوہگین ومؤثر طریقہ سے اس تجویز کی تائید کی اور فرمایا کہ ابھی کل کا دن ہو کہ ہم سب ایک ساتھ اٹھتے بیٹھتے تھے اور نہایت محبت وخلوص سے ندوہ کا کام کرتے تھے خصوصًا مولانا قاری عبد السلام صاحب اکثر جلسہ مین شریک ہوتے تھے مدراس کے جلسہ کے بعد میرے ساتھ حیدرآباد تشریف لے گئے اور اپنی صحبت سے مستفید فرمایا۔ آج ہماری آنکھین ان بزرگون کو ڈھونڈتی ہین مگر کہین نظر نہین آتے

۱۱۷۸

وہ صورتین الہی کس دلیس بستیان ہین ⁂ اب دیکھنے کو جن کے آنکھین ترستیان ہین

اب ہم اس کے سوا اور کیا کر سکتے ہین کہ حسرت وافسوس کے ساتھ ان کو یاد کرین اور سورہ فاتحہ وقل پڑھکر ان کی روح کو ثواب پہنچائین اور ان کے لئے دعائے مغفرت مانگین، آہ

شکوہ ہر رفتگان مقام بعید کا ⁂ ایسے گئے کہ خط بھی نہ بھیجا رسید کا

لیکن چارہ کار کیا ہے۔ موت وحیات ہمارے اختیار مین نہین ہے جو کچھ خدا کو منظور تھا وہ ہوا اور جو منظور ہوگا وہی ہوگا

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے ⁂ اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

اب ہم سب لوگون کو ان بزرگون کے لئے دعا مانگنا چاہیئے۔ چنانچہ یہ تجویز بالاتفاق منظور ہوئی اور تمام حاضرین نے ان بزرگون کے لئے دعائے مغفرت مانگی،

اس کے بعد جناب ناظم صاحب ندوۃ العلماء نے تجویز نمبر ۳ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی۔

## تجویز نمبر ۳

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ نہایت حسرت وافسوس سے شمس العلماء جناب مولانا عبدالوہاب صاحب دیلوری۔ مولانا حافظ عبداللہ صاحب غازی پوری اور مولانا محی الدین حسین صاحب جیدہ کی وفات پر اظہار ملال کرتا ہے جس مین سے اول الذکر مدرسہ باقیات الصالحات کے بانی اور جنوبی ہند مین عربی علوم وفنون کے زبردست حامی تھے اور جن کی مساعی جمیلہ سے ہزارہا اشخاص علوم وفنون اسلامیہ سے بہرہ ور ہوکر احاطہ مدراس مین مسلمانون کو فیضیاب کر رہے ہین۔ یہ جلسہ درخواست کرتا ہے کہ ان بزرگون کے واسطے دعائے مغفرت کی جائے"

مولانا سید سلیمان ندوی نے نہایت پردرد طریقہ سے اس تجویز کی تائید کی آپ اس وقت ہمہ تن رنج وحسرت کی تصویر تھے اور درحقیقت ایسا ہونا بھی چاہیئے کیونکہ ایک انحطاط پذیر قوم سے ارباب کمال کا اٹھ جانا اور وہ ارباب کمال بھی ایسے جو سلف کا نام زندہ کرنے والے ہون، قوم

کے لئے بڑی بھاری مصیبت ہے۔ اور اس مصیبت کا سچا احساس صرف اہل علم ہی کر سکتے ہین یہی سبب ہے کہ اس تجویز کی تائید کرتے وقت سید صاحب پر ایک خاص حالت طاری تھی، سلسلہ تقریر مین آپ نے فرمایا کہ عام مجالس کا دستور ہے کہ وہان لوگون کی وفات پر اظہار رنج والم اور ماتم کرتے ہین لیکن ہم جن بزرگون کا ماتم اس وقت کرتے ہین وہ درحقیقت ان بزرگون کا ماتم نہین ہے بلکہ تمام قوم کا ماتم ہے یہ ایسے لوگ ہین کہ جواب دنیا سے اٹھ گئے۔ اور بہت کم امید ہے کہ کوئی ان کا قائم مقام پیدا ہو، یہ وہ لوگ تھے کہ جن کی ذات سے اسلام کی عظمت قائم تھی اور جن کی نگاہ کی تاثیر سے عالم مین انقلاب پیدا ہو جاتا تھا۔

شمس العلما مولانا عبد الوہاب ویلوری احاطہ مدراس مین اور مولانا حافظ عبد اللہ صاحب غازی پور مین دو آفتاب و ماہتاب تھے۔ اول الذکر نے چالیس سال تک نہایت زہد و اتقا اور اسلامی خلوص سے اسوہ جناب رسول اللہ صلعم کے مطابق نہایت ایثار وسادگی سے زندگی بسر کی آپ کے کارنامے مدرسہ باقیات الصالحات کے ذریعہ سے معلوم ہو سکتے ہین جس کے آپ بانی تھے اس درماندگی کے زمانہ مین اس مدرسہ نے مذہب کی نہایت عظیم الشان خدمت انجام دی ہے، جنوبی ہند مین اس درسگاہ کو وہی اہمیت حاصل ہے جو شمالی ہند مین ندوہ اور دیو بند کو، سیکڑون طلبہ یہان تعلیم و تربیت حاصل کر کے فارغ التحصیل ہو چکے ہین اور مسلمانون کو فایدہ پہنچا رہے ہین،

مولانا حافظ عبد اللہ صاحب کی ذات بھی عجیب ذات تھی آپ نے کوئی ظاہری یادگار نہین چھوڑی لیکن تمام عمر حدیث و قرآن کی خدمت مین ایک معمولی مقام پر بلا معاوضہ صرف کر دی آخر مین آپ دہلی مرحوم مین جہان شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ درس دیا کرتے تھے تشریف لائے اور قرآن مجید کی تعلیم دیتے رہے،

آپ کی حق پسندی کا یہ عالم تھا کہ اگر کوئی معمولی سا آدمی بھی آپ کو کسی غلطی پر ٹوک دیتا تھا تو بے تکلف اعتراف کر لیتے تھے قرآن مجید کے نکات و معارف کے متعلق آپ کو خاص بصیرت

حاصل تھی آپ فرمایا کرتے تھے کہ قرآن مجید سے سیرت مرتب ہوسکتی ہے مین جو کبھی کبھی قرآن مجید کے متعلق خطبہ دیا کرتا ہون وہ زیادہ تر آپ ہی کے ارشادات ہین غرض آپ کے محامد و اوصاف بیان کرنے کے لئے ایک رسالہ درکار ہے آپکی وفات سے جو جگہ خالی ہوگئی ہے امید نہین کہ اس کو اب کوئی شخص حاصل کرسکے اب مین تمام حاضرین سے درخواست کرتا ہون کہ وہ مولانا مرحوم اور ان بزرگون کے لئے دعاے مغفرت مانگین۔

مولانا سید سلیمان کی تقریر کے بعد یہ تجویز نہایت حسرت و اندوہ کے ساتھ منظور ہوئی اور جلسہ حاضرین نے ان مقدس بزرگون کے لئے دعاے مغفرت مانگی۔

چونکہ اب جلسہ کے نظام اوقات کے لحاظ سے اور کوئی کام باقی نہ تھا اس لئے سہ پہر کا اجلاس ۶ بجے شام کو ختم ہوا۔

شب کو بعد نماز عشا حسب دستور وعظ کا جلسہ عام منعقد ہوا جس مین بکثرت مسلمان شریک ہوئے اس وقت مولوی عبدالرزاق صاحب ندوی اور مولوی شاہ نظام الدین صاحب حجری نے وعظ بیان کیا یہ سلسلہ ۱۲ بجے شب تک جاری رہا مولوی عبدالرزاق صاحب کے متعلق اس موقع پر تعارف کی ضرورت نہین ہے دو لوگ کے آیندہ صفحات مین ناظرین ان کا ایک دلچسپ اور پر از معلومات مضمون ملاحظہ فرمائینگے جو آپ کے تعارف کے لئے کافی سے زیادہ ہے۔

# دوسرا اجلاس

## ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۹ع روز یکشنبہ

## ۹ بجے سے ۱۲ بجے تک

سب سے پہلے مولوی شاہ ولی اللہ صاحب (بلگامی) نے قرآن مجید کی چند آیتین تلاوت کین بعد ازان مسٹر عبدالصمد پروفیسر دہارواڑ کالج نے عربی تعلیم کے لئے وظائف کی ضرورت پر

پر نہایت جوش سے ایک تقریر کی جس کا ملخص حسب ذیل ہے:-
آپ نے بیان کیا کہ میں کوئی فصیح و بلیغ مقرر ہون نہ مدبر نہ ان لوگون مین ہون جن پر قوم اعتماد کرتی ہے نہ مین جماعت علما و مشائخ مین سے ہون بلکہ مین ایک نوجوان ہیچمدان خادم قوم وخادم ندوہ ہون۔ میرے پاس نہ مال ہے نہ دولت نہ فصاحت ہے نہ بلاغت مین شکر گذار ہون کہ باوجود میری ہیچمدانی کے مجھے بولنے کی اجازت دی گئی آپ کہین گے کہ تم کو بولنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ مین کرناٹک کے مسلمانون کو ایسی حالت مین دیکھتا ہون کہ جس نے جگر کو کباب کر دیا ہے اس لئے مجبوراً بولنا پڑتا ہے
اس وقت بلگام کے بعض مسلمانون کو برا معلوم ہوگا کہ ہماری حالت تو ابھی خاصی ہے یہ شخص کیا بکتا ہے۔ لیکن آپ دہاڑ واڑ اور ہبلی کو دیکھئے کہ وہان کیا حالت ہے اگر یہان کے مسلمانون کی حالت سدھر گئی تو وہ اپنے فرض سے ادا نہین ہوئے جب تک آپ تمام کرناٹک کے مسلمانون کی حالت نہ سنبھالین گے آپ کی حالت سنبھلی ہوئی نہین سمجھی جائیگی کرناٹک کے مسلمانون کی حالت کو کوئی کیا بیان کرے یہ وہ دردناک افسانہ ہے جو دلون کو پارہ پارہ کر دیگا۔
افسوس ہم مسلمان کون تھے اور کیا ہو گئے کس بلندی پر تھے اور کس پستی مین گر گئے اس زمانہ مین جب نہ ریل تھی نہ موٹر ہمارے بزرگ علم کے لئے اہل و عیال کو چھوڑ کر بحر و بر کا سفر کرتے تھے جا بجا مارے مارے پھرتے تھے ہم بھی اسی پیغمبر کے خادم ہین جس نے دنیا کو علم کی روشنی سے منور کیا جہالت کو دور کیا اور عرب جیسی جاہل اور وحشی قوم کی اصلاح کی جس کو دیکھکر ہر شخص انگشت بدندان ہے۔ لیکن اب ہمارا وہ تمدن برباد ہو گیا اور ہماری عظمت وشان خدا جانے کہان چلی گئی غور کیجئے کہ اس ادبار کا کیا سبب ہے؟ آپ کہین گے کہ اب زمانہ ہی بگڑ گیا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا زمانہ صرف ہمارے لئے بگڑا ہوا ہے یا اورون کے لئے بھی کیا ہمارا خدا نعوذ باللہ ہمارا دشمن ہے، افسوس صد افسوس!!

حقیقت یہ ہے کہ ہر قوم نے ترقی کے لئے کوشش کی ہے اور باہم اتحاد پیدا کرلیا ہے لیکن ہم برخلاف اسکے ہمیشہ شر و فساد اور خانہ جنگی پر آمادہ رہتے ہین، اہل ہنود مین علم صرف برہمنون کے لئے مخصوص تہا لیکن اب شودر تک تعلیم حاصل کر رہے ہین اور ہم شودر بنکر ان کی خدمت کرتے ہین۔

سنسکرت ایک مردہ زبان ہے لیکن اسکے لئے برابر کوشش جاری ہے اور ہم زندہ زبان عربی کو دفن کر رہے ہین۔ سنسکرت کی یہ حالت ہے کہ اس کی تعلیم کیلئے وظائف دئے جاتے ہین کتب خانے قائم کیے جاتے ہین لیکن عربی کے لئے جو کچھ کرنا چاہیے نہین کیا جاتا۔

عام شکایت ہے کہ انگریزی خوان انگریزی پڑھ کر مذہب سے بے تعلق ہوجاتے ہین یہ صحیح ہے اس کا سبب یہ ہے کہ ان کو عربی نہین پڑھائی جاتی اور مذہبی تعلیم اصل عربی زبان مین نہین دی جاتی اور ترجمہ وغیرہ سے کوئی حقیقی فایدہ نہین پہنچتا اس لئے نہایت شدید ضرورت ہے کہ انگریزی خوان جماعت کو عربی حاصل کرنیکی ترغیب دی جائے اور اس کے لئے ندوۃ العلماء کے اجلاس مین وظائف کا اعلان کیا جائے۔

مسلمانون کی تعلیمی حالت یون تو عام طور پر ابتر ہے لیکن کرناٹک کے مسلمانون کی تعلیمی پستی اور جہالت کی تو کوئی انتہا نہین بعض مقامات پر ان کی جہالت کا یہ عالم ہے کہ وہ بت پرستی کرتے ہین۔ بتون پر بکرے چڑھاتے ہین وحشت و جہالت کی تمام رسمین ان مین موجود ہین، ان مین گریجویٹ ایک بھی نہین اور جو ہین وہ باہر کے، یہ تعلیمی و اخلاقی حالت ہے، مالی حالت کی بھی یہی کیفیت ہے بوجہ افلاس کے نہ عمدہ مکان میسر ہے نہ اچھی غذا حاصل ہے، نہ صحت قابل اطمینان،

اس وقت خوش قسمتی سے ندوۃ العلما کا اجلاس ہو رہا ہے اور یہان ہر قسم کے اہل کمال موجود ہین ایسی صحبت والی جماعت ہمیشہ میسر نہین آسکتی اس موقع کو ضایع نہ کیجئے اپنی آیندہ حالت پر غور کیجئے اور اس موقع سے کچھ فایدہ حاصل کیجئے، دستور ہے کہ پیاسا کنوین کے پاس جاتا ہے کنوان خود نہین آتا۔ لیکن یہان تو ندوہ کی ندی خود بہ کر آئی ہے۔ آپ کی بدقسمتی ہوگی

اگر آپ اس موقع سے فایدہ نہ حاصل کرین، بہتر ہوگا کہ آپ یہان کے مسلمانون کی مذہبی تعلیم کے لئے کوئی خاص انتظام کیجئے. یہان نہ کوئی عربی مدرسہ ہے نہ کتب خانہ نہ علمی بحث ومباحثہ نہ علمار کی قدر ومنزلت، اس کا سبب یہ ہے کہ آپ خود صاحب علم نہین ہین اس لئے علم کی قدر ومنزلت کیسے کر سکتے ہین.؟

برادران اسلام! غیر اقوام کی ترقی کی رفتار کے مقابلہ مین ہماری حالت یہ ہے کہ گویا وہ ریل اور موٹر کے سوار ہین اور ہم گدہے کے سوار یہ ہنسنے کا موقع نہین ہے بلکہ رونے کا کہ ہماری قوم کی حالت اب اسقدر ناگفتہ بہ ہے کہ ہم تمام دنیا مین بدنام ہین اور غیرون کے سامنے ذلیل ورسوا۔

پروفیسر صاحب کی مندرجہ بالا تقریر جس کا ضروری ملخص حتی الامکان خود پروفیسر صاحب کے الفاظ مین نقل کیا گیا ہے نہایت توجہ سے سنی گئی۔ آپ کی تقریر کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے فرمایا کہ مسٹر عبد الصمد پروفیسر نے اس وقت درحقیقت تقریر نہین کی بلکہ اپنے دل و جگر کے ٹکڑے نکالکر آپ کے سامنے رکہدیئے ہین۔ امید ہے کہ اس تقریر سے فایدہ پہنچیگا اور اس کا اثر ہوگا۔

اب مولانا سید سلیمان ندوی حاضرین کے سامنے تشریف لائے اور آپ نے فرمایا! حضرات! غالباً آپ کو معلوم ہوگا کہ حضور سرکار عالیہ فرمانروائے بھوپال خلد اللہ ملکہا نے بھوپال مین ایک لیڈیز کلب قائم کیا ہے اُس کے سکریٹری جناب آپہ زبیگم صاحبہ ہین انہون نے ایک مراسلہ جناب ناظم صاحب کی خدمت مین بہیجا ہے اُن کا خیال ہے کہ ندوۃ العلما کی تعلیمی جدوجہد صرف مردون تک نہ محدود رہنا چاہیئے بلکہ اس کو عورتون کے لئے بھی کچھ کام کرنا چاہیئے یہ مراسلہ حسب ذیل ہے۔

## مراسلہ جناب آپہ زبیگم صاحبہ سکریٹری لیڈیز کلب بھوپال

بخدمت اقدس۔ علمائے ملت وا کابر امت۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ
مین ایک ایسے مجمع کو جس مین امت نبویہ کے باعظمت رہبر اور ملت اسلام کے مقتدر ہادی جمع ہین خطاب کرتے ہوئے بیم ورجا کے عالم مین ہون اور میرا قلم میرے مدعائے دلی کو بیان کرنے مین لرزتا ہے لیکن چونکہ یہ حق و انصاف کا مسئلہ ہے اس لئے بغیر کسی موثر اور شاندار تمہید کے مین عرض مدعا پر آمادہ ہوگئی ہون اور مجھے یقین ہے کہ میری یہ جسارت خلافِ آداب تصور نہ کی جائیگی۔

اے علمائے ملت کیا ہمارے ضعیف طبقہ کا بھی کوئی حق آپ پر ہے اگر نہین ہے تو مین اپنی امید اور اپنے شکوون کو عذر تعصیہ کے ساتھ واپس لیتی ہون اور اگر کوئی حق ہے اور آپ کو اس امر کا اطمینان ہے کہ ہم عورتین بھی مسلمان اور امت محمدیہ مین داخل ہین تو مین آپ سے بہ ادب یہ امر دریافت کرنیکی جرأت کرتی ہون کہ آپ نے ہماری مذہبی تعلیم اور ہماری نجات سے کیون بے اعتنائی اختیار فرمائی ہے۔

آج ہندوستان مین مذہبی تعلیم کے متعدد دارالعلوم قائم ہین جن مین آپ اپنی صنف کو تعلیم دیتے ہین لیکن کیا کسی ایک جگہ بھی ہماری مذہبی تعلیم کا انتظام ہے

یا تو آپ یہ سمجھے ہوئے ہین کہ ہم اس مذہبی جہالت کے باوجود بغیر کسی مواخذہ عقبیٰ کے نجات پاجائینگے یا آپ کے نزدیک ہماری نجات کی ضرورت ہی نہین۔

آپ دیکھتے اور محسوس کرتے ہین کہ اسلامی تربیت کا روز بروز زوال ہو رہا ہے اسلامی اعمال کا انحطاط سرعت کے ساتھ رونما ہے آپ کی کوششین اس سیلاب عظیم کے روکنے مین ناکام ہین اور اگر کوئی قوت اس کو روک سکتی ہے تو وہ ہمارے ہی کمزور ہاتھون مین ہے لیکن آپ اس کی پروا نہین کرتے۔

آپ دیکھتے ہین کہ وہی مذہبی بے پروائی جو مردون مین ہر اب عورتون کی دوسری نسل تک پہنچ گئی ہے اور پھر بھی افسوس ہو کہ آپ کو توجہ نہین۔

کس قدر حیرت کی بات ہو کہ سرکاری کوششوں کا رخ تو ہماری مذہبی تعلیم کی جانب ہو جائے اور آپ ایسی بے اعتنائی کو جائز تصور کرین کہ اس اہم ضرورت کو کبھی خیال مین بھی لائین آپ خوب واقف ہین کہ جدید تعلیم کا رجحان آپ کی بیٹیون اور بہنون مین پیدا ہو گیا ہے اور وہ اس غیر خالص تعلیم کے حصول مین کوشان ہین آپ یہ بھی جانتے ہین کہ اس تعلیم سے بغیر خاص انتظامات اور بغیر مذہبی تعلیم کو شامل کئے ہوئے کیا کیا نقصان اور کیسے کیسے مخفی خطرات ہین مگر آپ کے اس علم و واقفیت سے ہم کو کیا حاصل ہے خواہ علماے کرام کے نزدیک یہ قابل اعتنا نہ ہو لیکن ہم جیسے ضعیف العقاید اور وہمی مخلوق کے لئے نہایت ندامت کی بات ہے کہ بجائے قرآن حکیم کے ہماری بیٹیان جبر و اختیار کی صورت مین اپنی استانیون سے مقدس بائبل کا سبق پڑھین۔

ایک مشنری لیڈی کے یہ الفاظ کہ اکثر اوقات آپکی نہایت متعصب خیال کی مستورات بالآخر بائبل کو نہایت دلچسپی اور اشتیاق سے پڑھنے لگ جاتی ہین کیا بصیرت و عبرت نہین کہتے کیا آپ کے لئے ان اولوالعزم خواتین کی یہ کوشش کہ مسلمان مستورات کے لئے قرآن حکیم کے ارشادات اور تعلیمات سے واقفیت حاصل کرنا اور اس کے محاسن و فضائل کو معلوم کرنا ضروری ہے آپ کی توجہ منعطف کرنے کے لئے کافی نہین ہے۔

آخر ہمارا کیا قصور ہے کہ آپ نے ہم کو فراموش کر دیا ہے ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تو یہ تعلیم و ہدایت نہین ہے آنحضرتؐ روحی فداہ نے تو ہمارے ساتھ سلوک ہمدردی اور ہماری عزت کی ہدایت فرمائی ہے آپ نے حضرت حفصہ رضؓ کو تعلیم دلاکر آپ کے لئے ایک عملی نمونہ قائم فرما دیا ہے۔

آپ مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ تیرہ سو برس سے آپ پر اس تعلیم مین آپ کی ماؤن اور بہنون کا بھی احسان ہو آپ تمام علماے کرام ہماری ماں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے ہی مرہون منت ہین۔

ہم مین سے جب کسی نے اس تعلیم سے فیض پایا ہے تو آپ کو فراموش نہین کیا اور شفقت اور مرحمت کے ساتھ تعلیم دی اور اس آخری زمانہ مین بھی آپ کے بڑے بڑے مشہور دار العلوم خواتین اسلام کے ہی رہین احسان ہین اگر آپ عورتون کے لئے دار العلوم قائم نہین کر سکتے ہین تو آپکی سعی و کوشش سے کچھ اسلامی روایات و تاریخ کا ہی ایسا مواد فراہم ہوجاتا جو ہماری عصبیت قائم رہنے مین معین و مددگار ہوتا آج وہ زمانہ تھا کہ عقاید و مسائل و فقہ کی مستند کتابین کثرت کے ساتھ شایع ہوتین اگر ہم عربی پڑھنا چاہتے تو نہایت سلیس اور عام فہم کتابین صرف و نحو کی مہیا ہوتین اور کم از کم ہر جگہ علما کے خاندانون مین دو دو چار چار خواتین کی اتنی قابلیت ہوتی کہ وہ مشتاقان تعلیم کو تعلیم دے سکتین وہ زنانہ مجلسون مین بے تکلفی کے ساتھ وعظ کہتین اور دلپذیر نصائح سے مستفید کرتین -

مین نہایت ادب سے علمائے کرام سے عرض کرون گی کہ انھون نے نہ صرف ہماری ہستی کو فراموش کر دیا بلکہ ان ہزارون نونہالون کو جن پہ خاندانون کی آئندہ زندگی کا دارومدار ہے بھلا رکھا ہے-

باوجود سرکاری اجازت کے ہمارے علمار مدارس مین گھنٹہ بھر کے لئے بھی مذہبی تعلیم کا انتظام نہ کر سکے اور ہزارون طلبا اپنے ہادی برحق رسول کریم رحمتہ اللعالمین کے حالات تک سے ناواقف ہین

یہ سخاوت بھی ایک محترم خاتون ہی کے حصہ مین تھی کہ ایک طرف اعلی تعلیم یافتہ مسلمانون کے لئے جہان سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا انتظام کیا وہان ان معصوم ہستیون کے لئے بھی بندوبست کر دیا حالانکہ یہ کام اس مجلس علمار کا تھا

آپ اس وقت جن اہم مسائل پہ غور کرنے کے لئے جمع ہوئے ہین خدا و رسول کے لئے ان مسائل مین ہماری مذہبی تعلیم کا مسئلہ بھی زیر غور رکھا جائے۔

اب مین نہایت ادب سے التماس کرتی ہون کہ اگر میرے اس تلخ و تند شکوہ و شکایت مین کوئی لفظ ناگوار خاطر یا غلط ہو تو معاف فرمایا جائے

اس مراسلہ کو تمام و کمال سنانے کے بعد آپ نے فرمایا۔ حضرات! آپ کے سامنے جو تحریر پڑھی گئی اس پر آپ نے غور کیا ہوگا یہ صحیح ہے کہ اب تک ندوہ کی تمام تر کوشش صرف مردوں تک محدود رہی، یہ خواہش کہ جس طرح گذشتہ زمانہ مین خواتین اسلام گذری ہین اب بھی ویسی ہی پیدا ہون نہایت عمدہ خواہش ہے لیکن یہ کام سہل نہین ہے میرے خیال مین درجہ بدرجہ ترقی ہونا چاہئیے ابھی تو ہم مردون کی تعلیم سے بھی فارغ نہین ہوئے ہین، مگر باوجود اسکے ہم عورتون کی تعلیم و تربیت سے بھی غافل نہین ہین،

ندوۃ العلماء نے ایک مشین تیار کی ہے یعنی دارالعلوم اس سے جو مختصر سی جماعت نکلی ہے اس مین سے چند باوجود مختلف اشغال تعلیم و تربیت مین بھی مصروف ہین لیکن ان لوگون کو دارالعلوم سے نکلے ہوئے ابھی بہت تھوڑا زمانہ گذرا ہے اسلئے جو کام مدتون مین انجام پانے کے لائق ہے وہ اسقدر جلد کیونکر انجام دیا جاسکتا ہے، ہمارے طلباء کو ندوہ سے فارغ التحصیل ہوئے زیادہ سے زیادہ آٹھ برس گذرے ہین اور اکثر کو اس سے بھی کم لیکن باوجود اس کے مجھکو امید ہے کہ برادران ندوہ اس بارہ مین کسی سے کم نہین رہین گے۔

سب سے پہلے ایک فرزند[1] ندوہ نے (جن کا نام لینا مناسب نہین) سیرت عائشہؓ تصنیف کی جو گویا ندوہ کا ایک کارنامہ ہے یہ کتاب اپنے موضوع پر پہلی کتاب ہے جس مین اول اسلام کی تاریخی اور نامور خاتون کے حالات لکھے گئے ہین اس کام کے انجام تک پہنچنے مین سرہائنس سرکار عالیہ کے اشارہ کو بھی دخل ہے۔

اب مین ایک دوسرے کام کی طرف آپ کو متوجہ کرتا ہون ندوہ کے ایک دوسرے فرزند مولوی عبدالرحمن صاحب نگرامی مدرس مدرسہ سرائے میر نے عورتون کے متعلق ایک خاص مذہبی خدمت انجام دی ہے یہ اجزا جو آپ میرے ہاتھ مین دیکھتے ہین قابل مطالعہ ہین یہ تاریخ نساء المسلمین کا مقدمہ[2] ہے، آپ اس کی فہرست مضامین دیکھئے کہ کس استقصاء اور ریزہ چینی کے ساتھ عورتون

---

[1] یہ کتاب مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے تصنیف فرمائی ہے [2] یہ مقدمہ بطور ضمیمہ روداد علیحدہ طبع ہوکر شایع ہوگا۔

کے متعلق مضامین و حالات لکھے ہین غرض عورتون کے متعلق کچھہ نہ کچھہ خدمت فرزندان ندوہ نے کی ہے

اس موقع پر ایک خاص بات بیان کرنے کے قابل یہ ہے کہ خود ہمارا دارالعلوم ایک بیگم کا ہے اور سب سے زیادہ تعلیمی وظیفہ بھی ہم کو ایک بیگم سے حاصل ہوتا ہے یعنی سرکار عالیہ فرمان روائے بھوپال سے

اب مین جناب ناظم صاحب کی اجازت سے یہ اعلان کرتا ہون کہ یہ طے کیا گیا ہے کہ بعد اجلاس سالانہ یہ مراسلہ غور و بحث کے لئے ارکان انتظامیہ کے سامنے پیش کیا جائیگا۔

---

اس کے بعد مولوی عبدالرزاق خانصاحب متعلم درجہ تکمیل دارالعلوم ندوۃ العلماء پلیٹ فارم پر آئے اور مصر کی تعلیمی حالت پر ایک دلچسپ اور پر از معلومات تقریر کی چونکہ یہ تقریر تازہ حالات اور جدید معلومات پر مشتمل تھی اس لئے حاضرین نے اس کو نہایت توجہ اور دلچسپی سے سنا

# مصر کی تعلیمی و اخلاقی حالت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد و علی آلہ و اصحابہ اجمعین

جناب صدر جلسہ! علمائے کرام! اور دیگر حاضرین! یہ خاکسار جو آپ کی سمع خراشی کے لئے کھڑا ہوا ہے اس حیثیت سے آپ کے روبرو پیش کیا گیا ہے کہ اس نے طلب علم کے واسطے ہندوستان سے ملک مصر کا سفر اختیار کیا اور وہان اس مہیب و برباد کن جنگ کے دوران مین چار سال تک مقیم رہکر مشغلہ علمی کو جاری رکھا۔

حضرات مسلمانون کی موجودہ حالت کے لحاظ سے اس قسم کے علمی سفر تعجب انگیز معلوم ہوتے ہون گے لیکن آہ ابھی تک ہمین وہ زمانہ یاد ہے جب ہم تشنہ علم سے مخمور اس کی تلاش

وجستجو میں دیوانہ تھے۔ ہماری نگاہوں میں وہ مقدس ہستیاں پھر رہی ہیں جو آب حیات کی طلب میں بے تابانہ کبھی عرب و افریقہ کے تپتے ہوئے صحراؤں میں بادیہ پیمائی کرتیں اور کبھی بحر زخار کی ہولناک موجوں کو چاک کرتی تھیں، عجب دھن تھی۔ عجب جوش و ولولہ تھا! عبداللہ بن عبدالرحمن الدارمی سرزمین سمرقند سے اٹھتے اور حرمین، خراسان، عراق شام اور مصر کی خاک چھان کر واپس ہوتے ہیں، تو امام دارمی ہو جاتے ہیں! امام ابوحاتم رازی نو ہزار میل سے زائد زمین طے کر ڈالتے ہیں، مگر پھر بھی تشنگی علم کی شدت سے العطش العطش پکارتے ہیں! امام محمد بن اسمٰعیل البخاری مصنف صحیح چودہ برس کی عمر سے طلب علم کے لئے وطن سے بے وطن ہو جاتے اور ساری عمر اسی کوچہ گردی میں بسر کر دیتے ہیں اور یہ اس زمانہ میں جب نہ ریل تھی نہ جہاز تھے اور نہ سفر کی موجودہ آسانیاں تھیں!

پس اے حضرات! جس قوم کے فرد فرد کی کبھی یہ حالت ہو اس کو دیکھتے ہوئے مجھ ناچیز کا یہ مختصر اور معمولی سفر کیا وقعت رکھتا ہے۔ لیکن اب ہم ان نفوس قدسیہ کو کہاں پائیں؟ مدت ہوئی کہ ہماری قومی اولوالعزمی پہ اوس پڑ گئی سفر کو ہم سقر سمجھنے لگے، خصوصاً طلب علم کے لئے تو وہ اچنبا تصور کیا جانے لگا۔ اسی بنا پر ابتدائے سفر سے اس وقت تک میں برابر دیکھ رہا ہوں کہ متعجب نظریں مجھ پر پڑتی ہیں اور حیرت کے ساتھ انگلیاں میری جانب اٹھتی ہیں، حالانکہ شتان ما بینی و بین اسلافی!

اور اگر اے حضرات حقیقت میں یہ موجودہ افسوسناک حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ حقیر عمل کوئی اہمیت اور ستائش کا پہلو رکھتا ہے تو اس کا سہرا فی الواقع ندوۃ العلماء کے سر ہے جس کے گہوارہ علمی میں چودہ سال کی عمر سے میں ڈال دیا گیا اور جس کی چہار سالہ تعلیم و تربیت نے مجھ میں وہ روح پھونک دی کہ میں سنت سلف کے احیاء پر کمربستہ ہو گیا اور جملہ آرام و راحت عیش و مسرت اور گھر بار پر لات مار کر اور عزیز و اقارب اور ضعیف والدین کو گریاں و سوزاں چھوڑ کر نکل کھڑا ہوا!

حضرات! مین اس سوال کے جواب سے قاصر ہون کہ درسیات مین سے کس کتاب اور مشفق اساتذہ مین سے کس استاد کے پند ونصائح نے یہ جذبہ پیدا کیا تھا؟ مجھے تو صرف اتنا معلوم ہے کہ ظرف خالی کے مانند قلب لیکر مین دارالعلوم ندوۃ العلماء کی چہار دیواری مین داخل ہوا اور ۸۸ ماہ کی اقامت کے بعد اس مین جذبات گوناگون کا ایک سیلاب تھا جو مجھے بحر ہند اور بحر قلزم کی موجون مین اچھالتا ہوا رود نیل کے ساحلون تک بہا لے گیا! یہ کوئی اتفاقی یا میرے ہی ساتھ مخصوص امر نہ تھا بلکہ میرے علاوہ مولوی عثمان صاحب ندوی بھی جو اس وقت جماعت پنجم مین تعلیم حاصل کرتے تھے اس قسم کے جذبات سے بیتاب ہو کر مصر روانہ ہوئے اور اب چھ سال قیام کرنے کے بعد گذشتہ ماہ مارچ مین واپس آئے ہین!

پس مین اور میرے مانند تمام وہ لوگ جنہون نے اس سرچشمہ حیات سے فیض حاصل کیا ہے اپنی زندگی کے تمام ادوار مین جو کچھ بھی کرسکین وہ سب ندوۃ العلما کی جانب منسوب ہونا چاہیئے کیونکہ اس نے ہمین کام کرنے کی صلاحیت عطا کی ہے، ندوۃ العلماء کے احسانات اتنے ہمین مین کہ ہم ان سے کبھی سبکدوش ہوسکین اس موقع پر بے ساختہ یہ شعر زبان پر آجاتا ہے ؎

افادتکم النعماء منی ثلاثۃ ❊ یدی ولسانی والضمیر المحجبا

محترم سامعین! مین نے ایسی حالت مین سفر کیا تھا جبکہ مین کم عمر یعنی ۱۸ سال کا تھا، ناتجربہ کار تھا، کبھی سفر سے سابقہ نہ پڑا تھا بے سر وسامان تھا اور بجز خدا کی ذات برتر کے کسی کا سہارا نہ تھا۔ لیکن جن تکالیف سے سفر شروع کرنے سے پہلے مین ڈرایا جاتا تھا وہ پیش نہ آئین بلکہ بعض ایام جنگ کو مستثنیٰ کرکے مین نے تمام زمانہ سفر آرام سے گذارا، مین حیران ہون کہ وہ کون سی شئی تھی جو لوگون کو میری مدد واعانت پر آمادہ کردیتی تھی مجھے بکثرت ایسے لوگ ملے جنہون نے بے لاگ میری خدمت کی اور کسی قسم کی اعانت سے دریغ نہین کیا جب مین ان امور پر غور کرتا ہون تو قرآن مجید کی یہ آیت پیش نظر ہوجاتی ہے "ومن یھاجر فی سبیل اللہ یجد فی الارض مراغما کثیرا وسعۃ" اللہ اکبر! طلب علم کے لیئے ہجرت کتنے مراتب رکھتی ہے! پس

مین اپنے ہم مشرب طلبہ سے عرض کرون گا کہ بنیت خالص کے ساتھ اس مقدس مقصد کے حصول کے لئے نکلیں اور پھر دیکھین کہ ہر مقام پر دنیا کس طرح ان کیلئے آنکھین بچھاتی ہے اور اگر اس راہ مین ٹھوکرین کھانا بھی پڑین تو ان کو راحت اور باعث رفع درجات سمجھنا چاہئیے

حضرات مین نے بہت سے لوگون کو اعتراض کرتے سنا ہے کہ جبکہ ہندوستان مین تمام علوم دینیہ اوران کے بہترین ماہر موجود ہین تو پھر زحمت سفر برداشت کرنیکی کیا ضرورت ہے؟ ان سے مین اس قدر گذارش کرونگا کہ اگر یہ دعوی تسلیم بھی کر لیا جائے تو بھی اس سے کسی دانشمند کو انکار نہین ہوسکتا کہ سفر بجائے خود ایک زبردست درس ہے جسکے فوائد بغیر اسے اختیار کئے ہوئے حاصل نہین ہوسکتے! خود رب العزت کا فرمان ہمارے لئے کافی دلیل ہے" افلم یسیروا فی الارض فتکون لھم قلوب یعقلون بھا او آذان یسمعون بھا ولعین یبصرون بھا فانھا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب اللتی فی الصدور" کسی نے سچ کہا ہے ؎

بسیار سفر باید تا پختہ شود خامی

علاوہ ازین ممالک اسلامیہ کی سیاحت و اقامت سے دو نہایت اہم فایدے حاصل ہوتے ہین (۱) اول یہ کہ انسان کی روحانیت تازہ ہوجاتی ہے وہ عام افسردگی جو دیگر ممالک کے مسلمانون مین پائی جاتی ہے اس کا ممالک اسلامیہ کے مسلمانون مین وجود نہین ہے وہ ہمیشہ بھرے بھرے زندہ معلوم ہوتے ہین۔ مصر جو درحقیقت مذہبی اور اخلاقی حیثیت سے بدترین اسلامی ملک ہے لیکن پھر بھی جو جوش و خروش اور جو دلولہ و حرارت وہان دیکھنے مین آتی ہے اس کا ہندوستان کے آسمان کے نیچے نظر آنا غیر ممکن ہے!

دوسرا فایدہ یہ ہے کہ وہان کی مروجہ زبان کے ذریعہ سے فصیح عربی کے حاصل کرنے مین بڑی مدد ملتی ہے چنانچہ مین کل چھ ماہ کی معمولی کوشش مین بخوبی عربی مین گفتگو کرنے اور اخبارات و کتابین مطالعہ کرنے لگا تھا اس معاملہ مین میری ذاتی رائے یہ ہے کہ ان ممالک کی ایک سال کی تعلیم یہان کے تین سال کی تعلیم کے مساوی ہے۔ اس مین بہت کچھ دخل

زبان کو ہی اور بہت کچھ تعلیم اور طریقہ تعلیم کو!

اس کو دیگر ممالک اسلامیہ مین بھی تعلیمی پہلو سے خاص اہمیت حاصل ہے، بلاد عرب اور بلاد افریقہ تو جہالت کی تاریکیون مین بھٹک رہے ہین، اگر علمی چہل پہل ہے تو شام اور مصر مین ہے اور شام مین بھی خصوصیت سے صرف بیروت کو حاصل ہی، ورنہ باقی ملک کی حالت زبون ہے لیکن ان دونون مقامون مین بھی ترجیح مصر ہی کو ہے' اس لیے کہ یہان علمی چرچہ بہ نسبت بیروت کے زیادہ ہے اور اس لحاظ سے بھی کہ وہان تعلیم سراسر غیر مسلم ہاتھون مین ہی اور یہان مصر مین مسلم ہاتھون مین۔ مصر اور شام کے متعلق یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیئے کہ شام کی ترقی غیر مسلمون مین محدود ہے اور مصر کی مسلمانون مین، اگرچہ قبطی بھی غیر معمولی تیزی سے تگ و دو کر رہے ہے اور مسلمانون کے برابر ہوجانے والے ہین لیکن قلت تعداد کی وجہ سے ان کو اہمیت نہین ہی۔ مصر کی کل آبادی ایک کرور بیس لاکھ ہے جس مین مسلمان ایک کرور ہین اور باقی بیس لاکھ مین تمام غیر قومین جن مین بمشکل ۵-۶ لاکھ قبطیون کی آبادی ہے ان تمام امور کو پیش نظر رکھکر مصر ہی اسباب کے واسطے مناسب ہے کہ وہان جاکر فایدہ اٹھایا جائے۔

حضرات! مجھے عرض کرنا بہت ہے اور وقت کم ہے اس لئے مجبور ہون کہ عجلت کے ساتھ سرسری طور پر مصر کے کچھ حالات بطور نمونہ کے پیش کردون جس سے آپ کو وہان کی حالت کا اندازہ ہوسکے۔ سب سے پہلے وہان کی تعلیم کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہون امید ہی کہ توجہ سے سنینگے۔

## مصر کی تعلیمی حالت

ہندوستان کی بہ نسبت مصر تعلیم مین بہت آگے بڑھگیا ہے اس وقت اُس مین تقریباً ۹ فیصدی مرد اور ۳ فیصدی عورتین نوشت و خواند کرسکتی ہین۔ ظاہر ہے کہ یہ ایسی ترقی ہے جس پر مصر کو بجا طور پر فخر ہونا اور مسلمانان ہند کو شرمانا چاہیئے!

ہندوستان کی طرح مصر مین بھی دو قسم کی تعلیم رائج ہے قدیم اور جدید اور بدقسمتی سے ان دونون مین وہی تنافر و تباغض اور تمیز و تفریق موجود ہے جس کا رونا ہندوستان مین ہے، حامیان تعلیم قدیم ہر جدید بات سے نفرت کرتے اور اسے ملک و مذہب کیلئے باعث بربادی و ہلاکت تصور کرتے ہین۔ اسی طرح جدید تعلیم کے حامی ہر قدیم چیز سے بیزار ہین اور اسے نہایت ذلت و حقارت کی نظر سے دیکھنے کے عادی ہین، کاش کہ ہر جگہ کے یہ دونون فریق ٹھنڈے دل سے غور کرتے کہ ان کے اس اختلاف و نفاق سے مسلمانون کو کتنے شدید نقصان پہنچ چکے ہین اور ابھی معلوم نہین کہ کتنے اور پہنچین گے؟ لیکن ہیہات متعصب کی آنکھین کہان ہوتی ہین کہ دیکھے اور قلب کہان ہوتا ہے کہ غور کرے؟ اللھم ارحم

ذیل مین ان دونون تعلیمی قسمون کی اجمالی حالت ملاحظہ ہو۔

## جدید تعلیم

جدید تعلیم کا نام مصریون نے سب سے پیشتر نپولین کی زبان سے سنا اور محمد علی بادشاہ خدیو مصر کے ذریعہ سے اس کا چہرہ دیکھا اس بیدار مغز اور حیرت خدیو نے باوجود اپنی امیت و جہالت کے چند سال مین مصر کی کایا پلٹ دی اس نے ملک سے ذہین اور ہونہار طلبہ کو منتخب کر کے بغرض تعلیم فرانس روانہ کرنا شروع کیا تاکہ وہان اعلیٰ تعلیم حاصل کرین اور خود اندرون ملک مین بہت سے مدرسے جاری کئے جس مین درس و تدریس کی خدمت فرانسیسی پروفیسرون کے متعلق کی، ترجمے کرانا شروع کئے اور شہرۂ آفاق سرکاری مطبع محلہ بولاق مین قائم کیا جو اب تک موجود لاثانی ہے غرضکہ اس کی ان تھک کوششون نے بہت جلد مصر مین چار چاند لگا دیئے اور وہی مصر جسکے فضائے آسمانی پر جہل و وحشت کی گھنگھور گھٹائین چھائی ہوئی تھین، آفتاب علم کی روشنی مین آکر جگمگا اٹھا اس کے بعد اس کے جانشینون کی توجہ بھی برابر اس طرف مبذول رہی اور مدت کے سب

اس کے رواج دینے مین کوشان رہے۔

انگریزی اختلال سے قبل مصری صرف فرانس کو اپنا علمی قبلہ تصور کرتے تھے، انگریزون کے آنے کے بعد وہ انگریزی زبان سے روشناس ہوئے لیکن باوجود گورنمنٹ کی بیحد کوششون کے وہ اب تک اس سے اتنا مانوس نہین ہوئے ہین جتنا فرنچ سے تھے۔ چنانچہ عہد انگریزی مین چند افراد بھی غیر معمولی قابلیت کے نہین پیدا ہوئے حالانکہ اب بھی فرانسیسی کے بہت سے ماہر موجود اور ملک کی بہترین خدمات انجام دیرہے ہین

اس عجیب امر کی وجہ یہ ہے کہ مصریون اور فرانسیسیون مین حیرت انگیز طبعی اتحاد ہے، دونون کے اخلاق وعادات بہت کچھ مشابہت رکھتے اور دونون ایک دوسرے سے بہت جلد مانوس ہوجاتے ہین!

مصر مین جدید تعلیم تین درجون پر تقسیم کردی گئی ہے (۱) ابتدائی (۲) ثانوی (سکنڈری) اور (۳) اعلی لیکن یہ کس قدر افسوسناک واقعہ ہے کہ اتنے بڑے ملک مین بمعنی صحیح ایک بھی اعلی تعلیم گاہ نہین ہے جسے کالج کہا جاسکے۔ تمام مدارس ابتدائی اور ثانوی ہین ہان مدرسہ طب اور مدرسہ وکالت وغیرہ چند مدرسے ہین جن کو چاہو تو کالج کہلو۔

مصر کی ملکی زبان عربی ہے جو اگرچہ عام گفتگو مین بگڑی ہوئی مستعمل ہے لیکن تحریرا اور سرکاری دفاتر و مدارس مین فصیح رائج ہے اور یہی سرکاری زبان بھی ہے اور بطور زبان ثانی کے انگریزی بھی عام ہے، بعض علوم عربی مین پڑھائے جاتے ہین اور بعض انگریزی مین انگریزی کی تعلیم کے لئے عموما انگریزون کی خدمات حاصل کی جاتی ہین، جو حق یہ ہے کہ اپنے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیتے ہین مگر جیسا کہ بیان کیا جاچکا ہے مصریون کو فطرتا اس زبان سے مناسبت نہ ہونے کی وجہ سے اس مین مہارت نہین حاصل ہوتی، اور مصری انٹرنیس پاس کی لیاقت اس درجہ کے ہندوستانی سے کم ہوتی ہے لیکن برخلاف اس کے اس جدید مدارس کے طلبہ کی عربیت نہایت عمدہ ہوتی ہے، اور ب اوقات

یہ دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ چوتھی پانچوین جماعت کا دوازدہ سالہ بچہ بلاتکلف عربی مین تقریر کر رہا ہے اور مطلق نہین جھجھکتا! یہ تعجب اس وقت اور بھی زیادہ ہوجاتا ہے جب اُس کے مقابلہ مین جامع ازہر کے ہشتم و نہم کے طلبہ کو عاجز پایا جاتا ہے! اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ جدید مدارس مین تعلیم مفید اور کارآمد طریقہ سے ہوتی ہے اور جامع ازہر مین ناکارہ اور عقیم طریقہ سے!

ان مدارس مین علم صرف نحو کی (کہ جس پر عربیت کا دار و مدار ہے) قدیم کتابین قطعاً نہین پڑھائی جاتین بلکہ ان کی بجائے جدید کتابین زیر درس ہین جو وزارت تعلیم کی اجازت سے شایع ہوئی اور "دروس النحویہ" کے نام سے مشہور ہین' ان کے چھوٹے چھوٹے چار حصے ہین جو بالترتیب چار سال مین ختم کئے جاتے ہین چوتھے حصے مین مسائل ہمارے یہان کی ابتدائی کتاب "ہدایۃ النحو" کے برابر ہون گے۔ اس حصہ کے ختم کر لینے کے بعد طالبعلم صرف و نحو کی جانب سے مستغنی ہوجاتا ہے!

حضرات! آپ تعجب کرینگے کہ اتنی قلیل صرف و نحو سے کیونکر کام چل سکتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ وہ بالکل کافی ہوتی ہے بشرطیکہ کارآمد اصول پر ہو مصری مدارس مین طریقہ تعلیم بالکل عملی ہے جس مسئلہ کو استاد بتانا چاہتا ہے صرف اس کی تقریر کر دینا ہی کافی نہین تصور کرتا بلکہ تختہ سیاہ پر مشرح طور پر اسے سمجھاتا ہے اس اثنا مین طلبہ ہمہ تن گوش رہتے اور ضروری باتین نوٹ کرتے جاتے ہین پنجشنبہ کو ہفتہ بھر کی تعلیم کا تحریری اور تقریری امتحان ہوتا ہے تقریری امتحان تختہ کے سامنے ہوتا ہے صورت مسئلہ اس پر لکھدی جاتی ہے جس پر ایک ایک طالبعلم تقریر کرتا اور ان اعتراضات کا جواب دیتا ہے جو اس کے ہم درسون اور استاد کی جانب سے کئے جلتے ہین غلطی کی حالت مین استاد تقریر کرتا اور مسئلہ کو ذہن نشین کرتا ہے۔ یہ قواعد کی تعلیم کا طریقہ جسکے مطابق ایک کتاب کا پڑھ لینا بھی کافی ہے۔

صرف و نحو کی تعلیم کے متعلق یہ بات بخوبی ذہن نشین رکھنا چاہئیے کہ وہ اس وقت تک ہرگز

مفید نہین ہو سکتی جب تک کہ عملی نہ ہو اور کسی ادیب یا کم از کم ادب سے ذوق رکھنے والے کے متعلق نہ ہو ہندوستان مین یہ بڑی کمی ہے اور اسی لئے یہان عربی تعلیم کس مپرسی کی حالت مین پڑی ہوئی ہے کہ بنیادی یعنی صرف و نحو مضبوط نہین ہوتی قواعد کا صرف ازبر کر لینا ہی کافی نہین ہے بلکہ ان کا جزئیات پر منطبق کرنا ضروری ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب زبان سے مدرس کو لگاؤ ہو مصر کے جدید مدارس مین یہ نکتہ ملحوظ رکھا جاتا ہے جس سے عمدہ نتائج نکلتے ہین اور برخلاف اس کے جامع ازہر مین وہ نظر انداز کر دیا جاتا ہے اس لئے اس کی حالت ہندوستان کی مانند ہے!

ادب یا لٹریچر کی تعلیم کا بھی تقریباً یہی طریقہ ہے۔ مشاہیر فصحاء و شعراء کے کلام کے مجموعے داخل درس ہین جن کو صرف پڑھا دینا ہی کافی نہین بلکہ حفظ کرانا ضروری ہے تاکہ ذوق صحیح پیدا ہو اور عربیت کا ملکہ پوری طرح ذہن نشین ہو جائے ہندوستان مین باوجود ادب کی بہت سی کتابین پڑھ جانے کے بھی دو سطرین بلا تکلف نہین لکھی جاتین تقریر کرنا تو درکنار اس کی وجہ یہی ہے کہ یہان حفظ کی جانب توجہ نہین کی جاتی مصری طلبہ اس پر بھی مجبور کئے جاتے ہین کہ تقریر تحریر اور گفتگو مین شستہ زبان استعمال کرین اس طرح بہت تھوڑے عرصہ مین ان کی زبانین صاف ہو جاتی ہین اور الفاظ کے اس خزانہ سے جو حفظ کے ذریعہ سے جمع کیا گیا ہے وہ نیکر خوب چلتی ہین!

حضرات! سلسلہ بیان مین اس طریقہ تعلیم کی جانب بھی مین آپ کی توجہ منعطف کرونگا جو نہایت مفید اور بارآور ہے اور مصر و دیگر ممالک یورپ و امریکہ مین عام طور سے رائج ہے اسکی ایجاد کا فخر اگرچہ مسلمانون کو حاصل ہے، مگر افسوس کہ مسلمانان ہندوستان اسے بالکل ہی فراموش کئے ہوئے ہین! اس سے میری مراد "القا" یا "املا" یا لکچر کے ذریعہ سے تعلیم دینا ہے اعلیٰ جماعتون مین کسی فن کی مخصوص کتابین پڑھائے جانے کے بجائے اساتذہ اس پر مستقل لکچر تیار کرتے اور پھر طلبہ کے روبرو سناتے ہین۔ اس سے بڑا فایدہ یہ ہوتا ہے کہ طلبہ مین ذوق اجتہاد اور تحقیق

پیدا ہوجاتا اور ان کی نظر بجائے کسی ایک یا چند کتابون مین محدود ہونے کے فن کے مختلف پہلوؤن پر ہوجاتی ہی۔ سخت ضرورت ہے کہ اس طرز کو ہندوستان مین بہی رواج دیا جائے۔

حضرات! ایک اور امر جس پر تعلیم کی کامیابی کا دارومدار ہے اور جو ہندوستان مین بڑی حد تک نظر انداز کردیا جاتا ہے مجھے عرض کرنا ہے اور وہ "انتخاب معلمین" ہے دنیا مین بہت کم ایسے معلم دستیاب ہوسکتے ہین جن کو علوم متداولہ مین سے ہر علم کے ساتھ یکسان دلچسپی اور ان تمام مین مساوی دستگاہ حاصل ہو پس یہ کتنی بڑی ناانصافی اور جہالت کی بات ہی کہ کسی مدرس کے متعلق ایسے فن کی تعلیم کردیجائے جس سے اس کو دلچسپی نہین ہے! ترقی یافتہ ممالک نیز مصر مین اس کی اہمیت بخوبی محسوس کی گئی ہے چنانچہ ہر فن کی تعلیم کے لیئے اس کے ماہرین چن لیئے جاتے ہین اور ان کو معاوضہ گھنٹون کے حساب سے دیا جاتا ہے اور اس طرح بہت ممکن ہی کہ یک معلم کئی مدرسون مین مختلف گھنٹون مین درس دیتا ہو۔

مصر مین جس شئے نے علمی گرما گرمی پیدا کی ہے وہ "مدارس لیلیہ" یا "شبینہ مدارس" مین ضرورت ہے کہ ہندوستان مین بہی اس قسم کے مدرسے ہر چھوٹے بڑے مقام پر جاری کیئے جائین جن مین کاروباری لوگ بہی با سانی چشمہ علمی سے سیراب ہوسکین اور ہندوستان کی قسمت جو جہالت کی وجہ سے سیاہ ہورہی ہے آفتاب علم کی ضیا سے منور ہوجائے سب سے زیادہ ضرورت تعلیم مذہبی کی ہے ہر مسلمان کو علی الاقل ضروری مسائل دین اور قرآن مجید کی تلاوت سے واقف ہونا لازمی ہے ظاہر ہے کہ کاروباری مسلمان اس کا موقع نہین پاسکتے اس لئے اگر مذہبی شبینہ مدرسے قائم ہوجائین تو وہ باسانی اس کمی کو پورا کرسکتے ہین یاد رکہئے مسلمان جب ہی ترقی کرسکتے ہین کہ اسلام پر مضبوطی سے قائم ہون اور یہ ناممکن ہی جب تک کہ اسکی تعلیمات سے واقف ہو

ایک اور امر جس نے تعلیم کو رواج دیا ہے وہ وہان کا فوجی قانون ہے جس کی رو سے ۱۸ سال کا ہر مصری فوج مین بہرتی کرلیا جاتا ہی صرف وہ لوگ مستثنیٰ ہوسکتے ہین جو کسی

اسکول جامع ازہر یا اس کی کسی شاخ مین تعلیم پاتے ہون، یا قرآن مجید حفظ کر چکے ہون یا ۲۱ پونڈ داخل کرین۔

حضرات! مصر مین وہ مدارس بھی بڑا کام کر رہے ہین جو شخصی فایدے کے لئے قائم کئے گئے ہین یعنی جن سے ان کے بانیون کی غرض محض تجارت اور کسب زر ہے میرے نزدیک یہ مدارس بہت مفید ہین کیونکہ ان کی ہمیشہ کوشش رہتی ہے کہ تعلیم بہتر سے بہتر اور سرکاری مدارس سے اچھی ہو تاکہ قوم ان کی جانب توجہ کرے اور طلبہ بکثرت داخل ہون اور جن مدارس مین ایسا نہین ہوتا وہ نقش بر آب ثابت ہوتے ہین! کیا حرج ہے کہ ہندوستان مین بھی اس قسم کے مدارس جاری ہون اور وہ اصحاب جو تعلیمی دلچسپی اور تجربہ رکھنے کے باوجود بھی مدرسی وغیرہ مین کافی منفعت نہ پانے کی وجہ سے اس لائن سے علیحدہ رہتے ہین وہ اجرانہ اصول پر مدارس قائم کرین خود بھی فایدہ اٹھائین اور قوم کی خدمت بھی انجام دین!

ہندوستان کے مانند مصر مین بھی تعلیمی انجمنیں قائم ہین جن کی زیر نگرانی بہت سے مدرسے چل رہے ہین ان مین سب سے زیادہ مشہور اور کام کرنے والی تین انجمنین "الجمعیۃ الخیریہ" "جمعیۃ عروۃ الوثقی" اور "جمعیۃ المساعی المشکورہ" ہین ان کا مقصد اساسی غریب بچون کی تعلیم و تربیت ہے جسے وہ باحسن وجوہ انجام دے رہی ہین، جمعیۃ الخیریہ کے مدارس کی تعداد ساڑھے تین سو سے زیادہ ہے!

حضرات! آپ یہ معلوم کر کے تو باغ باغ ہو گئے ہون گے کہ یہ اسلامی انجمنین بہت کامیاب ہین لیکن کیا آپ نے ان کی کامیابی پر بھی غور کیا ہے اس کی وجہ صاف اور کھلی ہوئی ہے قوم ان کی دستگیری و اعانت کرتی ہے بخل و تنگ دلی کو کام مین نہین لاتی اور ان کی خدمات کا فراخدلی سے اعتراف اور قدر کرتی ہے! برخلاف اس کے ذرا ہمین اپنے گریبان مین منہ ڈال کر اپنی حالت دیکھنا چاہیئے! تمام مفید تحریکون سے قطع نظر کرکے جو اسلامی ہند مین بڑی دم توڑ رہی ہین مین مثلاً ندوۃ العلماء کو پیش کرتا ہون جسکے مقاصد سب سے زیادہ اہم اور

ترقی کے لئے ناگزیر ہین اور جس کا اظہار ہوا ن سالانہ اجلاس آج یہان منعقد ہے ذرا بنظر انصاف دیکھئے کہ قوم نے اس کے ساتھ اب تک کیا سلوک کیا ہے اس کا جواب مین خود قوم ہی پر چھوڑتا ہون!

ان پبلک کوششون کے علاوہ گورنمنٹ مصر بھی بڑی حد تک سرگرمی کا اظہار کرتی اور تعلیم پر کافی فیاضی سے روپیہ صرف کرتی ہے اس کے زیر اہتمام جو مدارس ہین اُن مین مدرسہ ڈاکٹری مدرسہ وکالت مدرسہ انجنیری مدرسہ صنعت و حرفت اور مدرسہ معلمین خاص طور پر قابل ذکر اور اپنے انتظام اور تعلیم کے لحاظ سے قابل تقلید ہین افسوس کہ قلت وقت ان کی حالت بیان کرنے سے مانع ہے

## ملکی زبان مین تعلیم

حضرات! اب یہ بالکل مسلم ہو چکا ہے کہ تعلیم اس وقت تک حقیقی معنی مین مفید نہین ہو سکتی جب تک کہ ملکی زبان مین نہ ہو مصر مین سب سے پہلے پہل یہ خیال حکیم الاسلام استاذ الامام حضرت شیخ محمد عبدہ مرحوم نے پھیلایا کہ جن کی شاگردی کا بالواسطہ فخر اس خاکسار کو بھی حاصل ہے، پھر اس خیال کو عملی جامہ پہنانے والے مشہور معروف مصری محب وطن مصطفی کامل پاشا اور ان کے رفقا رتھے، قوم نے اس تحریک کا بڑی گرمجوشی سے خیر مقدم کیا اور اس کی ضروریات کے لئے فوراً ہزار ہا پونڈ جمع کر دیئے گورنمنٹ نے بھی باوجود بہت سے موانع کے اس کی دستگیری کی اور وزارت اوقاف سے (۵۰۰۰) پونڈ سالانہ بطور اعانت کے مقرر کر دیئے اور جامعہ مصریہ کے نام سے یہ کالج قائم ہو گیا!

حضرات! آپ متعجب ہون گے کہ آخر اس کالج کے لئے اساتذہ اور پروفیسر کہان سے دستیاب ہوئے ہونگے، اسلامی ہند کے حالات کو پیش نظر رکھکر آپ کا یہ تعجب برمحل ہے لیکن مصر اور ہندوستان کے مابین فرق ہے، وہان اگرچہ اعلیٰ تعلیم کم ہے لیکن پھر بھی دور قدیم کے

فرانسیسی کے ماہر ایسے موجود ہین جنہون نے اس کام کو سنبھال لیا چنانچہ جامعہ مین اس وقت بجز سائنس کی اعلی تعلیم کے جملہ علوم و فنون کی تعلیم عربی زبان مین ہوتی ہے۔ تاریخ اور ادب کے لکچر کتاب کی صورت مین سالانہ شایع ہوجاتے ہین، اگر اس کی تعلیم اور پروفیسرون کی محنت وکاوش کا اندازہ کرنا ہو تو ان لکچرون کو ملاحظہ کیجئے!

علاوہ ازین عنقریب ہی یہ کالج معلمین کی جانب سے مطمئن ہوجائیگا کیونکہ اُس نے یورپ کے مختلف ممالک کو مختلف علوم وفنون کی تحصیل کے لئے طلبہ روانہ کرنا شروع کردیے ہین جن پر سالانہ تقریبًا ۳۰ ہزار پونڈ خرچ کیے جائینگے اور وہ ایک معاہدہ کی روسے مجبور ہون گے کہ بعد فراغت جامعہ کی کم از کم دس سال تک ۳۵ سے ۸۰ پونڈ تک معاوضہ پر خدمت کرین۔

مسلمانان ہندوستان کو شرمانا چاہیئے کہ وہ اب تک اس سلسلہ مین کچھ بھی نہین کرسکے ہین اور اگر غفلت و از خود رفتگی کا یہی عالم رہا تو آیندہ بھی کچھ ہونے کی توقع نہین ہی انا للہ وانا الیہ راجعون

مصری مستحق ستائش ہین کہ باوجود گوناگون پیچیدگیون کے اپنی زبان عربی کی برابر خدمت کررہے ہین، سالانہ صدہا کتابین مختلف علوم پر شایع ہورہی ہین، انذ پچاسون علمی مذہبی اور سیاسی رسالے اور سیکڑون اخبار چھپ رہے ہین جنکے مقابلہ مین ہمارے یہان کے اخبارون اور رسالون کا نام لینا بھی گناہ ہے!

لیکن اے بزرگان من! یہ نہ خیال کیجئے کہ مصر مین اس جدید تعلیم نے جس کی مین نے اس قدر مدح سرائی کی ہے مسلمانون کے مصائب وآلام کا خاتمہ کردیا ہے! نہین نہین مسلمان اب بھی اسی طرح فلاکت ونکبت کی حالت مین ہین جس طرح کہ پہلے تھے، حقیقت یہ ہے کہ مسلمانون کی عام اس سے کہ وہ دنیا کے کسی گوشہ مین ہون ہماری ایک ہی اور سب پر یکسان سرسامی کیفیت طاری ہے اور جس کا علاج بھی صرف ایک ہی ہے اور وہ وہی نسخہ الہی ہے جسے ہمارے آقائے نعمت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے سامنے پیش کیا اور جس سے ہر کس وناکس کو فایدہ ہوا! مصری جدید تعلیم کے نصاب مین ہندوستان کی طرح مذہب کو جگہ نہین

دی گئی جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ مغربی تعلیم سے مشرقی دماغ جل گئے اور مذہبی فضائل و حسنات اور تعلیمات سے دور ہونیکی وجہ سے مغرب کے جملہ معائب قبول کر لئے گئے! جس کا اثر یہ ہوا کہ مصری قوم کا قوام بگڑ گیا اور وہ ہلاکت و بربادی کے عمیق غار تک پہنچ گئی!

برادران ملت ہماری داستان غم بس ہیں پر ختم نہیں ہو جاتی، اصلی رونا تو اس گروہ پر ہے جو ہمارے رہبر تھے اور ماتم کرنا اس تعلیم پر ہے جو ہمارے امراض کا حقیقی علاج تھی! ذیل میں مذہبی یا قدیم تعلیم کی کیفیت ملاحظہ ہو!

## قدیم تعلیم

مصر میں قدیم تعلیم کا مرکز وحید جامع ازہر ہے، جامع ازہر ایک عالی شان مسجد ہے جسے ۳۵۹ھ میں فاطمی سپہ سالار جوہر صقلبی فاتح مصر نے پائے تخت قاہرہ آباد کرتے ہوئے تعمیر کیا اور جس میں العزیز باللہ بن المعز لدین اللہ الفاطمی نے ۳۷۸ھ میں مختصر پیمانہ پر ایک مدرسہ قائم کیا جس میں ۲۰۰ سال تک اسمعیلی مذہب کی تعلیم زور شور سے ہوتی رہی فاطمیوں کے زوال کے بعد خاندان ایوبیہ کو عروج ہوا جس نے باوجود انہی علمبرداری کے سیاسی وجوہ سے اس مدرسہ کو مع مسجد کے بند کر دیا یہاں تک کہ ایک صدی بعد ممالیک کا دور دورہ ہوا اس عہد میں دار العلوم ازہر کا پھر افتتاح ہوا اور اُس نے جلیل القدر علمائے اسلام کی ایک کثیر جماعت کو پیدا کر کے جسکی عظمت و جلالت کے سامنے اب بھی گردنیں خم ہوتی ہیں غیر فانی شہرت حاصل کر لی چنانچہ آسمان علم کے درخشان ستارے امام عزالدین بن عبدالسلام امام سبکی، امام شہاب الدین قرنی، امام ابن ہشام، امام سراج بلقینی، امام جلال الدین سیوطی شیخ الاسلام زکریا الانصاری اور امام ابن حجر عسقلانی وغیرہ ہم سب کا طلوع اسی دار العلوم کی فضائے علمی سے ہوا تھا!

لیکن وائے بر حال مسلمانان! جامع ازہر جو دنیائے اسلام کی سب سے بڑی یونیورسٹی

مانی جاتی ہے اب اس کی حالت اس درجہ نزار و نزار ہو رہی ہے کہ وہ مسلمانون کے انحطاط وتنزل کی شاید سب سے روشن اور کھلی ہوئی دلیل ہے! حضرات! تفصیلی حالات بیان کرکے مین آپ کے قیمتی وقت کو ضایع کرنا اور آپ کے قلب کو بیچین کرنا نہین چاہتا کون مسلمان ہے جس کا قلب اُن واقعات سے پانی پانی نہین ہوجائیگا۔ مین صرف چند سرسری باتین پیش کرتا ہون جس سے آپ اس عظیم الشان تعلیم گاہ کی اجمالی کیفیت سے مطلع ہوسکین گے۔

موجودہ دارالعلوم ازہر کو گورنمنٹ مصر نے مذہبی یونیورسٹی تسلیم کرلیا ہے اور ملک کی تمام چھوٹی بڑی درسگاہین اس کے ساتھ ملحق کردی ہین جن مین اُس کے نصاب اور احکام پر عمل درآمد ہوتا ہے۔ شیخ جامع ازہر جو باری باری چارون مذاہب سے منتخب ہوتا ہے مصر کا شیخ الاسلام اور تمام مذہبی محکمون اور اس سلسلہ کے تمام اہل کارون کا افسر اعلیٰ مانا جاتا ہے۔

دارالعلوم کا انتظام درست اور قائم رکھنے کے لیے ایک مجلس ۹ علمار کی ہے جسے "مجلس الازہر الاعلیٰ" کہتے ہین اس کے ماتحت ایک اور مجلس "مجلس ادارۃ الازہر" کے نام سے ہے جس مین چھ ممبر ہوتے ہین اور جو ازہر کے سیاہ وسفید کے مالک ہین۔

حضرات دارالعلوم ازہر جسے قائم ہوئے آج ساڑھے نو سو سال سے زاید ہوگئے ہین محض اپنی قدامت کے لحاظ سے لاثانی نہین بلکہ تعداد طلبہ کے لحاظ سے بھی بے نظیر ہے آپ یہ سنکر حیرت زدہ رہجائینگے کہ اس مدرسہ مین تعلیم حاصل کرنے والون کی تعداد بارہ ہزار ہے جس مین ہمیشہ گیارہ ہزار کی حاضری رہتی ہے یہ طلبہ مختلف ممالک وامصار سے آئے ہوئے ہین اور مختلف عادات واطوار اور زبانین رکھتے ہین۔

آپ حیران ہون گے کہ اس فوج گران کی رہائش وخوراک کا کیا انتظام ہوگا؟ اس کی صورت یہ ہے کہ ازہر اور اس کے گرد مین ان کے قیام کے واسطے دارالاقامۃ بنے ہوئے ہین جنھین وہان کی اصطلاح مین رواق کہتے ہین اور چونکہ اس قدر مختلف طبائع کے طلبہ کی رہائش ایک جا نہین ہوسکتی تھی اس لئے ہر قوم کے واسطے علیحدہ علیحدہ رواق کردیئے

گئے ہین جن مین صرف اسی قوم کے افراد رہ سکتے ہین جن کے واسطے وہ مخصوص ہے لیکن اس تفریق و تقسیم سے ایک بہت بڑا نقصان یہ ہوا کہ طلبہ تبادلۂ خیالات اور اخوت اسلام کی عملی تعلیم سے محروم ہو گئے حالانکہ اگر یہ سب بلا کسی تفریق کے مل جل کر رہتے تو ایک کو دوسرے کے جذبات و خیالات سے واقف ہونے کا موقع ملتا اور اس سے جو عمدہ نتائج نکلتے وہ ظاہر ہین

موجودہ رواقون مین نو رواق مصریون کے ہین، چار سوڈانیون کے ہین، اور باقی ایک ایک اہل حجاز، یمن، شام، بغداد، مغرب، حبش، جاوہ، افغانستان، اور ترکون و کردون کا ہے انھین مین ایک رواق غریب ہندوستانیون کا بھی ہے جس کی حالت سخت افسوس ناک اور تمام سے بدتر ہے اس مین صرف دو تنگ کمرے ہین، جن مین سے ایک پر شیخ الرواق کا قبضہ ہے اور دوسرے مین تمام ہندوستانی طلبہ انتہائی تکلیف سے زندگی بسر کرتے ہین اتنے سے کمرہ مین چار پائیان بچھانا تو درکنار زمین پر بھی سب بآرام نہین سو سکتے! صرف اسی قدر نہین بلکہ اسی حجرہ مین ان کا کثیف اسباب بھی بھرا ہوا ہے پانی کا مٹکا بھی رکھا ہوا ہے اور چولہا بھی یہین جلتا ہے غرضکہ یہ لوگ سخت تکلیف و ذلت کے ساتھ صبح سے شام اور شام سے صبح کرتے ہین اور کوئی ان پر رحم نہین کھاتا!

میرے دیکھتے ہوئے رواق مین سات طالبعلم تھے جن مین سے ایک ادھر کا ایک سیلون کا، تین مالدیپ اور تین بنگال کے تھے لیکن افسوس ہے کہ ان مین سے ایک بھی بغرض تحصیل علم نہین آیا ہے بلکہ مختلف اسباب کی بنا پر کسی طرح مصر پہنچ گئے ہین اور کوئی ذریعہ معاش نہ ہونیکی وجہ سے طالبعلم بنکر ازہر مین داخل ہو گئے ہین جہان کسی نہ کسی طرح شکم پری ہو جاتی ہے اُن مین سے بعض تو ۱۰-۱۵ سال سے پڑے ہوئے ہین مگر بالکل بیکار نہ پڑھتے ہین نہ لکھتے ہین اور لغویات مین اپنی عمر برباد کرتے ہین

حضرات آپ حیرت کے ساتھ سوال کرینگے کہ اس بلا کے ہنگامہ دل کی خورش کا کیا بندوبست ہوگا؟ اس کے متعلق عرض ہے کہ جامع ازہر کے متعلق ایک بہت بڑا وقف ہے جسکی

سالانہ مستقل آمدنی علاوہ جائداد غیر منقولہ کے ۵۶۴۳۲ پونڈ یعنی ۸۷۴۳۴۴ روپیہ نقد ہے جس مین سے (۱۵۶۰۰) پونڈ سالانہ طلبہ کی خوراک پر خرچ کیئے جاتے ہین خوراک مین صرف روٹیان ملتی ہین' جن کی تعداد ہر ہر رواق کے واسطے مقرر ہے' چنانچہ رواق الہنود کے لیئے "۴۵" روٹیان متعین ہین جنمین سے دس شیخ الرواق لے لیتا ہے اور باقی ۳۵ ساتون طالب علمون پر تقسیم ہوجاتی ہین ظاہر ہے کہ اس غربت وذلالت نے ان بے خانمان غریب الوطنون کے اخلاق کس قدر پست کردیئے ہون گے؟ چنانچہ ان کے مابین ہمیشہ سب وشتم اور جدال وقتال کا بازار گرم رہتا ہے اور ہر ایک دوسرے کو قہر آلود نظرون سے دیکھتا اور اس کے خارج کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے کیونکہ یہ روٹیون کی مقررہ تعداد رواق مین جس قدر بھی طلبہ ہون گے سب پر تقسیم ہوگی اس لئے ہر ایک کی دلی خواہش رہتی ہے کہ تنہا وہی اس سے متمتع ہو! یہ حالت صرف اسی رواق کے طلبہ کی نہین بلکہ تمام کی ہے البتہ ترکی رواق کی حالت بہت اچھی ہے اس کی سالانہ آمدنی ۲ ہزار پونڈ سے زاید ہے اور اس مین رہنے والے بھی نہایت مہذب ہین

محترم بزرگو! وہ منظر بھی غیور طبایع پر انتہا سے زاید اثر کرتا ہے اور حقیقی مسلمانون کو عرق عرق کردیتا ہے جو روٹیون کی تقسیم کے وقت درپیش ہوتا ہے' چنانچہ جب وہ گاڑیون پر لدی ہوئی مسجد کے دروازہ پر پہنچتی ہین تو ایک شور بلند ہوتا ہے "جاء العیش! جاء العیش! روٹیان آگیئن روٹیان آگیئن!" جسکے سنتے ہی دس بارہ ہزار کے انبوہ مین زبردست حرکت پیدا ہوتی ہے اور ہر سمت سے طلبہ دوڑ پڑتے ہین ہر ایک کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ پہلے لے لے چنانچہ اس مقصد کے لئے سخت کشاکش شروع ہوجاتی ہے' اور سب وشتم اور لعن طعن کا وہ بازار گرم ہوتا ہے کہ بازاری لوگ بھی انگشت بدندان رہجاتے ہین!

حضرات! اب ذرا تعلیمی حالت بھی اس دار العلوم کی ملاحظہ ہو!

جدید مدارس کی طرح ازہر مین بھی تعلیم کے تین درجے قائم کئے گئے ہین. ابتدائی. ثانوی اور

اعلیٰ اور ان مین سے ہر ایک کی مدت تعلیم پانچ سال ہے اور ہر ایک مین علوم منقسم کر دئیے گئے ہین، چنانچہ ابتدائی مین صرف ونحو، قرأت، انشار املا، خط وغیرہ وغیرہ ثانوی مین علم کلام، فقہ مع حکمۂ تشریع، تفسیر حدیث معانی بیان اور منطق وغیرہ۔
اور اعلیٰ مین، علم کلام، فقہ مع حکمۂ تشریع، تفسیر حدیث، اصول حدیث اور معانی وبیان وغیرہ۔ مین نے ان علوم کی تفصیل اس لئے ترک کر دی ہے کہ ان مین سے اکثر کا وجود بجز نصاب تعلیم کی کاپی کے خارج مین نہین ہے۔
زیادہ تر بلکہ تمام تر توجہ صرف ونحو اور فقہ پر صرف کی جاتی ہو اور بیس بیس سال ان علوم مین ضایع کئے جاتے ہین وہ شخص عالم جید شمار ہوتا ہے جس کی نوک زبان پر ان کے مسائل ہون اور بات بات مین الجھتا اور کٹ حجتیان کرتا ہو چنانچہ جس درس مین جا بیٹھو لفظی نزاعین اور لغو بحثین سنو گے اور اگر ان علمائے صرف ونحو سے کہو کہ دس سطرین صحیح تحریر کر دین یا تقریر کرین تو بجز مایوسی کے اور کچھ نہ ہوگا مین اکثر ان کی خدمت مین عرض کیا کرتا تھا کہ میدان تقریر وتحریر مین آئین اور اصلاح قوم کرین تو اس کا جواب ہمیشہ ان الفاظ مین ملا کیا کہ "ہم بہتر سے بہتر تحریر لکھہ سکتے" اور فصیح سے فصیح تقریر کر سکتے ہین لیکن جہلا کب ہماری قدر جانین گے؟
حضرات! اس وقت خوش قسمتی سے یہان علمائے کرام اور عربی دان موجود ہین ذرا اس عبارت کو ملاحظہ کرین اور فیصلہ کرین کہ کیا نصف عمر تحصیل صرف ونحو مین صرف کرنے کے بعد ایسی ہی تحریر ہونی چاہیئے اور کیا اس کا مضمون علما کے شایان شان ہو جو عبارت مین پیش کرتا ہون وہ ایک اعلان کا مضمون ہے جو جامع ازہر مین چسپان تھا اصل عبارت یہ ہے
حضرات المجاورین الفخام! اعلن حضرات المجاورین الفخام بان الشہادۃ الدراسیۃ الابتدائیۃ تعلقی نحن حافظ امین ابن امین اسماعیل المولود فی قلما بتاریخ ۱۲۸۳ نقل فقد منی ما بین بیت الشیخ النجاری والبوستہ والازہر، فمن لقاہا منکم فلیکتب

اسمه علی الاعلات ولیعرفنا عن مکانه فی ای جهة وله من الله الاجر ومن صاحبها المحترم الدعاء اناء اللیل واطراف النهار ومن قطع هذه الورقة قطعه الله من هذا المکان" یہی حالت فقہ کی بھی ہے جو مسائل کتاب مین آگئے ہین وہ تو ضرورتاً اور بلا ضرورت سنا دینگے لیکن اگر کوئی نئی صورت پیش ہو جائے تو اُس کے جواب مین نام اللہ ہے! اجتہاد وتحقیق سے سخت دشمنی ہے اور سراسر دارمدار کتاب کی عبارت پر ہے"

رہے باقی تمام علوم دینیہ تو ان کی تعلیم برائے گفتن ہے حدیث وتفسیر تبرکاً پڑھا دی جاتی ہے دنیاوی علوم مین حساب وجغرافیہ پر عرصہ دراز تک بحث ومباحثہ ہوتا رہا کہ وہ جائز ہین کہ ناجائز، بالآخر شیخ محمد عبدہ مرحوم کی کوششون سے وہ داخل نصاب ہوئے

طریقہ تعلیم یہ ہے کہ بچہ کو کتاب شروع کرائی جاتی ہے اور استاد کی طولانی تقریر کی ابتدا بسم اللہ کے بارے شروع ہوجاتی ہے اس کے احکام بیان کئے جاتے ہین، اس کا متعلق تلاش کیا جاتا ہے، پھر اسم پر اور اس کے اشتقاق پر گفتگو ہوتی ہے اور پھر اللہ کے لفظ پر کہ وہ مشتق ہے یا جامد، اور پھر یہ کہ خدا تعالی کے صفات قدیم ہین یا حادث اس اثنا مین بیچارہ بچہ مبہوت بیٹھا رہتا ہے اور بجز استاد کا منہ تکنے کے اور کچھ نہین کرتا! کاش کتاب پڑھانے ہی پر اکتفا کی جاتی، نہین بلکہ وہ ازبر حفظ کرائی جاتی ہے، عام اس سے کہ سمجھ مین آئے یا نہ آئے! یہ نہ خیال کیجئے کہ بس مصیبت ختم ہوگئی کتاب کے حفظ کر لینے کے بعد اس کی ایک یا متعدد شرحین، حاشئے اور حاشیون کے حاشئے یاد کرائے جاتے ہین اور اس طرح ایک کتاب کے ساتھ تین تین چار چار کتابون کا بار پڑتا ہے اور بجز تضیع عمر کے اور کچھ ہاتھ نہین آتا چنانچہ ازہر مین ایسے طلبہ کی کمی نہین ہے جو آدھی صدی پار کر چکے ہین اور ایسے بزرگ بھی نظر آتے ہین جو ارذل العمر مین داخل ہوچکے اور اپنے ساتھ اپنے لڑکون اور پوتون کو کو بھی پڑھا رہے ہین، مجھے ایک ہفتاد سالہ پیرہن کو دیکھکر حیرت ہوگئی جو تفسیر جلالین لئے شیخ جامع ازہر کے درس مین شریک تھے استفسار کرنے پر معلوم ہوا کہ آپ چالیس سال سے اسی دار العلوم مین تعلیم حاصل کر رہے ہین فاعتبروا یا اولی الالبا

حضرات اب آپ خود فیصلہ کیجئے کہ جس جماعت کو ایسی تعلیم و تربیت دیجاتی ہو جیسے ازہر کی ہے اسکی کیا حالت ہوگی کیا انسے کچھ تعلق امید کر سکتے ہیں کہ وہ اعلیٰ و برتر اخلاق و عادات رکھتی اور صفات حسنہ سے متصف ہوگی ہرگز نہیں۔ بخدا علمائے مصر کی حالت کو بیان کرتے ہوئے کلیجہ منہ کو آتا ہے لیکن اب ضرورت ہے کہ بلا خوف لومۃ لائم علی الاعلان امر حق کا اظہار کر دیا جائے تاکہ قوم کو معلوم تو ہو کہ اس کی کیا حالت ہے؟ اور وہ اس ندائے اصلاح پر لبیک کہے جسے ندوۃ العلماء تقریباً ربع صدی سے بلند کر رہا ہے مگر کوئی نہیں سنتا اور وہ ہر سالانہ جلسہ کے بعد صدا بصحرا ثابت ہوتی ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ قوم کو ابھی تک ضرورت اصلاح کا احساس نہیں ہوا ہے اور وہ خواب غفلت میں پڑی ہوئی ہے اور اگر کچھ احساس ہے بھی تو اس کی اہمیت اس خیال سے جاتی رہتی ہے کہ ہم برے ہیں تو کیا ہوا فلان ملک کے مسلمان تو مسلمان ہیں۔ یہ وہم باطل تمام مسلمانوں میں عام اس سے کہ وہ کسی ولایت میں ہوں پھیلا ہوا ہے اور اس سے سخت نقصان پہنچ رہا ہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ ہماری حالت ہر جگہ بد سے بدتر ہے اور ہم دنیا کے ہر گوشہ میں ذلیل و خوار ہیں۔

حضرات علماء اور طلبائے ازہر کی طرز معاشرت یہ ہے کہ جہاں رہتے ہیں وہیں اوڑھنا بچھونا بھی بری طرح پڑا رہتا ہے۔ کھانا پینا بھی اسی جگہ ہوتا ہے اور فضلات بھی وہیں بلا تکلف پھینک دئے جاتے ہیں، بدسلیقگی اس قدر بڑھی ہوئی ہے کہ اگر عمامہ صاف ہے تو پائجامہ کثیف۔ عبا اجلی ہے تو قفطان میلی۔ کتابیں نہایت گندہ رہتی ہیں اور سرورق پر تیل کے دھبے ہوتے ہیں۔ آپ کو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ کتابیں روٹیاں اور مسجد میں پہنکر چلنے کی جوتیاں سب کی سب ایک ساتھ کرتے کے اندر بغل میں دبی رہتی ہیں۔ صابن مہینوں جسم کو نہیں لگتا تمام بدن پر میل کی تہیں چڑھی ہوتی ہیں جسے وہ بڑی بے پرواہی سے لوگوں کے سامنے رگڑتے اور بتیاں بنا بنا کر گراتے ہیں۔ کھانے کے بعد منہ ہاتھ کی صفائی کے یہ کم عادی ہیں جس کی وجہ سے ہاتھوں پر چکنائی اور دانت زرد رہتے ہیں۔ دہن سے سخت تعفن نکلتی ہے، ناخن بڑھ جاتے ہیں اور ان میں سیاہ میل بھر جاتا ہے جو انسان کو متنفر

کر دیتا ہے! حجامت تھینون نہین ہتی جس سے ہیرون پر سخت وحشت برستی ہے اس بے بروئی اور گندگی کا یہ نتیجہ ہے کہ کھٹمل، پسو اور جون کے جرار لشکرون کی ان پر یورش رہتی ہے جن کے برخلاف انہین شب و روز جہاد برپا رکھنا پڑتا ہے ان حشرات کی جامع ازہر مین کثرت کا یہ عالم ہے کہ دم بھر مین اوپر امنڈ آتے ہین!

تنگ خیالی اور پست ہمتی کا یہ حال ہے کہ کوئی بلند خیال دماغون مین سماتا ہی نہین، جب دو عالم ایک جا جمع ہو جاتے ہین تو بجز رکیک اور ادنی مذاکرون کے اور کچھ نہین ہوتا، اور اگر حسن اتفاق سے علمی گفتگو چھڑ گئی تو وہ نہایت مہمل اور لغو ہوتی ہے، مثلاً یہ کہ عمر منصرف ہے یا غیر منصرف؟ کلمہ کو کلمہ کیون کہتے ہین؟ طلبائے ازہر کے نزدیک سب سے زیادہ اہم بالشان مسئلہ "جرایہ" کا ہے، جرایہ روٹیون کی اُس معینہ تعداد کو کہتے ہین جو ہر طالب العلم کو ملتی ہین، ملاقات ہوتے ہی سلام علیک کے بعد پہلا سوال اسی جرایہ کا ہوتا ہے کہ تمہاری کتنی ہے۔ اگر تم نے زیادہ مقدار مین بتادی تو حسرت بھرے لہجہ مین کہینگے "بھائی تم بڑے خوش قسمت ہو خدا کا شکر کرو کہ تمہین تمہارا حق پہنچ رہا ہے! ہمین دیکھو، اول تو ہماری جرایہ بہت کم ہے، اور دوسرے ہمارا شیخ اُس کے دینے مین بھی خیانت کرتا ہے"

ان کی تنگ نظری کا آپ اس سے اندازہ کر سکتے ہین کہ جامع ازہر مین ایک نہایت قدیم چھوٹا سا حوض ہے جس مین مدت سے پانی جمع اور امتداد زمانہ سے بدرنگ اور سخت متعفن ہو گیا ہے، علمائے ازہر اسے نہایت متبرک مانتے اور اس مین وضو اور غسل کرنے کو باعث سعادت تصور کرتے ہین، بہت سے لوگ کثیف کپڑے بھی اُس مین دہو لیتے اور اس کا پانی پیتے بھی ہین، شیخ محمد عبدہ مرحوم نے اس چشمہ کثافت کے بند کرنیکا ارادہ کیا جس پر ازہر مین قیامت برپا ہو گئی، اور علمار نے طلبہ اور عوام الناس کو برانگیختہ کر کے شیخ کے قتل کی ٹھان لی! مجبوراً انہین اس سے کنارہ کش ہونا پڑا

حضرات اصرف یہ ہی نہین بلکہ ان کی مذہبی حالت بھی اپنے لئے مستقل صفحہ تام چاہتی ہے

تمام وہ خرافات، بدعات، جاہلانہ خیالات جو عوام الناس مین منتشر ہین، وہ سب ان مین بھی ہین۔ دجل کا یہ عالم ہے کہ چند ٹکون پر فتوی زور لکھدینا، رشوت لیکر غلط فیصلہ کر دینا اور جھوٹی شہادت دیدینا ایک معمولی بات ہے۔

علماء کی اس حالت زار سے متاثر ہوکر بالآخر انہین مین سے ایک جماعت کو اصلاح کا خیال پیدا ہوا جن مین سب سے زیادہ عملی کام میرے محترم استاد حضرت علامہ سید رشید رضا صاحب قبلہ اڈیٹر المنار نے کیا ہے اور اب بھی کر رہے ہین، آپ کی اصلاحی خیالات کا خاکہ بالکل ندوۃ العلماء کے مقاصد کے مطابق ہے جس کی تصریح وہ ترکی پارلیمنٹ مین بھی کر چکے، اور المنار مین بھی بارہا تذکرہ کیا ہے۔

سبحان اللہ! ندوہ اصلاح کی آواز ہندوستان مین بلند کرتا ہے مگر کوئی شنوائی نہین ہوتی لیکن اس کی بازگشت مصر کی پہاڑیون سے سنی جاتی ہے، ہندوستان کے مسلمان اسے بے حقیقت سمجھکر اغماض کرتے ہین لیکن وادی نیل کے مصلحین اس کے تجویز کردہ نسخہ کو اکسیر قرار دیتے ہین! کیا یہ حیرت انگیز امر نہین ہے؟ غور کیجئے ندوہ کو قائم ہوئے چوتھائی صدی سے زیادہ زمانہ گذر گیا مگر قوم کی بے توجہی و بے التفاتی کی وجہ سے وہ ابھی تک گویا عہد طفولیت مین ہے اُس کے دارالعلوم کی عمارت نامکمل پڑی ہے مگر قوم کی رگ حمیت کو جنبش نہین ہوتی مصری قیام جامعہ مصریہ کے لئے دم بھر مین لاکھا روپیہ جمع کر دیتے ہین لیکن ان کے بھائی ہندوستانی مسلمان دارالعلوم ندوۃ العلماء کی عمارت کو باوجود سات برس ہونے کے اب تک مکمل نہ کر سکے! دارالعلوم کی مسجد اور دارالاقامہ کا تو ابھی وجود بھی نہین ان قسم کی باتین تو آپ کے گوش گذار دوسرے ذریعہ سے بھی ہون گی مجھے صرف اسقدر کہنا ہے کہ اگر اے مسلمانو! تمھین زندہ رہنا ہے اور مسلمان رہکر زندہ رہنا ہے تو ندوۃ العلما کا خیر مقدم کرو یہی اور صرف یہی تمہارے تمام آلام و مصائب کا درمان ہو سکتا ہے۔

اے محترم حضرات وقت کافی گذر چکا ہے اور اب مجھے اس دفتر کی شکایت کو جسے سنتے

سُنے آپ اتنا سن چکے ہیں بند کر دینا چاہیے لیکن بڑی ناشکری ہوگی اگر میں آخر میں پھر ندوۃ العلما کے ان احسانات کا جو مجھ پر ہیں شکریہ نہ ادا کروں اور اس بات کا اظہار نہ کروں کہ چار سال مصر میں جدید علم حاصل کرنے کے بعد جب میں سنہ ۲۵ھ میں واپس آیا اور دارالعلوم ندوہ کی زیارت کی تو اپنے کو پھر اسی معدن علمی کا محتاج پایا چنانچہ پھر اس گلستان کے خوشہ چینوں میں شامل ہو گیا ہوں اور آپ سے رخصت ہو کر تکمیل دینیات کے آخری امتحان سے انشاء اللہ فارغ ہو جاؤنگا اللهم وفقنا الی ما تحب وترضی! والسلام

---

مولوی عبدالرزاق خانصاحب کی تقریر کے بعد جناب آنریبل خان بہادر سیٹھ ابراہیم بھائی جعفر صاحب نے تجویز نمبر ۲ پیش کی

## تجویز نمبر ۲

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ اُن تجاویز کی تجدید کرتا ہے جو تکمیل دارالعلوم کے متعلق سالہائے گذشتہ میں منظور ہو چکی ہیں"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کل جناب ناظم صاحب کی رپورٹ میں آپ سُن چکے ہیں کہ عمارت دارالعلوم کی تکمیل کے لئے ۳۰ ہزار کی ضرورت ہے اس کے علاوہ دارالاقامہ کتب خانہ اور مسجد کے لئے علیحدہ ضرورت ہے اب زبانی جمع خرچ کا وقت جا رہا اگر آپ کو جماعت کی بہتری سے کچھ محبت ہے تو عملی کارروائی کیجیئے۔ دہاروار میں ایک گھنٹے کے اندر ۷ ہزار جمع ہو گیا ستارہ کی کانفرنس میں ۱۱ ہزار جمع ہوا ایجوکیشنل کانفرنس سورت میں ۵۶ ہزار

اہل مدراس ندوہ کے متعلق اپنا فرض ادا کر چکے اب صوبہ بمبئی کی باری ہے میں امید کرتا ہوں کہ اہل بمبئی اس صوبہ کا نام رکھ لیں گے۔

اس کے بعد مولوی غلام محمد صاحب شملوی نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے فرمایا

حضرات! جناب سیٹھ صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے مین اس کی تائید کے لئے حاضر ہوا ہون یہ صحیح ہے کہ ہجوم افکار و مشکلات کی وجہ سے انسان مبہوت ہوجاتا ہے کہ کیا کرون اور کیا نہ کرون اگر ایک مرض ہو تو ڈاکٹر علاج کر سکتا ہے لیکن اگر سینکڑون مرض ہون تو پریشان ہوجاتا ہے کہ ؎

تن ہمہ داغدار شد پنبہ کجا کجا نہم

لیکن ایسی حالت مین بھی کیا کوئی دانشمند طبیب اپنے مریض کو چھوڑ دیگا۔ خواہ آپ مایوسی و ناامیدی کو پسند کرتے ہون لیکن خدا تو یہ کہتا ہے کہ لاتقنطوا الخ پس ایک امید ہی تو ہے جس پر ہم سب زندہ رہتے ہین،

یہ صحیح ہے کہ ہماری حالت ہر حیثیت سے خستہ و خراب ہے ہم کو ایک روگ نہین ہے جسکی فکر کی جائے ہم پر تو یہ صادق آتا ہے کہ اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی لیکن امراض کی حالت مختلف ہے بعض امراض دیر مین ہلاک کرتے ہین اور بعض ایسے ہین کہ جلد خطرناک صورت اختیار کر لیتے ہین اگر جلد ان کی طرف توجہ نہ کی جائے تو فوراً ہلاکت کا باعث ہوتے ہین جب یہ حالت ہے تو آپ کو جملہ قومی امراض کا علاج کرنا چاہیئے گھبرانا نہ چاہیئے لیکن جو مرض خطرناک ہے اس کی طرف سب سے پہلے متوجہ ہونا چاہیئے۔

مین اسقدر خودغرض و بیدرد نہین ہون کہ یہ خواہش کرون کہ آپ جملہ مقامی ضروریات سے قطع نظر کیجیے اور صرف ندوہ کی اعانت کیجئے اس زمانہ مین دنیوی تعلیم کی بھی ضرورت ہے اور دینی تعلیم کی بھی دنیوی تعلیم کا ذمہ کانفرنس نے لیا ہے جو تعلیم کی اشاعت کرتی ہے آپ کے صوبہ مین بھی مقامی تعلیمی کانفرنس موجود ہے اب مین کہتا ہون کہ اگر دینی تعلیم بھی کوئی چیز ہے اور کچھ وقعت رکھتی ہے تو اس طرف بھی توجہ کیجئے تعلیم کا یہ حصہ ندوہ نے اپنے ذمہ لیا ہے انگریزی و عربی تعلیم مین کشمکش پیدا کرنے کی ضرورت نہین ہے بلکہ موجودہ زمانہ کے اکثر تجربہ کار اصحاب کا خیال ہے کہ جب تک انگریزی کے ساتھ مشرقی علوم و السنہ کی تعلیم نہ ہوگی مسلمان ترقی نہین کر سکتے

خالص انگریزی تعلیم قومی ترقی کا حقیقی علاج نہین ہے خود **نواب عمادالملک** بہادر جیسے تجربکار فاضل نے صاف الفاظ مین ندوہ کے مقاصد اور اس کے طرز تعلیم کو پسند کیا ہے اور انگریزی کے ساتھ مشرقی علوم والسنہ کی ضرورت کو تسلیم کیا ہے اور تجربہ بھی بتا رہا ہے کہ مسلمانون کے لئے یہی طریقہ موزون ہے

ندوہ نے ثابت کر دیا ہے کہ اس کا طریقۂ تعلیم نہایت مفید ہے آپ اس کے فارغ شدہ طلبہ کی تصنیفات دیکھئے اور ان کی قابلیت کا اندازہ کیجئے ایک ہمارے سید سلیمان ہی کی تصنیفات کیا کم ہین' ہمارے ایک طالبعلم (مولانا عبدالباری) نے جو پونا مین ہین سورت کانفرنس مین ایسی معرکۃ الآراء محققانہ تقریر کی کہ دلون پر اس کا سکہ بیٹھ گیا اور آنریبل **سر ابراہیم رحمت اللہ** نے فرمایا کہ یہ مجکو دیدیجئے تاکہ مین انگریزی مین اس کا ترجمہ کرا کے بیس ہزار جلدین یورپ مین شایع کرون

برادران اسلام! جب یہ معلوم ہو گیا کہ ندوہ کا طریقۂ تعلیم مسلمانون کے لئے مفید ہے۔ تو پھر انتظار کس چیز کا ہے خدا کے لئے اٹھئے اور اس کی مدد کیجئے ندوہ کی عمارتین اب تک نامکمل پڑی ہین اور ہم اس تمنا مین جوان سے بوڑھے ہو گئے کہ ندوہ کو اپنی آنکھ سے مکمل صورت مین دیکھ لین لیکن یہ تمنا پوری نہین ہوئی مسلمانون کی غفلت وجمود کا یہ عالم ہے کہ انھین ان کی حالت پر خون روتی ہین۔ یورپ اور امریکہ کا ذکر جانے دیجئے وہان کے دولتمند جس حوصلہ جس الوالعزمی سے قوم کے لئے فیاضی کرتے ہین اس کی مثالین یہان کہان نظر آسکتی ہین وہان تو یہ حالت ہی کہ اگر کام کرنے والے کام کرین تو قوم ان کی مدد کرتی ہے اور ان کا حوصلہ بڑھاتی ہے۔

مسٹر **نصیرالدین** بیرسٹر نے خوب کہا تھا کہ یہ زیبا نہین کہ علما مسند درس وافتا چھوڑ کر گھرون سے نکلین اور در بدر پھر کر قوم کے لئے بھیک مانگین اور ہم نوجوان آرام سے بیٹھے تماشا دیکھین' آؤ ہم ان کے لئے روپیہ جمع کرین' کام کرین' اور ان ... بوڑھون سے کہدین کہ وہ اطمینان سے مذہبی خدمت کرین۔

برادران اسلام! اس وقت قوم کی حالت نہایت نازک ہے اسلام ہر طرف سے مصائب

ہین گھرا ہوا ہے چاروں طرف سے اعتراضات اور حملے ہو رہے ہین گویا ایک میدان جنگ برپا ہے اور علما رمورچہ پر کھڑے ہوئے مخالفین اسلام کا مقابلہ کرتے ہین آپ ان کی مدد کیجئے اور رسد بند نہ کیجئے یقین کیجئے کہ اگر آپ ہماری مدد نہ کرینگے تو ہم مایوس ہوجائینگے ہمارے دل ٹوٹ جائینگے اور ہم مایوس ہوکر مورچہ چھوڑ کر بھاگ جائینگے۔

اس دنیا مین جو کچھ حاصل ہوتا ہے وہ صرف سعی اور کوشش سے حاصل ہوتا ہے یہی سنت قدیمہ الہیہ ہے جو تبدیل نہین ہوسکتی اسلئے یہ کیونکر ممکن ہے کہ آپ بغیر سعی وعمل کے ترقی حاصل کرسکین نہین ہرگز نہین!! خلاف سنت الہیہ کچھ نہین ہوسکتا کیا آپ کے خیال مین آسکتا ہے کہ اگر تمام مسلمان جمع ہوکر اور رات بھر بیٹھکر دعا مانگین کہ آج سورج دو گھنٹہ کے بعد نکلے تو کیا یہ ممکن ہوگا'

اگر یہ وقت مسلمانون کی اصلاح کا نہین ہے تو کیا اب کرکی دوسرا وقت آیگا حالانکہ حالت یہ ہے کہ بعض مقامات پر مسلمان شرک و بت پرستی مین مبتلا ہین دیبی پر بکرے چڑھاتے ہین مسجدین ویران ہین ان مین گدہے باندھے جاتے ہین گویا اب اسلام کا صرف نام ہی نام باقی رکھیا ہے کیا آپ کی غیرت تقاضا کرتی ہے کہ مسلمانون کی یہ حالت دیکھی جائے اور کچھ نہ کیا جائے حالانکہ اگر ذرا توجہ کی جائے تو قومی کامون کا سنبھل جانا کچھ دشوار نہین ہے صرف ہمت درکار ہے'

جب تعمیر دار العلوم کے لئے ندوہ نے پچاس ہزار روپیہ کی ضرورت ظاہر کی اور مین اس غرض سے دورہ کرتا ہوا بہاولپور پہنچا اور ہزہائنس نواب صاحب بہاولپور کی جدہ ماجدہ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ یہ بوڑھے مولوی صاحب پچاس ہزار روپیہ کے لئے کہان کہان مارے مارے پھرین گے' دیکھو اس وقت ہمارے ذاتی خزانہ مین کسقدر روپیہ ہے؟ معلوم ہوا ساٹھ ہزار ہے آپنے فرمایا اچھا پچاس ہزار دیدو' کاش مردون مین بھی یہ ہمت پیدا ہوجائے کہ وہ اس حوصلہ اور فیاضی سے قومی کامون کی اعانت کرین لیکن جب تک بڑے بڑے امرا اور دولتمند سیٹھ اس طرف متوجہ ہون اس وقت تک غربا کو باہم ملجلکر قومی کامون کی مدد کرنا چاہیئے یہ خدا کا کام ہے اس لئے جس سے جو کچھ بن آئے بقدر ہمت و استطاعت کرنا چاہیئے تاکہ

ندوہ کی تمام عمارتین مکمل ہون اور ہماری دیرینہ آرزو برآئے،

مولانا غلام محمد شملوی کی تائیدی تقریر جس کا ماحصل ہم نے اوپر نقل کیا ہے نہایت پردرد تھی اور ایسا ہونا بھی چاہیئے کیونکہ آپ اُن لوگون مین ہین جو ایام شباب مین ندوہ کی خدمت کے لئے مستعد ہوئے اور برابر کام کرتے رہے یہانتک کہ بوڑھے ہوگئے اب اس پیرانہ سالی مین اس سے بڑھکر ان کی کیا تمنا ہوسکتی ہے کہ جس پودے کی انھون نے مدت دراز تک آبیاری کی ہے وہ اب بارآور ہو اور ان کی سعی کامیاب ہو۔

مولانا غلام محمد شملوی کی تقریر کے بعد مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجری نے پہلے مولوی محمد یعقوب سکریٹری انجمن ترغیب تعلیم بمبئی کے چندہ کا اعلان کیا بعد ازان جناب بابو محمد ابراہیم صاحب کے ایک ہزار چندہ کی خوشخبری سنائی اس کے بعد عام چندہ شروع ہوگیا، اس وقت پلیٹ فارم پر سے مجمع کا منظر قابل دید تھا وہ مجمع جو بروقت تقریر سکون وخاموشی کی تصویر نظر آتا تھا دفعتًا متحرک ہوا، یہانتک کہ رفتہ رفتہ اس جنبش نے تلاطم کی صورت اختیار کی پھر دفعتًا یہ نظر آیا کہ انسانون کا ایک دریا ہے جو موجین مارتا ہوا پلیٹ فارم کی طرف بڑھ رہا ہے، یہ مجمع ان غریب مسلمانون کا تھا جن پر اسلام فخر کرتا ہے اور جن کی غیرت قومی اور حمیت دینی سے آج بھی اسلام کی عزت قائم ہے یہ غربا جو چندہ دینے کے لئے پلیٹ فارم کی طرف بڑھ رہے تھے، اس قدر مال و دولت نہین رکھتے تھے کہ ندوہ کا کاسہ گدائی بھر دیتے لیکن قابل تذکرہ یہ امر ہے کہ جس سے جو کچھ تھوڑا بہت بن آیا وہ اُس نے دیا۔

اکثر مجالس مین ایسا ہوتا ہے کہ خاص خاص لوگ چندہ دیتے ہین، عام لوگ یا تو سکون وغفلت کے عالم مین بیٹھے رہتے ہین یا آہستہ آہستہ چپکے سے سرک جاتے ہین۔ برخلاف اس کے یہان یہ حالت تھی کہ ہر شخص منبر کی طرف بڑھنے کے لئے کشاکش کر رہا تھا اس حالت مین کسی ایک شخص کے لئے چندہ وصول کرنا اور لکھنا دشوار تھا، اس لئے پلیٹ فارم پر متعدد اصحاب علیحدہ علیحدہ چندہ لکھ رہے تھے یہ امر قابل تذکرہ ہے کہ لوگون کو پہلے سے اس کی اطلاع نہ تھی کہ اس

وقت چندہ طلب کیا جائیگا اسلئے بعض لوگوں نے پلیٹ فارم پر آکر معذرت کی کہ اس وقت وہ کچھہ نہین پیش کرسکتے دوسرے وقت دینگے، قریبًا ڈیڑھ گھنٹہ تک چندہ وصول ہوتا رہا اس کے بعد ۱۲ بجے اجلاس ختم ہوا۔

## سہ پہر کا اجلاس

پانچ بجے سہ پہر کا اجلاس شروع ہوا سب سے پہلے مولانا سید سلیمان ندوی نے تجویز نمبر ۱ کو پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ برادران اسلام اس وقت کے اجلاس کی پہلی تجویز یہ ہے۔

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ مسلمانان ہند کے درمیان باہم اتحاد پیدا کرنے اور اُن کے مذہبی و تعلیمی نظام کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے یہ ضروری خیال کرتا ہے کہ مختلف صوبہائے ہند مین اُردو کی ترویج و اشاعت اور توسیع و ترقی کے وسائل اختیار کئے جائین اور دینیات کی ابتدائی تعلیم اُردو زبان کے ذریعہ سے دی جائے"۔

یہ تجویز بظاہر ندوہ سے تعلق نہین رکھتی لیکن اس تجویز کے اندر ایک دقیق مسئلہ پوشیدہ ہے جس کی وجہ سے اس کو ندوہ سے بھی خاص تعلق پیدا ہوگیا ہے، یہ ظاہر ہے کہ ہندوستان مین منجملہ اور امتیازات و اختلافات کے ایک زبان کا مسئلہ بھی ہے حالت یہ ہے کہ دکن مین ہر سو میل کے بعد ایک جدید زبان ہے۔ مدراس مین بھی چند زبانین ہین البتہ شمالی ہند مین پنجاب سے ڈھاکہ تک اُردو زبان ہے اور خوشی کی بات ہے کہ دوسرے صوبون مین بھی اردو کا رواج ہے تمام مسلمانان ہند کے درمیان اتحاد و ارتباط پیدا کرنے اور ان کو ایک رشتہ مین منسلک کرنے کے لئے اگر کوئی چیز کارآمد ہوسکتی ہے تو وہ زبان ہے زبان کے اتحاد سے اس زبان کے خصوصیات تمام قوم مین سرا جاتے ہین اور پھر جذبات و احساسات کی صورت مین اس قوم پر مسلط ہوجاتے ہین۔

اگر بالفرض یہ زبان انگریزی ہو تو بائبل کے فقرے اور سنسکرت ہو تو بھاگوت گیتا کے

سیکڑون الفاظ زبان پر چڑھ جاتے ہین زبان کی طاقت یہان تک ہے کہ دنیا مین جو قومین مٹ گئین سب سے پہلے ان کی زبان مٹ گئی جو ان کو باہم متحد الخیال اور پیوستہ رکھتی تھی یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے تمام مسلمان بھی باہم متحد نہین ہو سکتے جب تک ان کی زبان ایک نہ ہو اگرچہ ان کا خدا پیغمبر اور قبلہ ایک ہے لیکن ہندوستان کے سیکڑون زبانین بولنے والے مسلمانون کو یہ بات کیونکر سمجھائی جاسکتی ہی۔

اس وقت یہ صلاحیت اردو زبان کو حاصل ہے کہ وہ تمام مسلمانون کی زبان ہو سکتی ہی اور اس کو ہونا چاہیئے اردو مسلمانون کی قومی زبان ہے اور مسلمانون نے اس کی بقا و ترقی پر دو سو برس صرف کیے ہین اس مین ایک بڑا ذخیرہ علمی موجود ہے قرآن مجید، احادیث اور دیگر مذہبی کتابین جو اردو مین موجود ہین اُن سے اسی وقت فایدہ اٹھایا جاسکتا ہے جب اردو کا عام رواج ہو یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اردو زبان کے مولد ہونے کا جس صوبہ کو فخر حاصل ہے وہ یہی صوبہ دکن ہے اور یہان کا مشہور شاعر ولی دکنی اُردو زبان ہی مین محمد شاہ کا گیت گاتا ہی

غرض اُردو کا عام رواج ہر حیثیت سے ضروری ہے کیونکہ اس کی خاص طور پر حاجت ہی کہ ہر صوبہ کے علما و فاضل مین باہمی ارتباط پیدا ہو اور وہ باہم تبادلہ خیالات کر سکین یہ مقصد بھی اُردو زبان ہی سے حاصل ہو سکتا ہے، اس وقت بھی دار العلوم دیوبند، مدرسہ سہارنپور اور دار العلوم ندوہ اُردو زبانون ہی مین مذہبی خدمت کر رہے ہین، دینیات کے تعلیمی رسائل جو اُردو مین لکھے جاتے ہین ہر صوبہ مین مقبولیت حاصل کرتے ہین بالفرض اگر یہ رسائل گجراتی زبان مین تیار ہون تو مدراس مین بے سود ہین اسی طرح ہندوستان کی دوسری زبانون کا حال ہے خیال کیجئے کہ اگر آپ اُردو نہ جانتے ہوتے تو مین کس زبان مین اللہ کا پیغام آپ کو سناتا اس سے معلوم ہوا کہ اُردو ہندی مذہبی و قومی زبان ہے۔

آج تمام ہندوستان مین ہوم رول کا غلغلہ بلند ہے اب فرض کیجئے کہ ہندوستان کی مختلف اقوام کے قائم مقام ہوم رول ملنے کے بعد دہلی مین جمع ہون تو وہ کس زبان مین باہم تبادلہ خیالات کرین گے

اسی سبب سے میرا مدت سے خیال ہے کہ ہوم رول سے پہلے ہوم لنگویج کا فیصلہ ضروری ہے خصوصاً مسلمانون کی قومیت قائم رکھنے کے لئے تو نہایت ضروری ہے کیونکہ اس وقت ان کا تمام مذہبی و اخلاقی و سیاسی لٹریچر اُردو زبان مین ہے بہترین اخبارات و رسائل اُردو زبان ہی مین شایع ہوتے ہین، پنجاب بہار اور ممالک متحدہ کا رہنے والا اُردو زبان کے ذریعہ سے بگام جیسے دور دراز مقام مین گفتگو کر سکتا ہے اور لوگ اس کو سمجھتے ہین تو کیا یہ اُردو کی فوقیت کی دلیل نہین ہے

ہر صوبہ مین سرسید حالی۔ شبلی، شاہ رفیع الدین نہین پیدا ہو سکتے ہین اور نہ ان لوگون کے مفید خیالات ہر زبان مین موجود ہین اسلئے بغیر اُردو کے چارہ کار نہین اس بنا پر مین نہایت پر زور طریقہ سے اس تجویز کی تحریک کرتا ہون، میرے نزدیک مسلمانون کی قومی ترقی اور جوش کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ تمام صوبہ ہائے ہند مین اردو کو رواج دیا جائے لہذا امید ہے کہ اس تجویز کی پوری تائید کی جائیگی۔

مولانا سید سلیمان صاحب کی تقریر کے بعد منشی غلام محمد صاحب پنشین ٹیچر ساونور ضلع دھارواڑ نے تائید مین تقریر فرمائی اور خاصکر صوبہ دکن کے حالات اور مسلمانون کی جہالت کے واقعات بیان کر کے اس پر زور دیا کہ بہ تخصیص اس علاقہ مین اُردو کی خاص طور پر ضرورت ہے اور یہ بتایا کہ تمام مسلمانان ہند مین باہم رابطہ و اتحاد پیدا کرنے اور ان کی قوت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کیلئے اگر کوئی چیز ہو سکتی ہے تو وہ صرف اردو زبان ہے اور ایک مسلمان خواہ ہندوستان کے کسی گوشہ مین رہتا ہو اس زبان کے ذریعہ سے تمام مسلمانان ہند کے خیالات و قومی تحریکات سے باخبر ہو سکتا ہے۔

سلسلہ تقریر مین موید نے آنریبل سیٹھ ہارون جعفر کا ذکر کیا کہ صاحب موصوف نے صوبہ کے ایوان حکومت مین اردو زبان کی خاص طور پر حمایت کی۔

مذکورہ بالا تائید کے بعد یہ تجویز بالاتفاق پاس ہوئی

اس کے بعد مولانا حاجی غلام محمد صاحب شملوی نے بیان کیا کہ کل جناب ناظم صاحب نے

اپنی سالانہ رپورٹ مین طلبہ کے لئے جو انعامات تجویز کئے گئے ہین اس کا تذکرہ کیا تھا لیکن اس مین تجوید کے متعلق کوئی خاص انعام نہ تھا اب مین نہایت خوشی سے اعلان کرتا ہون کہ جناب خطیب عبد الرشید صاحب تاجر مدراس نے عسے وبیہ سالانہ کا انعام تجوید کے لئے منظور فرمایا ہے اور دوسرا انعام پندرہ روپیہ سالانہ اس طالبعلم کے لئے جو علم حدیث مین اپنی افضلیت ثابت کرے اسکے علاوہ جناب سید عبد القادر صاحب نے اس سال کے لئے عہ کے ایک انعام کا اعلان کیا ہے'

اس اعلان کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے تجویز نمبر ۱ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی

"مولانا قادر بخش سہسرامی مرحوم جو ندوہ کے ابتدائی شریک کارون مین تھے افسوس ہو کہ انہون نے ۱۵ تاریخ اپریل کو وفات پائی مرحوم ہندوستان کے مشہور واعظ تھے یہ جلسہ ان کی مغفرت کے لئے دعا کرتا ہے"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ آج کی تجویز کل کی تجویز کا ایک ضمیمہ ہے، کل ہم نے متعدد علمار کا ماتم کیا تھا اور آج بھی ماتم کرنے کے لئے کھڑے ہوئے ہین، ہم کو مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ مولانا حاجی قادر بخش صاحب نے وفات پائی آپ ہندوستان کے مشہور واعظ تھے آپ کو ہزارون حدیثین مع اسناد ازبر تھین جن کو آپ وعظ مین بیان فرماتے تھے، آپکا وعظ عالمانہ ہوتا تھا مجکو بارہا مرحوم کے ساتھ متعدد مجالس مین وعظ کہنے کا اتفاق ہوا ہے اور مین مرحوم کے محاسن وکمالات کا معترف ہون ایسے شخص کا علمار کی جماعت سے اٹھ جانا مسلمانون کی بدقسمتی ہے مین دعا کرتا ہون کہ خدا مرحوم کی مغفرت کرے'

اس کے بعد مولانا سجاد صاحب سکرٹری انجمن علماے بہار نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے فرمایا اس قحط الرجال کے زمانہ مین علمار کا فقدان نہایت ہولناک مصیبت ہی مرحوم نہ صرف بہار بلکہ تمام ہندوستان مین مشہور تھے اور آپ کے عالمانہ وعظ سے ہر جگہ کے مسلمان فایدہ اٹھاتے تھے، آپ کی موت سے یقیناً ہم کو نقصان پہنچا لیکن بجز حسرت وافسوس کے چارہ

کار گیا ہے اس لئے مین نہایت افسوس سے اس تجویز کی تائید کرتا ہون
تجویز بالاتفاق پاس ہوئی اور دعائے مغفرت آگئی گئی

مندرجہ بالا تجویز کے منظور ہو جانے کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے رسوم قبیحہ کے استیصال کے متعلق تجویز نمبر ۲ پیش کی جس کے الفاظ حسب ذیل ہین -

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ اس تجویز کی تجدید کرتا ہے جو رسوم قبیحہ کے استیصال کے متعلق اجلاس نہم مین منظور ہوئی تھی اور اس بات پر افسوس ظاہر کرتا ہے کہ ایسی مفید تجویز کی جانب مسلمانون نے توجہ نہین کی"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ امرت سر مین ندوۃ العلما کا جو اجلاس ہوا تھا اس مین یہ تجویز پیش کی گئی تھی حقیقت یہ ہے کہ ان غیر شرعی رسوم نے اسلامی روح کو بالکل فنا کر دیا ہے ہم گویا مقید ہین اور رسم و رواج کی زنجیرون مین جکڑے ہوئے ہین اب وہ سادہ اسلام کہان ہی جو رسول خدا نے پیش کیا تھا جس پر ان پڑھ بدو بھی شیدا ہو جاتا تھا اسلام کے اعمال و عقاید بالکل سادہ تھے اور فلسفہ کی پیچیدگی و آلائش سے بالکل پاک و صاف لیکن اسلام کی یہ مقدس امانت جو سرکار مدینہ نے ہمارے سپرد کی تھی بالکل مسخ کر دی گئی اب نہ ہماری شکلین مسلمانون کی طرح ہین نہ ہمارے اعمال و عقاید،

مثال کے طور پر ایک نکاح کو دیکھو کہ اسلامی نکاح کس قدر سادہ ہے، نہ مولوی کی حاجت نہ پنڈت کی دو گواہون کی موجودگی مین نکاح ہو جاتا ہے نہ گرجا مین لیجانے کی ضرورت ہی نہ کسی دھوم دھام کی بلکہ یہ تمام کام بلا زحمت نہایت سادہ طریقہ پر انجام پاتا ہے، برخلاف اس کے اب یہ حالت ہی کہ بعض مسلمانون کے گھرون مین چالیس چالیس برس کی کنواری لڑکیان بیٹھی ہین اور ان کا نکاح نہین کیا جاتا کیون؟ اس لئے کہ فضول و بیہودہ مراسم کے لئے روپیہ نہین شادی تو شادی ہے بعض امرا کے یہان تو جنازہ کے ساتھ اس قدر اہتمام ہوتا ہے کہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ خدایا یہ جنازہ ہے یا برات، اگر عرب کے مصلح اعظم آج دنیا مین تشریف لا کر دیکھین تو سمجھ ہون

کہ کیا یہ میری امت کے لوگ ہین جن کو اسلام سے کوئی تعلق ہنین۔
اسی طرح بہت سے شرفا اس پر اڑے ہوئے ہین کہ بیوہ کا نکاح ہنین کرینگے، کوئی ان سے دریافت کرے کہ یہ کس کی سنت ہے اور آپ کے پاس اس کا کیا ثبوت ہے کہ بیوہ کا نکاح ناجائز ہے۔ جو رسم حکم خدا و رسول اور خلفاء و اولیا اللہ کے خلاف ہو وہ اس قابل ہے کہ اس کو توڑ پھوڑ دیا جائے۔
یہ کہان کا انصاف ہے کہ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی فاتحہ پر تو ہزارون روپیہ صرف کیا جائے اور ان کی اولاد بھیک مانگتی پھرے اس کا خیال نہ کیا جائے میلاد پر لاکھون روپیہ خرچ ہو لیکن آنحضرت صلعم جس کام کے لئے تشریف لائے تھے یعنی اشاعت اسلام اس پر ایک پیسہ نہ خرچ کیا جائے اور محض تفریح ناموری کے لئے دیگین لٹائی جائین محرم کے زمانہ مین بیشمار روپیہ بیہودہ اور ناجائز مراسم مثلاً باجے اور تعزیہ داری پر صرف کیا جائے لیکن امام علیہ السلام کی اولاد تعلیم و تربیت سے محروم رہے اس کی فکر نہ کی جائے حالانکہ امام کی ذات گرامی وہ ذات ہے کہ جس نے محض حق و صداقت کے لئے اپنے کو اسلام پر قربان کر دیا کاش کہ ہمارے زمانہ کے علما و مشائخ اور مساجد کے امام مسلمانون کو ان مراسم سے روکین اور امت محمدیہ پر رحم فرمائین خصوصاً موجودہ حالت مین جبکہ اصلاح کی شدید ضرورت ہے اس لئے مین نہایت جوش سے اس تجویز کی تحریک کرتا ہون۔
آپ کی تقریر کے بعد مولوی قطب الدین صاحب بلگامی نے اس تجویز کی تائید مین مختصر و پر اثر تقریر کی بعد ازان مولانا سید سلیمان ندوی نے حاضرین کو مخاطب کرکے فرمایا کہ یہ تجویز اس قسم کی ہنین ہے کہ آپ معمولی طور پر اس کو منظور کر لین بلکہ عہد کیجئے کہ آئندہ ان بیہودہ مراسم کو چھوڑ دینگے اس پر ہر طرف سے آوازین بلند ہوئین اور تجویز نہایت جوش سے پاس ہوئی۔
شب کو حسب معمول نو بجے اجلاس شروع ہوا سب سے پہلے خان بہادر آنریبل سیٹھ

ابراہیم ہارون جعفر صاحب نے تجویز نمبر ۸ ایک مختصر تقریر کے ساتھ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی؛

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ اعلیٰ حضرت امیر حبیب اللہ خان فرمانروائے دولت خداداد افغانستان کی افسوسناک موت پر اظہار حزن و ملال کرتا ہے اور اُن کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے"

مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے مختصر الفاظ مین تائید فرمائی اور تجویز بالاتفاق منظور ہوئی اور تمام حاضرین نے دعائے مغفرت مانگی؛

بعد ازان مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے تجویز نمبر ۹ ایک مختصر تقریر کے ساتھ پیش کی اس کے الفاظ حسب ذیل ہین؛

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ جو علما و مشائخ ہند کا قائم مقام جلسہ ہے اپنا مذہبی فرض خیال کرتا ہے کہ یہ ظاہر کر دے کہ از روئے احکام اسلام یہ ضروری ہر کہ جملہ مقامات مقدسہ حجاز و بیت المقدس کربلا و نجف اشرف وغیرہ کہ جن سے تمام مسلمانان عالم کے تعلقات وابستہ ہین براہ راست خود مختار اسلامی حکومت کے قبضہ واقتدار مین رہین، اس مجلس کا یہ بھی خیال ہے کہ مقامات مقدسہ کی تعیین و تشخیص کا حق صرف علمائے اسلام کو حاصل ہر"

مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے اس تجویز کی تائید کی اور یہ تجویز بھی بالاتفاق منظور ہوئی۔

اس کے بعد مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے تجویز نمبر ۱ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی؛

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ جنگ کے ختم ہونے اور دنیا کو از سر نو امن امان کی نعمت حاصل ہونے پر تہ دل سے اظہار مسرت کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ گورنمنٹ برطانیہ جس کے زیر سایہ دس کرور مسلمان آباد ہین خاص

طور پر ایسے اسباب و وسائل اختیار کریگی کہ مسلمانون کے جذبات صحیح وصاف طور پر صلح کانفرنس مین ظاہر ہوجائین اور مسلمانون کے مصالح کا پورا پورا لحاظ رکھا جاسے تاکہ آئندہ زمانہ مین بھی دنیا کو امن وامان نصیب ہو سکے،،

مولوی محمد اکرام اللہ خان ندوی نے اس تجویز کی تائید کی اور یہ تجویز بھی بالاتفاق منظور ہوئی،

ان تجاویز کے منظور ہونے کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے یہ ظاہر فرمایا کہ جناب سیٹھ جان محمد چھٹانی صاحب کے نوجوان فرزند نے انتقال کیا جس کی وجہ سے جناب موصوف اجلاس مین شریک نہ ہو سکے، صاحب موصوف کو جو صدمہ اس ناگہانی حادثہ سے پہنچا وہ ظاہر ہے ہم کو اس موقع پر آپ سے نہایت گہری ہمدردی ہے اس کے بعد آپ نے حاضرین سے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی تحریک کی، اور اجلاس کی طرف سے ہمدردی کا تار دیا گیا،

اس کارروائی کے بعد سلسلہ وعظ شروع ہوا چنانچہ مولوی انیس احمد صاحب بی اے اور مولوی عبدالرزاق خان صاحب ندوی نے اپنی دلچسپ ومفید تقریرون سے حاضرین کو محظوظ کیا اور ۱۲ بجے شب کو جلسہ اختتام کو پہنچا۔

---

## اجلاس کا تیسرا روز

## ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۱۹ع روز دوشنبہ

## ۹ بجے سے ایک بجے تک

۹ بجے سے اجلاس کا افتتاح ہوا سب سے پہلے مولوی عبدالحی صاحب رائے باغی نے قرآن مجید کی تلاوت کی اس کے بعد جناب مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجری نے

قاضی عبدالصمد صاحب کا حاضرین سے تعارف کرایا، آپ نے ایک نظم سنائی اور دس روپیہ چندہ عنایت کیا،

بعد ازاں مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے تجویز نمبر ۱ بابت قیام معین الندوہ حسب ذیل الفاظ میں پیش کی،

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ مسلمانان بلگام کی مذہبی و تعلیمی ترقی کو مستقل طریقہ سے جاری رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ یہاں بھی مثل دوسرے مقامات کے انجمن معین الندوہ قائم کی جائے اور اس کے ماتحت ایک عربی مدرسہ مذہبی تعلیم کے لئے جاری کیا جائے اور اجلاس ختم ہونے سے پہلے معین الندوہ کے لئے عہدہ داروں اور اراکین کا انتخاب کیا جائے"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے آپ نے ایک پرزور تقریر کی جس کا ماحصل درج ذیل ہے

آپ نے فرمایا کہ یہاں کی مذہبی و تعلیمی حالت کو دیکھتے ہوئے اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ یہاں بھی ندوہ کے تعلقات ہمیشہ کے لئے وابستہ ہو جائیں بلکہ ہماری تو یہ خواہش ہے کہ تمام مسلمانان ہند میں باہم اسقدر اتحاد و ارتباط ہو اور اس طرح ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوں کہ بلگام کا مسلمان پشاور کے مسلمان کو اپنا بھائی سمجھے اور اس کے درد و تکلیف کو محسوس کرے، یہ میں خود نہیں کہتا بلکہ میرے آقائے نامدار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی فرمایا ہے

یہی سبب ہے کہ ہم ہمیشہ جہاں جاتے ہیں معین الندوہ قائم کرتے ہیں یہ گویا ندوہ کی مقامی شاخ ہوتی ہے جس طرح محمڈن کانفرنس اور مسلم لیگ کی مقامی شاخیں ہوا کرتی ہیں اس قسم کے تعلقات قائم رکھنے سے ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ایک کو دوسرے کی حالت معلوم ہوتی رہتی ہے اور باہم شریک رنج و راحت ہو سکتے ہیں اور یہ کچھ کم فائدہ کی بات نہیں ہے۔

خاصکر بلگام کی حالت کا تو یہ تقاضا ہے کہ یہان سے ضرور اس قسم کے تعلقات قائم رکھے جائین اور یہان کی مذہبی و دینی حالت کی اصلاح کی جائے تعجب ہے کہ اس سدرن ڈویژن مین کوئی عربی مدرسہ اور مذہبی تعلیم گاہ نہین ہے اور سب سے زیادہ تعجب یہ ہے کہ لوگون کو اب تک اس کی ضرورت محسوس نہین ہوئی، اگر کسی موضع مین کوئی طبیب یا ڈاکٹر نہ ہو تو انسان گہبرا جاتا ہے کہ اگر خدانخواستہ کوئی ضرورت پیش آئی تو وہ کیا تدبیر کریگا لیکن حیرت ہے کہ کسی روحانی طبیب (عالم ربانی) کی ضرورت آپ کو محسوس نہین ہوتی کیا آپ کسی روحانی بیماری مین مبتلا نہین ہوتے برائے خدا مجکو تبلائیے کہ اپنی روحانی ترقی کے لئے آپ نے کیا انتظام کیا ہے؟ افسوس! ایک زمانہ وہ تہا کہ قریہ قریہ علم سے معمور تہا اور مسلمانون کی ہر بستی مین علماء وارباب کمال موجود تھے اور آج جہالت کا یہ عالم ہے کہ مسلمانون کی آبادیون مین کسی جلیل القدر عالم کی صورت بہی نظر نہین آتی حضرات! کیا مسلمانون کے لئے بہی اس کی حاجت ہے کہ ان مین جبریہ تعلیم کو رواج دیا جائے، درانحالیکہ ہمارے آقائے نامدار جناب رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ہر مسلمان مرد وعورت پر علم سیکہنا فرض کردیا ہے اور اس لحاظ سے کسی مسلمان مرد وعورت کو جاہل نہ رہنا چاہیئے۔ برادران اسلام اگر آپ چاہتے ہین کہ قرآن مجید چیستان نہ بنجائے جس طرح دوسری کتابین چیستان بنگئی ہین تو خدا کے لئے جلد اس کی فکر کیجئے تاکہ قرآن سمجہنے والے دنیا مین موجود رہین۔

ایک زمانہ دراز گذرا کہ یہان سے دو نوجوان تحصیل علم کے لئے کانپور گئے تھے جو فارغ التحصیل ہوکر واپس آئے اور آپ کو فائدہ پہنچایا۔ یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ ان دونون صاحبون کو مدرسہ فیض عام کے اس جلسہ مین سند دیگئی جو درحقیقت ندوۃ العلماء کا پہلا جلسہ تہا اور جس مین ندوۃ العلماء کی تحریک نے عملی صورت اختیار کی تہی،

لیکن افسوس ہے کہ آج حالت دگرگون ہے اب یہان کے بچے باہر پڑھنے نہین جاتے

شرفا کی اولاد اونکے کاروبار مین مشغول ہے اور اہل علم کے بچے ڈمنی (ایک قسم کی بیل گاڑی جو بلگام مین مروج ہے) ہانکتے ہین بات یہ ہے کہ جب یہان کے مسلمان اہل علم کی قدر نہین کرتے تو کیونکر لوگون کو تحصیل علم کی ترغیب ہو،

بہرحال آپ کے ملک کو بہترین علمار کی ضرورت ہی جو اس علاقہ کے مسلمانون کو فایدہ پہنچائین شاید آپ کہین کہ ہم کو عربی کی کیا ضرورت ہی؟ مین کہونگا تمباکو کی کیا ضرورت ہے؟ شاید غلہ کے بعد آپ سب سے زیادہ تمباکو کی ضرورت محسوس کرتے ہین تو کیا نعوذ باللہ قرآن مجید کی ضرورت آپ کے نزدیک تمباکو کی برابر بھی نہین، خدارا جس قدر رقم آپ جوتیون پر سالانہ صرف کرتے ہین اسیقدر اسلام کے لئے خرچ کیجئے تاکہ جناب محمد صلعم کی امانت ضایع نہو جائے اسی طرح زیادہ نہین تو ہر بستی والے کم از کم تین چار بچون کو روحانی تعلیم کے لئے مخصوص کردین اگر معین الندوہ یہان قائم ہوجائے تو یہ جملہ مقاصد باحسن وجوہ انجام پاسکتے ہین،

اس تقریر کے بعد **منشی محمد حسین** صاحب سکریٹری انجمن اسلام بلگام نے اس کی تائید مین تقریر کی اور فرمایا کہ مولانا غلام محمد صاحب شملوی کی تحریک کے مطابق درحقیقت اس کی نہایت ضرورت ہی کہ ندوۃ العلما کی یادگار یہان قائم کی جائے اس طرف قرب و جوار کی دیہات کی حالت نہایت افسوسناک ہی معین الندوہ اور مدرسہ کے قیام سے تمام ضلع بلگام کو فایدہ پہنچیگا یہ امر کس قدر باعث شکرگذاری ہے کہ ندوۃ العلما نے ہماری دعوت قبول کرکے یہان اپنا سالانہ اجلاس منعقد کیا اور ہم کو ایسی مفید باتون پر توجہ دلائی ہمارا فرض ہے کہ ہم اس موقع سے فایدہ اٹھائین اور اپنی اصلاح حالت پر توجہ کرین مین بلگام کے مسلمانون اور رسول اللہ کی امت مین سے سچا درد رکھنے والون سے التجا کرتا ہون کہ وہ معین الندوہ ضرور قائم کرین

اس کے بعد ایک مرہٹہ ہندو وکیل بالکشن ملہاری نے اسٹیج پر آکر بیان کیا کہ اگرچہ آپ

عربی زبان کی اشاعت کے لیے کوشش کر رہے ہین اور ہماری مذہبی زبان سنسکرت ہے لیکن سنسکرت کی طرح عربی بھی اس کا حق رکھتی ہے کہ ملک مین پھیلے، مین اس تحریک کا حامی ہون افسوس کہ زیادہ مدد نہین کر سکتا لیکن تاہم اپنے مسلمان بھائیون کے اس مقصد کی تکمیل کے لئے عشر کی ناچیز رقم نذر کرتا ہون۔

اس واقعہ نے ایک خاص جوش مسلمانون مین پیدا کر دیا اور عربی مدرسہ کے لئے چندہ کی کی تحریک شروع ہوگئی۔ مولوی انیس احمد صاحب بی اے اور مولوی غلام محمد صاحب شملوی نے اس واقعہ سے خاص اثر لیا اور اپنے پر اثر کلمات سے لوگون مین جوش پیدا کر دیا۔ آخر مین جناب بابو محمد ابراہیم صاحب اور مولوی محمد انیس احمد صاحب نے ٹوپیان ہاتھون مین لیکر مجمع مین دورہ کیا اور مسلمانون سے چندہ مانگا یہ سلسلہ دیر تک جاری رہا بعد ازان یہ تجویز بالاتفاق نہایت جوش وخروش سے منظور ہوئی۔

اس تجویز کے منظور ہوجانے کے بعد جناب بابو محمد ابراہیم صاحب نے تجویز نمبر ۱۲ پیش کی جس کے الفاظ حسب ذیل ہین:-

"ندوۃ العلما کا یہ اجلاس پسند کرتا ہے کہ بلگام مین بمقام لشکر جو مدرسہ قائم ہے اس کی توسیع کی جائے اور عام مسلمانون سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اس کی امداد کرین"

اس تجویز کے پیش ہونے کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی کھڑے ہوئے اور آپ نے فرمایا کہ جو تجویز بابو محمد ابراہیم صاحب نے پیش کی ہے مین اس کی تائید کرتا ہون۔ اے حضرات مین خواہ مخواہ شیخی سے اس کی تائید پر نہین آمادہ ہوا ہون نہ میرا یہ مقصد ہے کہ جو تجویز پیش کی جائے مین کسی نہ کسی طرح ضرور اس کی تائید کرون ابھی مین عربی مدرسہ کے لئے تحریک کر چکا ہون اور اس کے لئے چندہ بھی ہو چکا ہے اب انگریزی اسکول کے لئے آپ کو اعانت پر آمادہ کر رہا ہون۔

حضرات! حقیقت یہ ہے کہ ہمارے قومی امراض کثیر ہین اور ہم کو ہر مرض کا علاج کرنا چاہیئے کیا جو شخص چند امراض مین مبتلا ہو وہ ایک ہی مرض کا علاج کرتا ہے اور دوسرے امراض کو نظر انداز کر دیتا ہے ظاہر ہے کہ ایسا نہین ہو سکتا،

آپ دیکھتے ہین کہ بحیثیت ایک مستقل قوم کے ہمارے مخصوص ضروریات ہین اور ہمارا فرض ہی کہ ہم ان ضروریات کو پورا کرین اور اپنی مستقل ہستی قائم رکھین، یہ نہونا چاہیئے کہ ہم دوسری قومون مین جذب ہو جائین،

ہم مسلمانون کو اپنی تمام قومی ضروریات کے لئے مستقل انتظام کی ضرورت ہی لیکن سب سے زیادہ ضروری مسئلہ تعلیم کا ہے، قوم کی ترقی کا مدار تعلیم پر ہے اگر تعلیم کی بنیاد عمدہ اور مستحکم طریقہ پر نہ رکھی گئی تو قوم ترقی نہین کر سکتی

خشت اول چون نہد معمار کج تا ثریا میرود دیوار کج

اب ذرا غور سے دیکھنا چاہیئے کہ یہ کسقدر عبرت کا مقام ہے کہ دوسری قومون کے بچے عمدہ تعلیم و تربیت سے آراستہ ہون اور مسلمانون کے بچے جاہل و آوارہ پھرین اس غفلت کا جو انجام ہوگا ظاہر ہے۔

از مکافات عمل غافل مشو گندم از گندم بروید جو ز جو

اس وقت آپ اس کو اپنی خوش قسمتی خیال کیجئے کہ میرٹھ کا ایک مسافر (بابو محمد ابراہیم) یہان آیا اس کو یہان کے مسلمانون کی تعلیمی حالت خراب نظر آئی، ہمت کر کے کام کرنے پر آمادہ ہوگیا، زمین کا ایک ٹکڑا اچھا نظر آیا گورنمنٹ سے درخواست کی، حکام کی ہمدردی شامل حال ہے، امید ہے کہ یہ زمین اسکول کے لئے مسلمانون کو مل جائیگی، ہمت والے اسی طرح کام شروع کر دیتے ہین دوسرون کے قہقہہ کی پروا نہین کرتے،

اس کے بعد آپ نے چندہ کی فہرست سنائی جو اب تک اسکول کے لئے ہو چکا ہے پھر فرمایا کہ قومون نے کبھی سلطنتون پر اپنی ضروریات کا بار نہین ڈالا اس لئے مسلمانون

کو بھی یہ کام خود کرنا چاہیئے، یہان کے مسلمان قومی ضروریات سے بالکل غافل ہین ہے اس لیئے جو شخص ذرا سا بھی کام کرے وہ قابل شکرگذاری ہے لہذا مالی اعانت سے دریغ نہ کیجیئے مین اس تجویز کی نہایت زور سے تائید کرتا ہون

اس کے بعد مسٹر عبدالصمد پروفیسر اور بعض دیگر مقامی اصحاب نے تائید کی، تجویز بالاتفاق پاس ہوئی بعد ازان چندہ شروع ہو گیا جسکا سلسلہ دیر تک جاری رہا، اور مولوی غلام محمد صاحب شملوی نے ان متعدد اصحاب کے نام سنائے جنہون نے مولانا موصوف کی معرفت ان کی تحریک سے چندہ دیا،

اس کے بعد جناب مولانا محمد سجاد صاحب سکریٹری انجمن علماے بہار اسٹیج پر تشریف لائے اور آپ نے فرمایا کہ مین گیا سے آیا ہون جو عام طور پر "گیاجی" کے نام سے مشہور ہے وہان کے عمائد وسربرآوردہ اصحاب نے مجکو یہ پیام دیکر بھیجا ہے کہ وہ ندوہ کو آیندہ سالانہ اجلاس کے لیئے گیا مین مدعو کرتے ہین، اس کے بعد آپ نے وہ دعوت نامہ پڑھکر سنایا جو آپ گیا سے لیکر آئے تھے اور جس پر وہان کے سربرآوردہ اصحاب کے دستخط تھے

اب جلسہ کا آخری منظر سامنے آرہا تھا یعنی مولانا غلام محمد صاحب شملوی اسٹیج پر تشریف لائے اور آپ نے فرمایا

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد  روے گل سیر ندیدیم بہار آخر شد

میرے محترم دوستو اب جلسہ کا آخری وقت آگیا ہے اور ہم رخصت ہونے والے ہین یہان کے معزز میزبانون کی محنت، کوشش، جانفشانی آج تک ہم کو یاد ہے، دلون مین کیسی کیسی امنگین اور کیسے کیسے حوصلے تھے کہ ندوہ کا اجلاس ہوگا تو ہم یہ کرینگے اور وہ کرینگے لیکن افسوس کہ "محترم صدر" کے تشریف نہ لانے سے یہ خوشی خاک مین مل گئی،

ندوہ کے اجلاس بڑے بڑے شہرون مین ہو چکے ہین چنانچہ مدراس کے اولوالعزم مسلمانون نے صرف اجلاس کی تیاری و مہمانداری پر ۱۲-۱۳- ہزار روپیہ صرف کر دیا

لیکن اہل بلگام کی ہمت قابل ستائش ہے کہ ایسے مقام پر جہان اس قسم کے وسائل اور آسانیان موجود نہین ہین محض اپنی ہمت سے کام کیا۔ جس مقام پر بانی تک آسانی سے بھم نہیج سکتا ہو وہان انتظام مین جو کچھ دشواری پیش آسکتی ہے وہ ظاہر ہے

جس زمانہ مین جلسہ کے لیے کام ہو رہا تہا مین جامع مسجد مین رہتا تھا۔ اتفاقاً نمازکا زمانہ تہا اور حالت یہ تھی کہ جنازون کا ایک تانتا لگا رہتا تھا اور مولوی قطب الدین صاحب کا بڑا وقت جنازہ کی نماز پڑھانے مین صرف ہوتا تھا لیکن لوگون کے شوق کا یہ عالم تہا کہ بعض لوگون نے مجھ سے کہا کہ اگر ہمارے گھر مین مردہ بھی پڑا ہوگا جب بھی ہم ندوہ کا کام کرینگے۔

ناگپور مین جب ندوہ کا اجلاس ہوا تھا تو تمام ممالک متوسط سے چندہ لیا گیا تہا اور اجلاس گویا تمام صوبہ کی طرف سے تہا لیکن اہل بلگام کو یہ موقع نہین حاصل ہوا کہ ان کو تمام صوبہ بمبئی سے مدد ملی ہو۔ بلکہ انہون نے صرف اپنے حلقہ کے اندر کام کیا اگر مسلمانان بلگام کی ہمت وجوش کا یہی عالم رہا تو ایک دن تمام صوبہ کے لئے قابل تقلید ہون گے۔

مین اس موقع پر اپنا فرض سمجھتا ہون کہ شیر خان صاحب کی ہمت و مالی اعانت کا شکریہ ادا کرون انہون نے دارالعلوم ندوہ کی بھی مدد کی اسکول کے لئے بھی معقول چندہ دیا میزبانی کی مد مین بھی اعانت سے دریغ نہین کیا اسی بنا پر مین نے انکو "اسد اللہ" یعنی خدا کے شیر کا خطاب دیا ہے، صدر اور شہر دونون جگہ کے مسلمانون نے جس ہمت سے کام کیا ہے اور جس جوش سے مالی اعانت کی ہے مین اس کا شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہون جناب نتھو بادشا اور جناب نور محمد صاحب سیٹھ نے جس ہمت سے جلسہ کے کام مین حصہ لیا وہ روز روشن کی طرح ظاہر ہے اگر یہ دونون صاحب شریک کار نہ ہوتے تو انتظام کا مکمل ہونا نہایت دشوار تہا خاصکر کھانے کا انتظام مین نور محمد صاحب سیٹھ کی توجہ ومحنت تعجب خیز ہے کثیر التعداد مہمانون کے لئے کھانے کا انتظام کرنا اور ان کو

کھانا پہنچانا سہل کام نہین ہے،
چندہ کے متعلق جناب سید شہزادہ صاحب اور شیر خان صاحب نے خاص کوشش کی جسکے ہم سب شکر گذار ہین اور یہ پنڈال جس مین آپ بیٹھے ہوئے ہین جناب چھوٹانی سیٹھ صاحب کی "ہمت وفیاضی کا نتیجہ ہے۔ پنڈال کا تیار کرنا آسان کام نہ تھا، یہان بلیان تک میسر نہین آتی تھین وہ بھی باہر سے آئین، اور جناب سینی سیٹھ صاحب نے بطور قائم مقام چھوٹانی سیٹھ صاحب کے یہ کام انجام دیا، اس کے ساتھ ہی بابو شنکر داس صاحب بھی لائق شکر گذاری ہین جنہون نے اس پنڈال کا نقشہ تیار کیا۔
ہم ناشکر گذار اور احسان فراموش سمجھے جائینگے اگر ڈاکٹر کامت صاحب کا شکریہ نہ ادا کرین، مصیبت یہ ہے کہ یہان دور دور تک کوئی مسلمان ڈاکٹر نہین اگر خدانخواستہ اجلاس کے ایام مین کوئی ضرورت پیش آئے تو سخت دشواری ہو لیکن ہمارے اس اندیشہ کو ڈاکٹر کامت صاحب نے دور کر دیا اور یہ وعدہ کیا کہ اگر خدانخواستہ کوئی مہمان بیمار ہوا تو وہ بلا فیس علاج کرین گے نہ صرف یہی بلکہ دوا بھی بلاقیمت دینگے اس کے علاوہ انہون نے یہ مدد بھی کی کہ اپنی دکان کا ایک بڑا حصہ جماعت استقبالیہ کے دفتر کے لئے بلا کرایہ دیدیا جواب تک خالی نہین ہوا ہے،
مین دیکھتا ہون کہ ہر طبقہ کے لوگون نے مہمان نوازی کا حق ادا کیا اور جس سے جو کچھ ہو سکا وہ اس نے کیا چنانچہ یہ زمین جس پر جلسہ ہو رہا ہے جناب سید شہزادہ صاحب نے پنڈال کے لئے عنایت کی اور جناب قاسم صاحب چاے والے نے اپنا پورا مکان ناظم صاحب کے لئے دیدیا، اور جناب عبدالرحیم عثمان سیٹھ صاحب عنانی نے صدر کیلئے اپنا بنگلہ وقف کر دیا
اب ذرا ایک اور چیز پر توجہ کیجئے یہان ڈمنیان (ایک قسم کی بیل گاڑیان) مروج ہین جو چیونٹی کی چال آہستہ آہستہ چلتی ہین اگر ایکدفعہ کسی کام کے لئے گئے تو دن بھر کے لئے غائب اس تاخیر سے جو دشواریان پیش آسکتی ہین وہ ظاہر ہین، اسلئے ہم جناب پی مانک

جی صاحب کے شکر گذار ہین کہ انہون نے ہم کو اپنا موٹر عنایت کیا جس سے ہم نے غیر معمولی فایدہ اٹھایا اور کام مین نہایت سہولت ہوئی۔

مولوی قطب الدین صاحب نے ہر کام مین حصہ لیا اور اجلاس کے کامیاب بنانے مین بڑی محنت کی ہین ان کی کوششون سے واقف ہون اور کارکنان ندوۃ العلما کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہون،

اب مین جماعت استقبالیہ کے محترم صدر جناب خان بہادر آنریبل سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب کے متعلق چند الفاظ کہنا چاہتا ہون جب مین نے آپ سے جماعت استقبالیہ کی محترم صدارت کے لئے خواہش کی تو آپ نے دو دفعہ اس خدمت کے قبول کرنے سے انکار کیا لیکن آخر کار اس ڈاڑھی کی عزت رکھلی اور قبول کیا پھر جو کچھ کام کیا وہ کسی سے مخفی نہین یہان مہمانون کے قیام کا مسئلہ نہایت پیچیدہ تھا کوئی صورت سمجھ مین نہین آتی تھی آپ نے اس دشواری کو حل کر دیا یعنی ڈائرکٹر صاحب سررشتہ تعلیم سے ملکر ہوسٹل اور ہائی اسکول کی عمارت مہمانون کے لئے حاصل کر لی یہ عمارتین جیسی صاف ستھری ہوادار ہین وہ آپ دیکھ رہے ہین اور یہان مہمانون کو جو آرام ملا وہ بھی ظاہر ہے اس معاملہ مین جناب بانگی صاحب وہیڈ ماسٹر صاحب کی سعی و کوشش بھی قابل ستائش ہے

یہ امر بھی قابل تذکرہ ہے کہ گورنمنٹ بمبئی نے خان بہادر کی کوشش سے سرکاری ملازمین کو اجلاس مین شرکت و اعانت کی اجازت دی آپ کے انہماک و دلچسپی کا حال اس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ پونا سے آپکی صاحبزادی کی علالت کے متعلق تار آیا مگر آپ بلگام سے جلسہ چھوڑ کر نہین گئے اگر اس پوزیشن کے لوگ اس قدر ایثار کرین تو کیا کہنا؟

اس طرح جناب بابو محمد ابراہیم صاحب کی کوششین قابل ستائش ہین انہون نے ندوہ کے لئے وقت، روپیہ اثر، ہر شئی صرف کی وہ عجیب و غریب عملی قوتون کے آدمی ہین ان کے علاوہ جناب جانی سیٹھ صاحب، دادا سیٹھ صاحب، عبد اللطیف سیٹھ صاحب، منشی عبد الرحمن

صاحب کی محنت و کوشش بھی ہمارے شکریہ کی محتاج نہین رضا کارون نے جو کام کیا وہ بھی ہمارے شکریہ کا مستحق ہے خصوصًا اس لئے کہ وہ نو آموز اور ناتجربہ کار تھے اور اس سے پہلے کبھی ان کو جلسون مین کام کرنے کا اتفاق نہین ہوا تھا۔

مذکورہ بالا اصحاب کے علاوہ مین ان جملہ ممبر بانون کا شکریہ ادا کرتا ہون جو اجلاس کے کامیاب بنانے مین حصہ لیتے رہے افسوس کہ وقت مین اسقدر گنجائش نہین ہی کہ مین ان جملہ اصحاب کے خدمات کا مفصل تذکرہ کرون۔

مولانا غلام محمد صاحب شملوی کی تقریر کے بعد جناب بابو محمد ابراہیم صاحب نے رضا کارون کا خاص طور پر شکریہ ادا کیا

اس کے بعد جناب آنریبل خان بہادر سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب صدر جماعت استقبالیہ مہمانون کا شکریہ ادا کرنے کے لئے اپنی کرسی سے اٹھے اور آپ نے فرمایا

حضرات علمائے کرام و مہمانان محترم! زمانہ کے انقلابات بھی کیسے عجیب و غریب ہین ابھی کل کی بات ہے کہ ہم لوگ نہایت جوش اور شوق سے آپ حضرات کا انتظار کر رہے تھے اور مدتون سے آپ کی آمد آمد کی گھڑیان گن رہے تھے آخر کار خدا خدا کر کے ہماری یہ آرزو برآئی اور محترم علماء و معزز مہمانون نے اپنے قدوم میمنت لزوم سے مسلمانان بلگام کو مشرف فرمایا اور مسلسل تین روز تک اپنی پند و نصیحت سے ایسا بیش قیمت فایدہ پہنچایا جو آجتک کبھی ہم کو حاصل نہین ہوا تھا ہم لوگ یکایک خواب غفلت سے جاگ اٹھے اور آپ کے نصائح پر عمل کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ لیکن آہ کیسے افسوس کا مقام ہے کہ ابھی ہم جی بھر کے آپ کے فیض صحبت سے بہرہ اندوز بھی نہ ہونے پائے تھے کہ رخصت کی گھڑی سر پر آگئی اور یہ صحبت سہ روزہ اس قدر جلد ختم ہو گئی کہ ہم دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔

اس مین شک نہین کہ ہم آپ کی عزت و منزلت کے لائق آپ کا خیر مقدم نہ کر سکے اور نہ حق مہمان نوازی ادا کر سکے اس کے ساتھ ہی ہم کو اس کا بھی رنج و قلق ہے کہ ہم جناب صدر محترم

نکے خیر مقدم کی عزت سے محروم رہے اور دل کی تمنا دل ہی مین رہگئی تاہم یہ امر باعث مسرت ہے کہ متعدد محترم علما اور دور و دراز کے معزز مہمانون نے ہماری دعوت کو قبول فرماکر ہماری عزت افزائی فرمائی اور ہمارے جلسہ کو رونق بخشی

خصوصًا طبقۂ علما مین جناب مولوی سجاد صاحب کی تشریف آوری خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ آپ ایک طویل سفر کرکے تشریف لائے اور ہماری عزت افزائی کی

اسی طرح جناب خطیب عبدالرشید صاحب و جناب سید عبدالقادر صاحب جیلانی کا خلوص و محبت بھی قابل ستائش ہے جو مدراس سے تشریف لائے ہین اور خانصاحب مولوی عبداللہ احمد صاحب محافظ حجاج بھی ہمارے شکریہ کے مستحق ہین جو بمبئی سے تشریف لائے ہین لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اصحاب ہمارے شکریہ سے مستغنی ہین کیونکہ ندوہ کا خلوص ان کو یہان تک لایا ہے اور وہ ندوہ کے دیرینہ معاون و خادم ہین اس لئے انہون نے جو زحمت گوارا فرمائی گویا اپنا فرض ادا کیا

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی، مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجری اور مولوی انیس احمد صاحب بی اے کی تشریف آوری نے ہمارے جلسہ کی رونق مین اضافہ کیا اور اپنے قیمتی خیالات سے ہمین فایدہ پہنچایا

جناب ناظم صاحب قبلہ کے متعلق کچھ عرض کرنا بے سود ہے، کیونکہ جناب ممدوح کی خدمات اور اَن تھک کوششین روز روشن کی طرح ظاہر ہین اور ہماری مدح و ستائش سے مستغنی ہین آپ کی ذات گرامی سے مسلمانون کو جو کچھ فایدہ پہنچ رہا ہے وہ محتاج بیان نہین، ندوۃ العلما کی کل کا چلتا پرزا یعنی مولوی غلام محمد صاحب شملوی کے بارے مین مین نہین سمجھتا کہ کیا کہون صرف یہ دعا ہے کہ خداوند تعالےٰ ان کی عمر و ہمت مین برکت دے

آخر مین مسلمانان بلگام کے قائم مقام کی حیثیت سے مین علماے کرام و جملہ معزز مہمانون سے درخواست کرتا ہون کہ وہ ازراہ کرم و شفقت بزرگانہ ان تکلیفون و زحمتون کو نظر انداز فرمائین جو آن کو

دوران قیام مین یہان پہنچی ہین، کیونکہ ہم لوگ ناآزمودہ کار ہین اور شاید اپنی عدم واقفیت کی وجہ سے حفظ مراتب کو نہ ملحوظ رکھہ سکے ہون،

اس کے بعد مین نوجوان رضاکارون کا شکریہ ادا کرتا ہون جنہون نے اجلاس کے انتظامات مین ہم کو مدد دی،

آخر مین میری دعا ہے کہ خدا ہم کو توفیق دے کہ ہم ان نصائح پر عمل کرین جو اس پلیٹ فارم پر بیان کئے گئے ہین اور اپنی قوم کی اس طریقہ سے خدمت کرین جس کی ہم کو علمار و معزز تعلیم یافتہ مہمانون نے ہدایت کی ہے اور ہمارے تعلقات باہم مستحکم ہون اور ہم ایک دوسرے کی مدد کرین والسلام،

صدر جماعت استقبالیہ کی تقریر شکریہ کے بعد جناب مولانا شاہ نظام الدین صاحب نے اجلاس کے اختتام کا اعلان فرمایا اور نہایت پر اثر طریقہ سے دعا مانگی کہ لوگون کے دل بھر آئے سلسلہ کلام مین آپ نے فرمایا کہ جب جلسہ کے اختتام کا وقت آتا ہے تو طبیعت بھر آتی ہے کہ خدا جانے پھر ملین گے یا نہ ملین گے سہ تا سال دگر مے کہ خورد زندہ کہ ماند

البتہ اگر اعمال اچھے ہین تو جنت مین ملاقات ہوگی خدا ندوہ کو سلامت رکھے جسکی بدولت ملنے جلنے کا سال مین ایکدفعہ موقع ملجاتا ہے، اب مین بوڑھا ہوگیا امید ہے کہ آیندہ سال بھی جلسہ مین شریک ہوسکونگا آخر مین میری دعا ہے کہ خداعزوجل ندوہ کو کامیاب و بامراد کرے آمین۔

مولانا شاہ نظام الدین صاحب جہجری کی دعا کے بعد ندوہ کا سالانہ اجلاس بخیر وخوبی ختم ہوا۔ گذشتہ اجلاسون مین یہ دستور رہا ہے کہ ندوہ کا باضابطہ اجلاس دن کو ختم ہوجاتا تھا لیکن شب کے جلسہ وعظ کے بعد سالانہ اجلاس کا اختتام سمجھا جاتا تھا لیکن اسدفعہ اہل بلگام کی خواہش کے مطابق رات کا وقت "انجمن اسلام بلگام" کے تیسرے سالانہ اجلاس کے لئے دیا گیا چنانچہ یہ اجلاس نو بجے شب سے ۱۲ بجے تک زیر صدارت جناب مولانا

سید سلیمان صاحب ندوی منعقد ہوا مولانا موصوف نے اس موقع پر بطور خطبۂ صدارت
ایک فاضلانہ تقریر کی غالباً انجمن کی سالانہ روداد مین اس جلسہ کی مفصل کیفیت شایع ہوگی
اس لئے ہم منشی محمد حسین صاحب سکرٹری انجمن اسلام کی رپورٹ اور جلسہ کے مفصل
حالات نظر انداز کرتے ہین البتہ اس جلسہ مین جو دو تجویزین منظور ہوئی تہین وہ لکھی جاتی ہین
(۱) انجمن کا یہ جلسہ مناسب خیال کرتا ہے کہ "انجمن اسلام" ضلع کی ڈسٹرکٹ انجمن قرار
دیجائے اور اسکے سالانہ جلسے بشرط ضرورت وسہولت ضلع کی مختلف تحصیلون مین منعقد ہوتے
رہین تاکہ ضلع کے جملہ مسلمانون مین قومی اور مذہبی نداق پیدا ہوجائے"
(۲) انجمن کا یہ جلسہ ضروری خیال کرتا ہے کہ انجنیرنگ کالج مین ع۱۵ ماہوار کا وظیفہ
بطور قرض حسنہ اس طالبعلم کو دیا جائے جو پانچ سال تک کالج مین رہکر اپنا کورس پورا
کرے اور انجمن مناسب خیال کرتی ہے کہ اس وظیفہ کو مولانا مولوی غلام محمد صاحب
شملوی کے اعزاز مین غلام محمد اسکالرشپ کے نام سے نامزد کیا جائے
یہ دونون تجویزین پورے جوش وخروش سے پاس ہوئین اور ۱۲ بجے شب کو انجمن
اسلام کا تیسرا سالانہ اجلاس ختم ہوا۔

---

## شذرات

مولانا شیخ محمد صاحب عرب ندوۃ العلمار کے ہر سالانہ اجلاس کے لئے ایک عربی قصیدہ
لکھا کرتے ہین چنانچہ اجلاس بلگرام کے لیے بھی آپ نے قصیدہ لکھا تھا لیکن قلت گنجائش
کی وجہ سے جلسہ مین نہ سنایا جا سکا لہذا اس موقع پر درج کیا جاتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

وقلت في سنة ١٣٣٧ من الهجرة النبوية محرضاً اهل بلگام على تتميم ما بقي من تعميرها وبناء دار الاقامة

الحمد لله حمداً طاب وانتشرا … ثم الصلوة على من نوره بهرا
محمد خير خلق الله قاطبة … والآل والصحب من للدين قد نصرا
تبارك الله لا تحصى محامده … من ابدع الخلق ابداعاً ومن فطرا
وبعد فالناس اجناد مجندة … فيها الائمة والسادات والفقرا
فمنهم من سمت في الناس همته … ومنهم خامل بالبخل قد شهرا
فصاحب الهمة العليا له رتب … تعلو على غاربي العيوق والشعرى
وليس همته الا الى عمل … ترجو منافع البلدان والحضرا
كمثل من قد دعونا في منازلهم … اهل السخارة والسادات والامرا
فقلت يا قوم هبوا من منامكم … وابلوا واعملوا يبقى لكم اثرا
دار الاقامة بالطلاب مفعمة … ترجو الاعانة منكم ايها الكبرا
بذل النفائس في تعميرها قرب … ترجى ثواباً على من حج واعتمرا
فبادروا باجتهاد في عمارتها … تلقوا الثواب لدى الرحمن مدخرا
كم من اناس اضاعوا اجل مالهم … فيما يضر ولما يغنموا النظرا
لا يسمحون بنزر في منافعهم … وينفقون على ما لم يفد بدرا
ويخسر المال من في اللهو يبذله … وباذل المال في الخيرات ما خسرا
ان الذي يغرس الاحسان محتسبا … لا بد ان يجتني من غرسه ثمرا
فانفقوا ما استطعتم في عمارتها … لكي يكافئكم من ابدع البشرا

ابا دنوا في التقى والبر وامتثلوا ... لما به الله في القرآن قد امرا
وعمروا الطلاب العام مسكنهم ... لكي يكون لهم ظلا ومستترا
يقيهم حر شمس لا يطاق له ... صبرا ومن مطران وابل مَطَرا
ابناء قوم غدوا والحادثات وضم ... من بعد كونهم القواد والامرا
اضحت مساكنهم للوحش مرتعا ... من بعد ما كان ذاك الربع معتمرا
اخنى الزمان عليهم ثم ضعضعهم ... حتى غدوا في الورى لمن اتى عبرا
ما ذاك الا لترك الشرع اكثرهم ... والله لا ينيل المقصود من فجرا
فتمموها وجدوا في عمارتها ... لكي تكونوا لمن قد حج واعتمرا
وبادروا والثواب الله وابتدروا ... للخير فالله يجزي من له شكرا
فناظم الندوة الغراء بدر هدى ... من نسل خير نبي نوره بهرا
الهاشمي القرشي الابطحي ومن ... لله جاهد حقا فيه وانتصرا
لعابد الحي نسيمي دام ذا رتب ... تعلوا على غارب السعدان مفتخرا
يقودهم جاءوا لاعلا مرتبعه ... اهل السماحة والسادات والامرا
وفيهم الصدر صدر لا نظير له ... مكمل فاضل من اكمل الوزرا
ومنهم الفاضل المعطاء بحر سخا ... حبيب رحمن من للمجد قد نشرا
الشيروالي الفتى المنطيق بدر دجى ... للطارقين محب العلم والفقرا
يا اهل بلكام ان القوم وفدكم ... فاكرموا نزل من في سوحكم حضرا
ابو خليل يرجي من مراحمكم ... ان تنعشوا يا ذوي الاموال من عثرا
محمد بن حسين من يروم عدى ... جوار من ذكرهم في الذكر قد ذكرا
من عصبة جاهدوا في الله لا جهد في ... لله فالدين حقا صار منتصرا
ثم الصلاة على المختار من مضر ... والآل والصحب ما قاري الكتاب قرا

قالها بفمہ واملاها بقلمہ ابو خلیل محمد بن حسین الانصاری السعدی الخزرجی غفی اللہ

عنہ مدرس دار العلوم لندوۃ العلماء

ندوۃ العلماء کا سالانہ اجلاس جہاں منعقد ہوتا ہے وہاں انجمن معین الندوہ ضرور قائم کی جاتی ہے چنانچہ ندوہ کے اجلاس ناگپور مین بہی انجمن معین الندوہ قائم کی گئی تہی جس کو اجلاس بلگام کے زمانہ تک قریبًا ایک سال کا زمانہ گذر چکا تہا اس بنا پر معین الندوہ کے سکریٹری جناب مولوی محمود علی خانصاحب ندوی نے انجمن کی سالانہ کارگذاری کی رپورٹ اجلاس بلگام مین پیش کرنے کے لئے بہیجی جو افسوس ہے کہ قلت وقت کی وجہ سے نہ سنائی جاسکی لیکن عام ناظرین روداد کے اضافہ معلومات کے لئے اس موقع پر درج کی جاتی ہی

## روداد سالانہ انجمن معین الندوہ ناگپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدًا ومصلیًا

از دفتر معین الندوہ

ناگ پور

محترم صدر جلسہ واعیان قوم! معین الندوہ ناگپور کی آج یہ پہلی سالانہ رپورٹ ہی جس کے مرتب کرنے کی عزت مجھے حاصل ہوئی ہے معین الندوہ نے اس ایک سال کے اندر جو کچھ عملی جدوجہد کی گو ظاہر نگاہ مین وقیع نہ ہو تاہم معین الندوہ اپنے فرائض کے انجام دینے سے غافل نہین رہا اور خاموشی کے ساتھ اپنے مقاصد کو کامیاب بنانے مین ساعی ہے۔

پچھلے سال دیگر مفید اور ضروری تجاویز کے علاوہ دو اہم تجویزین جن کا تعلق عملی کارگزاری سے تہا سالانہ اجلاس ندوۃ العلماء مین منظور ہوئی تہین۔ ایک بابتہ قیام معین الندوہ حسب تجویز ۶ اور دوسری درباره افتتاح مدرسہ عربیہ حسب تجویز ۷

**قیام معین الندوہ** قرارداد اول الذکر کے متعلق ابتدائی کارروائی تو معزز مہمانان ندوۃ العلماء کے اثنائے قیام مین اُن کے روبرو ہی انجام پا چکی تہی لیکن صوبہ کے دیگر اضلاع سے

عائدین صوبہ کا بحیثیت رکنیت انتخاب اُن کی منظوری حاصل کرنا قواعد معین الندوہ کا مرتب کرنا وغیرہ وغیرہ امور دوران سال مین انجام پذیر ہوئے۔

**مجالس** مین کل ۳ اجلاس اس سال کے اندر ہوئے۔ بعض مہینون مین مقامی موانعات انعقاد جلسہ سے مانع ہوئے اور اس سبب سے اجلاس نہ ہوسکا۔ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ معزز مقامی ممبران نے معین الندوہ سے اپنی گہری دلچسپی کا عملی ثبوت دیا ہے۔ اس پورے سال کے اندر ایک بھی جلسہ کورم پورا نہونے کے سبب سے ملتوی کرنے کی نوبت نہین پیش آئی بلکہ جن مجالس مین اہم تجاویز زیر بحث تھین، ان مین تقریبًا تمام ممبرون نے شرکت فرمائی۔ علی الخصوص خان بہادر مولانا ملک صاحب صدر معین الندوہ اور مولوی سید عبد الرزاق صاحب معین الندوہ کے مقاصد سے غیر معمولی دلچسپی اور عملی ہمدردی فرما رہے ہین

**افتتاح مدرسہ عربیہ** مجھے اس امر کا نہایت افسوس ہے کہ قرارداد بابتہ افتتاح مدرسہ عربیہ نے اب تک عالم تخیل سے عالم شہود مین جلوہ گری نہین حاصل کی اور آجتک ہم اس قابل نہ ہوئے کہ قیام مدرسہ کا اعلان کرسکین جس کا بڑا سبب یہ ہے کہ اپریل کا مہینہ مابعد جلسہ کے کامون مین صرف ہوگیا۔ مئی وجون کی تعطیل کلان مین خانگی ضروریات کی وجہ سے مجھے اپنے وطن مالوف لکھنؤ مین قیام کرنا پڑا۔ علاوہ ازین درمیان سال انفلوئنزا کے مہلک مرض عام کے سبب سے دو ماہ سے زیادہ لوگ منتشر اور پریشان حال رہے اس درمیان مین قیام مدرسہ کے متعلق کوئی عملی کارروائی انجام نہ پاسکی۔ ابتدائی اہم امور کے متعلق مقامی و بیرونی ممبرون کی رائین حاصل کرنے کے بعد ۹ر جنوری سنہ ۱۹ء کے اجلاس معین الندوہ مین یہ مسئلہ پیش کیا گیا تمام مقامی ممبر موجود تھے۔ بعد طویل غور و بحث کے یہ طے پایا کہ قبل از افتتاح مدرسہ کم از کم ایک عالم کی ۳ سال کی تنخواہ کی رقم پیشگی جمع کرلی جائے چنانچہ وصولی چندہ کی کارروائی برابر جاری ہے۔ گو عوام کو علوم عربیہ کی جانب سے بے اعتنائی اور سرد مہری نے وغیر کارکنان معین الندوہ کے فرائض منصبی کی مشغولیتون نے رقم معینہ کے فراہم کرنے

اور طلبہ کے جمع کرنے میں ہم کو اب تک اس درجہ کامیاب ہونے نہیں دیا کہ ہم مدرسہ کا افتتاح کر سکتے، تاہم قوی امید ہے کہ انشاء اللہ المستعان ہم جلد اس قابل ہو سکیں گے کہ افتتاح مدرسہ عربیہ کی خبر سے ہمدردان ندوۃ العلماء کو آگاہ کر سکیں

**عام حالات** بعد اختتام اجلاس سالانہ ندوۃ العلماء کی مخالفتوں کے گھرے بادل بڑے زور شور سے اٹھے، لیکن معین الندوہ ناگپور نے نہایت دانشمندی اور مصلحت بینی کے ساتھ ان کے اثرات زائل کرنیکی کوشش کی۔ اور بحمد اللہ ہماری ناچیز کوششیں کامیاب ثابت ہوئیں۔

ندوۃ العلماء کی تجویز در بارہ ہدیہ خطاب بہ پیشگاہ حضور نظام عالیمقام خلد اللہ ملکہ کے متعلق تائیدی جلسہ کیا گیا۔ اور اس کی اطلاع بھیجی گئی۔

خان بہادر مولانا ملک صاحب کے موعودہ وظائف کے متعلق درخواستیں طلب کیگئیں برار سے کوئی موزون درخواست نہیں آئی۔ ملک متوسط سے ایک طالبعلم کو وظیفہ دیکر روانہ کیا گیا جو کہ اس وقت دار العلوم ندوۃ العلماء میں تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

اس مختصر عرض حال کے بعد دست بدعا ہوں۔ کہ علماء کا یہ مقدس اجلاس حسب روایات وشان ندوۃ العلماء کامیاب ہو۔

آمین آمین لا ارضی بواحدۃ - حتی اضیف الیہا الف آمینا

محمود علیخان ندوی
ناظم معین الندوہ
ناگپور

چونکہ اس دفعہ ندوۃ العلما کا اجلاس نہایت دور دراز مقام پر منعقد ہوا اور بدقسمتی سے اسی زمانہ مین رولٹ بل کا ہنگامہ ہندوستان مین شروع ہو گیا تھا۔ اس لئے اکثر اصحاب اجلاس مین شریک نہ ہو سکے اور انہون نے معذرت کے تار و خطوط روانہ کئے جن مین سے چند کا انتخاب یہان درج کیا جاتا ہے

(۱)

جناب آنریبل نواب محمد اسلام اللہ خانصاحب سی۔ آئی۔ ای ڈیول گھاٹ ریراہ) اپنی بیگم صاحبہ کے حادثہ وفات کی وجہ سے تشریف نہ لا سکے چنانچہ ایک طویل خط کے سلسلہ مین آپ تحریر فرماتے ہین،

"اس حادثۂ جانکاہ کی وجہ سے بندہ ندوۃ العلما کے اجلاس مین حاضر نہین ہو سکے گا مگر چندہ سالانہ وغیرہ انشاء اللہ تعالے چند روز مین اور قبل از اجلاس سالانہ روانہ خدمت کیا جائیگا، زیادہ بجز تمنائے ملازمت کیا عرض کرون"

(۲)

مولانا سید سلیمان اشرف صاحب تحریر فرماتے ہین

"حضرت اقدس عظیم البرکۃ ادام اللہ فیوضاتکم۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ والانامہ شرف صدور لایا شفقت بزرگانہ کا شکریہ کیا ادا کرون اس سعادت پر مسرور ہون، حضور والا جلسہ ندوۃ العلما کی شرکت مین کیا دریغ ہو سکتا ہے۔ لیکن بعض معذوریان ہین جن کو تفصیل کے ساتھ گذارش نہ کر سکا۔ آپ اصرار فرماتے ہین اور خدا بہتر جانتا ہی کہ مین نادم ہوتا ہون آپ دعا فرمائیے کہ اللہ تعالی میری معذوری کو دفع فرمائے"

(۳)

جناب آنریبل خان بہادر نواب سید نواب علی صاحب معذرت فرماتے ہوئے لکھتے ہین

"مجھے ندوۃ العلما کے ساتھ خاص خلوص وہمدردی ہے اور اس کے سالانہ جلسہ مین شرکت کو اپنے لئے باعث عزت وشرف خیال کرتا ہون لیکن چونکہ چند موانع پیش ہین اس لئے مین معذور ہون امید ہے کہ میرے اس عذر کو قبول فرما دین"

(۴)

مہدی باغ ناگپور ۱۸ مارچ ۱۹ء

جناب عالی ذی المعالی سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما دام اللہ اقبالہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ عنایت نامہ مورخہ ۱۲ ماہ حال موصول ہوا مسرت کا موجب ہوا فی الحال میری طبیعت علیل ہے اس وجہ سے جلسہ ندوۃ العلما مین حاضر ہوکر شرکت سے اور احباب واصحاب کرام کی ملاقات سے سرفرازی حاصل کرون یہ غیر ممکن معلوم ہوتا ہے مین تہ دل سے دعا کرتا ہون کہ جلسہ کی کامیابی بہمہ وجوہ ہو"

نیازمند

ایچ ایم ملک بدرالدین غلام حسین

(۵)

جناب مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسر سے اپنی عدم شرکت پر معذرت فرماتے ہوئے لکھتے ہین مگر الحمدللہ کہ مولوی محمد ابوالقاسم صاحب بنارسی ہم سب کی نیابت بخوبی کر رہے ہین اس دفعہ بھی ایسا کرینگے"

(۶)

"مین نے جناب سے خطون مین اور مولوی سلیمان صاحب ندوی سے کانپور مین حتمی وعدہ کیا تھا کہ مین ۱۵ کو یہان سے روانہ ہوکر ۱۸ کو بلگام ضرور پہنچونگا لیکن کانپور سے چلنے کے دن مین ٹرام گاڑی سے گر پڑا جس سے بہت چوٹ آئی اور اسی حالت

بنارس پہنچا دو دن تک چلنے پھرنے سے معذور رہا، علاوہ ازین ریلون کی اسٹرائک کی افواہون اور موجودہ شورش ہنگامہ کے خطرون نے اتنے لمبے سفر کرنے کی ہمت توڑ دی علاوہ برین گھر کی علالت مین بھی ترقی ہوگئی ان وجوہات کی بنا پر مین باوجود حتمی ارادہ کے سفر کرنے سے معذور ہوگیا "عرفت ربی بفسخ العزائم" جناب کو انتظار کی کی تکلیف برداشت کرنی پڑی ہوگی امید کہ مجھے معاف کردین گے

والعذر عند کرام الناس مقبول

مجھے جلسہ بلگام سے پوری ہمدردی ہی الخ

محمد ابوالقاسم سیف بنارسی

(۷)

آخر مین محترم صدر کا نامہ گرامی درج کیا جاتا ہے جو جناب موصوف نے لاہور سے بہاولپور واپس جاکر جناب ناظم صاحب قبلہ کے نام تحریر فرمایا جناب موصوف کی عدم تشریف آوری سے اجلاس مین جو بے لطفی ہوئی اس کا تذکرہ ہم روداد مین کرچکے ہین'

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدًا و مصلیًا

مخدومی مولانا - زاد الطافکم - السلام علیکم - مین یہان سے ۱۲ تاریخ کو لاہور کی طرف روانہ ہوا تاکہ ۱۳ کی شام کو وہان سے چلکر بروقت بلگام پہنچ سکون لیکن بدقسمتی سے وہان کے حالات ایسے ناگفتہ بہ ہوگئے جس سے ٹرینون کی روانگی مین رکاوٹ ہوگئی اس وجہ سے مجھے نہایت افسوس کے ساتھ اپنا آیندہ سفر کا ارادہ منسوخ کرنا پڑا اور ایک گاڑی مین جو بمشکل تمام بہاولپور آنے کے لئے ملی مین کل شام واپس آگیا مین نے اس کے متعلق آج تار بھی دیا ہے جو اس سے پہلے امید کہ پہنچ گیا ہوگا بموجب ارشاد ایڈریس کی کاپیان طبع کرالی تھین اور ساتھ لا رہا تھا مگر اس

وقت مین ان کو بلیٹ کرانا بھی مناسب نہین سمجھا کیونکہ جب مسافرون کے لئے گاڑی کا ملنا مشکل تھا تو پارسل خبر نہین کہان کہان مارا پھرتا ۔ مجھے اس سال عدم شمول جلسہ کا سخت رنج ہے مگر "عرفت ربی بفسخ العزائم" اگر یہ عریضہ وقت پر پہنچے تو میرے اس عذر کو جلسہ مین پیش فرمادیجئے گا ۔ والسلام

خاکسار (سر) رحیم بخش (کے سی ۔ آئی ۔ ای)

مذکورہ بالا اصحاب کے علاوہ جناب عبدالقدوس پاشا، جناب سعداللہ پاشا (مدراس جناب خان بہادر فخرالدین صاحب وکیل ہائیکورٹ (باکی پور) جناب مولانا امانت اللہ صاحب (علی گڈھ) جناب مولانا احمد ابراہیم صاحب (تنجور) جناب بابو نظام الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ (میرٹھ) جناب مولانا عبدالکافی صاحب (الہ آباد) جناب مولوی عبدالرزاق صاحب ناگپور، جناب محمد یعقوب صاحب سکرٹری انجمن ہدایت الاسلام مالیگاؤن (ناسک) اور دیگر معززین کے خطوط معذرت بھی موصول ہوئے جو بوجہ عدم گنجائش درج نہین کئے جا سکے

جناب مولانا محمد حبیب الرحمن خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی حیدرآباد نے بوجہ علالت بذریعہ تار معذرت فرمائی ۔

---

ہم نے روداد کے ابتدائی صفحات مین صاحب کمشنر بہادر کی شرکت اجلاس اور تقریر کا تذکرہ کیا تھا صاحب ممدوح کی تقریر کا ترجمہ حسب ذیل ہے ۔

## ترجمہ تقریر انگریزی مسٹر بی اے برڈن کمشنر قسمت جنوبی

خان بہادر ابراہیم ہارون جعفر و دیگر حضرات !

مجھے نہایت مسرت ہے کہ اتنے علما اپنی جماعت کی ترقی کے مقصد سے جمع ہوئے

ہین، مین خیال کرتا ہون کہ آپ لوگون مین سے اکثر اصحاب دور دور از فاصلے طے کر کے اس جلسہ کی شرکت کے لئے آئے ہین مین بلگام مین آپ کو خوش آمدید کہتا ہون اور امید کرتا ہون کہ اس شہر کے قیام کو آپ خوش آیند پائینگے اور اس جلسہ مین آپ کے مباحث آپ کے اغراض و مقاصد کے پورا کرنے مین معین ہون گے۔

چونکہ آپ نے اس جلسہ کے افتتاح کے لئے مجھے بلا کر مفتخر فرمایا ہے مین اس موقع کو غنیمت جانکر کچھہ مشورہ دینا چاہتا ہون اور امید کرتا ہون کہ آپ اسے اس حیثیت سے قبول کرینگے کہ ایک سچے دوست کی جانب سے ہی۔

آپ کی جماعت کی ترقی تین چیزون پر موقوف ہے اس مین سے اول تو تعلیم ہے اس بحث پر مین کچھہ کہنے کی حاجت نہین سمجھتا کیونکہ مجھے یقین ہر کہ آپ لوگ اس کی اہمیت کو خوب سمجھتے ہین دوسری چیز سیرت ہے یہ ظاہر ہے کہ سیرت کی درستی تعلیم ہی کا ایک جزو ہے، لیکن یہ ایسا جزو ہے کہ اختلاف مذاہب کی وجہ سے ہندوستان مین حکومت کے لئے اس کا پورا کرنا نہایت ہی مشکل ہے اس لئے اگر مذہبی تعلیم کے ذریعہ سے اس کا انتظام آپ اپنے ہی ہاتھون مین رکھین تو آپ حق بجانب ہین، تیسری شرط قانون و انتظام ہے یہ آخری شرط اہمیت مین دونون سے کچھہ کم نہین ہے مگر اس مضمون پر مین کچھہ زیادہ نہ کہون گا، کچھہ تو اس وجہ سے کہ بغیر سیاست کی آمیزش کے مین اس پر کچھہ کہہ ہی نہین سکتا۔ اور وہ جیسا مین سمجھتا ہون آپ کے مباحث مین صاف طور سے ممنوع ہے اور کچھہ اس وجہ سے کہ قانون و انتظام کے الٹ دینے کے لئے ہندوستان کے بعض مقامات پر جو کوششین ہو رہی ہین ان کا انجام ناکامی ہے

صاحبو! مین آپ سے کہہ چکا ہون کہ مین آپ کا دوست ہون، مین آپ کے مقاصد سے ہمدردی رکھتا ہون، اور مین ان تمام کوششون سے ہمدردی رکھتا ہون جو ان حالات کی ترقی کے لئے کی جاتی ہین جن مین انسان رہتے ہین، مگر مین آپ کو سمجھا دینا چاہتا ہون

کہ یہ اپکی غلطی ہوگی کہ حکومت و عمال حکومت کی شکایت اس وجہ سے کی جائے کہ آپکی جماعت حکومت کی خدمات مین تناسب سے کم عہدے حاصل کر سکی ہے حکومت سب سے زیادہ اس کی خواہش رکھتی ہے کہ تمام جماعتون سے انصاف کیا جائے اور مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ جہانتک مجھے معلوم ہے اب تک کوئی مسلمان جو ضروری قابلیتین رکھتا ہے مذہب و نسل کی بنا پر باب حکومت سے نہین محروم کیا گیا اب آپ کو اپنے تئین ملامت کرنا چاہیئے کہ حاصل شدہ موقعون سے غافل رہے ہے اور مقابلہ مین اپنا مقام مناسب حاصل کرنے کے لیے اپنے نوجوانون کو اس قابل بنانا چاہیئے کہ دوسرے امیدوارون سے برابر کے ساتھ ملین میری جو کچھ مراد ہے وہ یہ ہے کہ مخصوص رعایتون کی طلبگاری نہ کیجئے کیونکہ آپ کی سچی ترقی کا یہ کبھی معیار نہین بن سکتین اپنے آپ پر، تعلیم پر، اپنی سیرت پر اور اپنی قابلیت پر اعتماد کر کے از روئے حق کے وہ مقام اپنے لئے حاصل کر لیجئے جس کی آپ کو تمنا ہے خدا انہین کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنے تئین مدد کرتے ہین،

---

## اعتذار

ہم نے اگرچہ روداد کی ترتیب مین اختصار کو ملحوظ رکھا ہے تاہم اس کی کوشش کی ہے کہ کوئی اہم و ضروری بات لکھنے سے نہ رہجائے نیز جن جن اصحاب نے اجلاس بلگام کے سلسلہ مین مخلصانہ سعی کی ہے ان کا تذکرہ فروگذاشت نہ ہو تاہم بالکل ممکن ہے کہ کسی مخلص کام کرنے والے کے مساعی جمیلہ سے ہم بے خبر رہے ہون یا موزون و مناسب الفاظ مین ہم ان کی خدمات کے تذکرے نہ کر سکے ہون اسلئے ہم معافی کے خواستگار ہین چونکہ ہمارا قیام بلگام مین چند روز رہا ہے اسلئے اس قسم کی فروگذاشت ممکن ہے۔

ہم ذاتی طور پر بلگام کے ان معزز اصحاب کے بھی شکر گذار ہین جنہون نے اجلاس سے

ہمارے بلگام پہنچنے پر مراسم مہانداری باحسن وجوہ انجام دئیے. خاتمہ کلام پر خباب آنریبل خان بہادر سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب کا بھی دوبارہ شکریہ ادا کرتے ہین صاحب موصوف نے بلگام سے واپسی پر پونہ مین بحیثیت ایک مہمان کے ہمارا اور ہمارے رفیق سفر مولوی عبدالرزاق صاحب ندوی کا خیر مقدم کیا اور بروقت روانگی یہ فرمایا کہ " مجھے ہمیشہ یاد رکھئے مین اس صوبہ مین آپ کے ندوہ کا ایک ایجنٹ ہون" ہماری دعا ہے کہ خدا آپ کو اس سے بھی زیادہ توفیق عمل عطا فرمائے اور اخلاص کے ساتھ اسلام کی خدمت کا موقع دے،

اب ہم گیا (بہار) کے آئندہ اجلاس ندوۃ العلماء کا پیام دعوت سناتے ہوئے ناظرین سے رخصت ہوتے ہین والسلام

محمد اکرام اللہ خان ندوی
دار العلوم ندوۃ العلماء
لکھنو

۳۰ ستمبر ۱۹۱۹ء

# فہرست اسمائے گرامی اُن علماء کے جو اجلاس بلگام میں شریک ہوئے

(۱) مولانا حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلماء
(۲) مولانا سید سلیمان صاحب ندوی
(۳) مولوی عبدالرزاق صاحب ندوی
(۴) مولوی عبدالغفور صاحب ندوی
(۵) مولوی محمد اکرام اللہ خان صاحب ندوی
(۶) مولوی حاجی غلام محمد صاحب شملوی
(۷) مولانا شاہ نظام الدین صاحب جھجری
(۸) مولوی قطب الدین احمد صاحب بلگام
(۹) مولوی عبدالغنی صاحب بلگام
(۱۰) مولوی محمد ابراہیم صاحب متقاصی بلگام
(۱۱) مولوی علی محمد صاحب بھیمڑی
(۱۲) مولوی ابوبکر صاحب کرندواڑ
(۱۳) مولوی عبدالحی صاحب رائے باغ
(۱۴) مولوی جلال الدین صاحب رائے باغ
(۱۵) مولوی غلام نبی صاحب چوکوڑی
(۱۶) مولوی محمد یوسف صاحب کتور
(۱۷) مولوی محمود صاحب سجادہ نشین کڑچی
(۱۸) مولوی ظہور علی صاحب الاسی
(۱۹) مولوی قاضی امام الدین صاحب جمکھنڈی

(۲۰) مولوی نظام الدین صاحب سجادہ نشین کڈچی
(۲۱) مولوی قاضی محمد غوث صاحب کولاپور
(۲۲) مولوی اکبر صاحب ہلیال
(۲۳) مولوی شریف الحسن صاحب بیجاپور
(۲۴) مولوی شاہ ولی اللہ صاحب قادری ساونور
(۲۵) مولوی سید محی الدین صاحب بنگلور
(۲۶) مولوی میر یعقوب صاحب بمبئی
(۲۷) مولوی علاء الدین صاحب بلگام
(۲۸) مولوی مخدوم حسین صاحب قادری
(۲۹) مولوی محمود قوام الدین صاحب اٹچی
(۳۰) مولوی غلام نبی صاحب چکوڑی
(۳۱) مولوی سید زین الدین صاحب شاہ پوری
(۳۲) مولوی محمد شبیر الدین صاحب اٹچی
(۳۳) مولوی محمد یوسف صاحب کڈچی
۳۴ مولوی سعید اللہ صاحب کولاپوری
(۳۵) مولوی عبدالحی صاحب شاہ نور
(۳۶) مولوی محمد ہاشم صاحب
(۳۷) مولوی مخدوم حسین صاحب بدہالی
(۳۸) مولوی محمد حسین صاحب ہرلی
(۳۹) مولوی محمد صاحب پیش امام مسجد کریم دادخان

# فہرست ارکان انتظامیہ ندوۃ العلما لکھنؤ بابتہ ۱۹۱۹ء

صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ۔ جناب مولوی حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما۔ جناب مولوی محمد خلیل الرحمٰن صاحب سہارن پوری۔ جناب مولوی حبیب الرحمٰن خانصاحب شروانی صدر الصدور امور مذہبی ریاست حیدرآباد دکن۔ جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب مولوی سید محمد علی حسن خان صاحب بہادر معتمد صیغہ مال ندوۃ العلما لکھنؤ۔ جناب مولوی حکیم سید ظہور الاسلام صاحب فتحپوری جناب مولوی حمید الدین صاحب بی اے سابق پرنسپل دارالعلوم حیدرآباد دکن۔ جناب مولوی محمد حبیب الزمان خان رئیس شاہجہان پور و منصبدار سرکار عالی حیدرآباد دکن۔ جناب مولوی اعجاز علی صاحب رئیس کاکوری۔ جناب مولوی احمد زمان خان صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ شاہجہانپور۔ جناب شفاء الملک مولوی حکیم محمد عبدالرشید صاحب لکھنؤ۔ جناب مولوی ابوبکر محمد شیث صاحب جونپوری۔ جناب مولوی حبیب اللہ صاحب انصاری ناظم دینیات مدرسۃ العلوم علیگڈھ۔ جناب خان بہادر شمس العلما مولوی شاہ ابوالخیر صاحب نصیحی غازیپور۔ جناب مولوی حاجی محمد یونس خان صاحب رئیس دتاؤلی ضلع علیگڈھ۔ جناب مولوی محمد ابوالقاسم صاحب سیف بنارسی۔

جناب شیخ محمد اسمٰعیل صاحب رئیس فیض آباد و متولی جائداد موقوفہ خان بہادر شیخ قادر بخش صاحب مرحوم متعلق ندوۃ العلما۔ جناب مولوی سید ظہور احمد صاحب بی۔ اے ایل۔ ایل بی وکیل ہائیکورٹ و آنریری سکرٹری آل انڈیا مسلم لیگ و چیرمین میونسپل بورڈ لکھنؤ۔ جناب شیخ مشیر حسین صاحب قدوائی بیرسٹرایٹ لا لکھنؤ۔ جناب حافظ محمد حلیم صاحب آنریری مجسٹریٹ کانپور۔ جناب مولوی محمد نسیم صاحب ایڈووکیٹ لکھنؤ۔ جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری۔ جناب منشی اطہر علی صاحب بی اے لکھنؤ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز ریاست بھوپال۔ جناب ڈاکٹر ناظر الدین حسن صاحب ایم اے ایل ایل ڈی بیرسٹرایٹ لا و سشن جج اورنگ آباد دکن۔

پنجاب و صوبہ سرحدی جناب مولوی عبدالرحیم صاحب ریواڑی۔ جناب مولوی عبداللہ صاحب عمادی لاہور

(مقیم حیدرآباد دکن)، جناب مولوی قاری عبدالسلام صاحب عباسی پانی پت۔ جناب مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجری۔ جناب شمس العلما مولوی مفتی محمد عبداللہ صاحب ٹونکی۔ جناب مولوی غلام محمد صاحب فاضل ہوشیارپوری۔

جناب خان بہادر پیرزادہ محمد حسین صاحب حصار۔ جناب خان بہادر شیخ غلام صادق صاحب آنریری مجسٹریٹ امرتسر۔ جناب بابو نظام الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ وسکریٹری معین الندوہ امرتسر۔ جناب مولوی عبداللہ صاحب منہاس ایڈیٹر وکیل امرتسر

**دیسی ریاست** جناب مولوی حافظ فضل حق صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ ریاست رام پور۔ جناب ملا عبدالباسط صاحب منصف (ریاست حیدرآباد دکن)، جناب مولوی حاجی سر رحیم بخش صاحب بہادر کے سی۔ آئی۔ ای پریسیڈنٹ کونسل آف رجینسی ریاست بہاولپور۔

جناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر بیرسٹرایٹ لا

**بنگال**۔ جناب شمس العلما مولوی محمد حفیظ اللہ صاحب مدرس اعلیٰ مدرسہ سرکاری ڈھاکہ۔ جناب مولوی حکیم حبیب الرحمٰن خان صاحب ڈھاکہ۔ جناب مولوی ناظر حسن صاحب۔ جناب مولوی محمد اکرم صاحب سکریٹری انجمن علمائے بنگالہ کلکتہ۔

جناب آنریبل خان بہادر نواب چودھری سید نواب علی صاحب کلکتہ۔ جناب آنریبل سیٹھ غلام حسین صاحب عارف کلکتہ

**بہار**۔ جناب مولانا سید شاہ محمد علی صاحب مونگیر۔ جناب مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری پھلواروی شریف ضلع پٹنہ جناب مولوی سید محمد قاسم صاحب بہار شریف ضلع پٹنہ۔ جناب مولوی مفتی محمد عبداللطیف صاحب مونگیر۔ جناب شمس العلما حافظ سید محب الحق صاحب رئیس پٹنہ۔ جناب آنریبل مولوی سید شرف الدین صاحب بیرسٹرایٹ لا سابق جج ہائیکورٹ پٹنہ وکلکتہ وممبر اگزیکٹو کونسل بہار واڑیسہ

**مدراس**۔ جناب مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ وسکریٹری معین الندوہ مدراس۔ جناب مولوی حاجی ضیاء الدین محمد صاحب۔ جناب نواب غلام احمد صاحب کلامی کارومنڈل گولڈ فیلڈس کولار۔

دہلی۔ جناب حاذق الملک مولوی حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب بہادر۔ جناب شمس العلما مولوی سید احمد صاحب امام جامع مسجد۔ خان صاحب جناب مولوی عبدالاحد صاحب مالک مطبع مجتبائی۔

بمبئی۔ جناب خانصاحب مولوی عبداللہ احمد صاحب محافظ حجاج۔ جناب مولوی قطب الدین صاحب صاحب بلگام (بمبئی) جناب آنریبل سیٹھ ابراہیم ہارون جعفر صاحب پونہ

ممالک متوسط و برار۔ جناب مولوی محمد یٰسین صاحب مدرس مدرسہ حنفیہ رائے پور۔ جناب مولوی سید عبدالرزاق صاحب گورنمنٹ ٹرانسلیٹر جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر ناگپور۔ جناب خواجہ لطیف احمد صاحب بی۔ اے ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول امراؤتی (برار)

برہما۔ جناب سیٹھ ... یوسف بھائی میان صاحب رنگون۔

طلبائے قدیم دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ۔ جناب مولوی سید سلیمان صاحب ندوی۔ جناب مولوی حکیم رکن الدین صاحب ندوی۔ جناب مولوی اکرام اللہ خانصاحب ندوی۔ جناب مولوی محمد شبلی صاحب ندوی جناب مولوی مسعود علی صاحب ندوی۔

## فہرست ممبران دوامی ندوۃ العلما از ۱۹۱۵ء

(۱) جناب خان بہادر مولانا ایچ۔ ایم ملک بدرالدین غلام حسین صاحب مہدی باغ ناگپور

(۲) جناب ایم۔ اے احمد بادشاہ صاحب سکنڈ لائن بیچ مدراس

(۳) جناب محمد احمد داوا بھائی صاحب کٹھور ضلع سورت

(۴) جناب سیٹھ داوا ہاشم سیٹھ صاحب ایسٹ سٹریٹ پونہ

(۵) جناب سلیمان داؤد ابو صاحب۔ سید پورہ سورت

(۶) جناب سلیمان احمد قاضی صاحب کٹھور ضلع سورت

(۷) جناب صالح محمد حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب ۲۸۵ اسلینٹ مدراس

(۸) جناب مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ وسکریٹری معین الندوہ مدراس

(۹) جناب محمد موسیٰ سیٹھ صاحب ۳۲ گوڈون سٹریٹ مدراس۔

نوٹ۔ ان سب حضرات نے یکمشت سو سو روپیہ چندہ ممبری دوامی کے سال حال میں عنایت فرمائے ہیں جن حضرات نے بکمشت سو روپیہ نہ دیئے تھے ان کے نام سے ظاہر ہو گئے

# فہرست چندہ رکنیت ندوۃ العلما از یکم ستمبر ۱۹۱۸ء لغایۃ ۳۰ ستمبر ۱۹۱۹ء

| نمبر | نام نامی | رقم | نمبر | نام نامی | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| | (ردیف الف) | | | | |
| ۱ | جناب ڈاکٹر امام الدین صاحب ریاڈنٹ | | ۱۳ | جناب ابراہیم حاجی محمد قاضی صاحب کٹھور ضلع سورت | صر |
| | ڈپو احمد نگر | صر | ۱۴ | جناب حاجی ابراہیم حاجی احمد صاحب کارج 〃 〃 | صر |
| ۲ | جناب سیٹھ ابراہیم صاحب بوہیمڑی ضلع تھانہ | صر | ۱۵ | جناب احمد محمد داڑھی سیٹھ تیلی 〃 〃 | صر |
| ۳ | جناب احمد بھائی بچون بھائی تاجر ٹرنگ | | ۱۶ | جناب احمد سلیمان کھوٹا صاحب 〃 〃 | صر |
| | بھاگا تالاب سورت | صر | ۱۷ | جناب حاجی احمد محمد کاکا صاحب 〃 〃 | صر |
| ۴ | جناب اسمٰعیل محمد ہدایت حافظ جی صاحب | | ۱۸ | جناب احمد سلیمان جی صاحب ٹنکور 〃 〃 | صر |
| | متصل گنبد والی مسجد ہری پورہ سورت | صر | ۱۹ | جناب حاجی ابراہیم حاجی احمد بنیا صاحب 〃 〃 | صر |
| ۵ | جناب میاں احمد حاجی عبدالکریم صاحب | | ۲۰ | جناب محمد احمد دادا بھائی صاحب 〃 〃 | مار |
| | ناٹال والے سگرام پورہ سورت | صر | ۲۱ | جناب حاجی اسمٰعیل ماموجی بھا صاحب 〃 〃 | صر |
| ۶ | جناب میاں احمد غلام حسین صاحب | | ۲۲ | جناب احمد داؤد جی دادا بھائی صاحب 〃 〃 | صر |
| | اینٹ والے سگرام پورہ سورت | صر | ۲۳ | جناب ابراہیم احمد مرزا صاحب چوک بازار سورت | صر |
| ۷ | جناب سیٹھ ابراہیم محمد موسیٰ جی صاحب | | ۲۴ | جناب اسمٰعیل قاسم صاحب لنگڑے مرغوں کا ٹیکرا سورت | صر |
| | سنہری محل بھڑوچ | صر | ۲۵ | جناب مولوی محمد اکرام اللہ خاں صاحب ندوی لکھنؤ | صر |
| ۸ | جناب احمد محمد ملا صاحب سید پورہ سورت | صر | ۲۶ | جناب حکیم احمد سعید صاحب سید پورہ سورت | صر |
| ۹ | جناب محترمہ اہلیہ جناب حکیم احمد سعید صاحب 〃 〃 | صر | ۲۷ | جناب ایم اے احمد بادشاہ صاحب | |
| ۱۰ | جناب ابراہیم قاسم بورڈی رانی تالاب 〃 | صر | | سکنڈ لائن بیچ مدراس | مار |
| ۱۱ | جناب احمد سلیمان سالوجی پٹیل کٹھور ضلع سورت | صر | ۲۸ | جناب مولوی احمد زمان خاں صاحب رئیس | |
| ۱۲ | جناب ابراہیم حاجی احمد صاحب کھوٹا کٹھور 〃 | صر | | و آنریری مجسٹریٹ شاہجہانپور | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم | نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹ | جناب خانصاحب امان خانصاحب رئیس وآنریری مجسٹریٹ اکولہ | صہ | ۴۰ | جناب ابراہیم صاحب عبداللہ صاحب تھیپہ والے بوگارلیس۔ بلگام | صہ |
| ۳۰ | جناب ابراہیم صاحب مجاور بھنڈی بازار بلگام | صہ | ۴۱ | جناب ابراہیم خانصاحب خانہ پوری مارکٹ۔ بلگام | صہ |
| ۳۱ | جناب شیخ آدم صاحب ٹیلر مارکٹ سٹریٹ صدر بازار | صہ | ۴۲ | جناب امام قاسم صاحب دادا میانصاحب سوداگر جلکا محلہ بلگام | صہ |
| ۳۲ | جناب ابراہیم صاحب بہادر شاہ صاحب اتوار بازار خانہ پور بلگام | صہ | ۴۳ | جناب آدم صاحب امام صاحب نوارجی نائک پرانا محلہ نندگڑھ ضلع بلگام | صہ |
| ۳۳ | جناب استو میاں صاحب گلٹ صاحب مارکٹ صدر بازار۔ بلگام | صہ | ۴۴ | جناب امام حسین صاحب یعقوب صاحب خانہ پوری نندگڑھ ضلع بلگام | صہ |
| ۳۴ | جناب اسحٰق سیٹھ صاحب عثمان سیٹھ صاحب دانا کھڑے بازار۔ بلگام | صہ | ۴۵ | جناب احمد صاحب اسحٰق صاحب نندگڑھ ضلع بلگام | صہ |
| ۳۵ | جناب امین صاحب پاچھا پوری بھنڈی بازار بلگام | صہ | ۴۶ | جناب اسمعیل صاحب گلٹ صاحب نندگڑھی۔ مارکٹ۔ بلگام | صہ |
| ۳۶ | جناب اسمعیل صاحب محمد مشتاق صاحب کاکر محلہ۔ صدر بازار۔ بلگام | صہ | ۴۷ | جناب آدم صاحب عمر صاحب شنگا پور خانہ لیبر۔ بلگام | صہ |
| ۳۷ | جناب احمد صاحب فورنیچر مرچنٹ صدر بازار بلگام | صہ | ۴۸ | جناب ابراہیم حسین صاحب نائک۔ خانہ پور۔ بلگام | صہ |
| ۳۸ | جناب ابراہیم صاحب محی الدین صاحب شانی اتوار بازار۔ بلگام | صہ | ۴۹ | جناب منشی میر امیر علی صاحب صدر بازار بلگام | صہ |
| ۳۵ | جناب احمد صاحب جمعدار ٹیلیگراف سب انسپکٹر چاند محلہ بلگام | صہ | ۵۰ | جناب ایچ۔ آئی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب پاچھا پور۔ ضلع بلگام | صہ |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم | نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۱ | جناب اسمٰعیل صاحب ستان صاحب دنٹموری ضلع بلگام | صر | ۶۲ | جناب امین صاحب محمد عثمان صاحب استاد اتھنی بلگام | صر |
| ۵۲ | جناب احمد صاحب سوداگر انہار والے [illegible] | صر | ۶۳ | جناب احمد صاحب اپا صاحب تار میکر مرج ممبئی | صر |
| ۵۳ | جناب امام خان صاحب ابراہیم خان صاحب انور گوکاک۔ بلگام | صر | ۶۴ | جناب ابو حامد عبدالرحمن صاحب یونس [illegible] بہل ہونگل بلگام | صر |
| ۵۴ | جناب امام صاحب غیبو صاحب باغبان کنور۔ گوکاک۔ بلگام | صر | ۶۵ | جناب اسد خاں صاحب تادر خاں صاحب انعامدار بلگام | صر |
| ۵۵ | جناب اپالال صاحب سید علی صاحب مجاور محلہ بلگام | صر | ۶۶ | جناب اسمٰعیل صاحب نبگالی۔ رائی باغ کولہاپور | صر |
| ۵۶ | جناب اسد صاحب قتال صاحب مجاور محلہ۔ بلگام | صر | ۶۷ | جناب حاجی اسمٰعیل صاحب حاجی سلیمان صاحب کنگری بازار بلگام | صر |
| ۵۷ | جناب اسد صاحب امین صاحب مجاور محلہ بلگام | صر | ۶۸ | جناب اپالال صاحب سراج بھائی پٹیل جکوری بلگام | صر |
| ۵۸ | جناب ابراہیم صاحب نعلبند بلگامی۔ یکلس مرڈی بلگام | صر | ۶۹ | جناب اسد خاں صاحب کالے خاں صاحب حوالدار [illegible] | صر |
| ۵۹ | جناب امام صاحب دنٹموری والے یکلس مرڈی۔ بلگام | صر | ۷۰ | جناب آدم شاہ استاد احمد شاہ صاحب ہبلی | صر |
| ۶۰ | جناب اپالال صاحب امام صاحب ہیرگی اتھنی بلگام | صر | ۷۱ | جناب آر خاں صاحب نقشی جبلپور | صر |
| ۶۱ | جناب سید اسمٰعیل صاحب سید صاحب انگلی۔ بلگام | صر | ۷۲ | جناب میرزا احمد علی صاحب پولو ماسٹر کولہاپور | صر |
| | | | ۷۳ | جناب اپالال صاحب بیل ہونگل بلگام | صر |
| | | | ۷۴ | جناب آدم بن فقیر صاحب گدیہ | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۷۵ | جناب آدم صاحب بابو بھائی صاحب لالپور | صر |
| ۷۶ | جناب سید محمد ابوبکر صاحب انعامدار دربار روار | صر |
| ۷۷ | جناب میر احمد علی صاحب پوسٹماسٹر اسٹے ڈپٹی ریاست کولھاپور | صر |
| ۷۸ | جناب لال احمد صاحب ہلیال سرکاروار | صر |
| ۷۹ | جناب خانصاحب محمد اسحاق صاحب لیسائی انکلی بلگام | صر |
| ۸۰ | جناب قاضی ابراہیم صاحب اجمال انعامدار دربار دار | صر |
| ۸۱ | جناب میر احمد سعید صاحب سوداگر جار میز و کمیشن ایجنٹ محلہ یا لوجام پوسٹ بکس نمبر ۹ بمبئی | صر |
| | ردیف (ب) | |
| ۸۲ | جناب خان بہادر مولانا ایچ ایم ملک بدر الدین غلام حسین صاحب صدر امین اسٹیٹ ناگپور | مار |
| ۸۳ | جناب شیخ ابڈو باغلی محمد عبد الکریم صاحبان امرتسر | صر |
| ۸۴ | جناب مولوی بشیر الدین صاحب رئیس اکولہ | صر |
| ۸۵ | جناب بڑے صاحب سلیمان صاحب بیروالے سعد بازار بلگام | صر |
| ۸۶ | جناب بابل بھائی سیٹھ ہاشم سیٹھ صاحب اتوار بازار بلگام | صر |
| ۸۷ | جناب بانگی حیات بادشاہ صاحب بانگی منڈی بلگام | صر |
| ۸۸ | جناب بابا لال صاحب کارکن خانہ پور بلگام | صر |
| ۸۹ | جناب بڑے شاہ صاحب محمد شاہ صاحب خانہ پور بلگام | صر |
| ۹۰ | جناب سید بڈن صاحب جعفر صاحب مدنور علاقہ مدراس | صر |
| ۹۱ | جناب بابا صاحب پٹیل لکرے انعامدار دربار وار | صر |
| ۹۲ | جناب بابو صاحب ملک صاحب ذات اٹھنی بلگام | صر |
| ۹۳ | جناب بابا اللہ شاہ صاحب مقبول شاہ صاحب سرگروہ اٹھنی بلگام | صر |
| ۹۴ | جناب شیخ بڑے صاحب بہاء الدین صاحب ماسٹر اٹھنی بلگام | صر |
| ۹۵ | جناب ایچ بہاء الدین صاحب گد گ بلگام | صر |
| | ردیف (ت) | |
| ۹۶ | جناب سید تفضل حسین صاحب شہدی سنہری محل بھڑوچ | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۹۷ | جناب چودھری تاج الدین صاحب ٹنڈہ تالاب امرتسر | صر |
| | ردیف (ج) | |
| ۹۸ | جناب جنگلی صاحب فخر الدین صاحب سیدان محلہ خانہ پور ضلع بلگام | صر |
| ۹۹ | جناب جنگو میاں صاحب انگورے مارکٹ ضلع بلگام | صر |
| ۱۰۰ | جناب جلال الدین لالہ میاں صاحب بلگامی نندگرام دھ ضلع بلگام | صر |
| ۱۰۱ | جناب سید جلال الدین صاحب سوداگر دربار محلہ ضلع بلگام | صر |
| ۱۰۲ | جناب جیوراج مل جی بھائی سٹھ صاحب تصاب محلہ بلگام | صر |
| ۱۰۳ | جناب جنگو میاں صاحب عبداللہ صاحب ڈھانے والے پیرباڑی بلگام | صر |
| ۱۰۴ | جناب ڈی جلال الدین صاحب گدک بلگام | صر |
| | ردیف (چ) | |
| ۱۰۵ | جناب چاند صاحب محی الدین صاحب جلکا محلہ خانہ پور بلگام | صر |
| ۱۰۶ | جناب ڈی چندی صاحب گدگ | صر |
| ۱۰۷ | جناب شیخ چاند صاحب پلنگ صاحب فوجدار گوکاگ بلگام | صر |
| | ردیف (ح) | |
| ۱۰۸ | جناب سیٹھ حاجی میاں صاحب پٹیل بھیٹری ضلع تھانہ | عہ |
| ۱۰۹ | جناب حسین بھائی نور محمد صاحب تاجر چوب عمارتی نوساری بازار سورت | صر |
| ۱۱۰ | جناب مولوی حبیب الزمان خان صاحب رئیس شاہجہان پور | صر |
| ۱۱۱ | جناب حسین داؤد صاحب جلکا محلہ خانہ پور بلگام | صر |
| ۱۱۲ | جناب حسن صاحب پیرن صاحب اتوار بازار خانہ پور۔ بلگام | صر |
| ۱۱۳ | جناب حسین صاحب کنی والے بھنڈی بازار بلگام | صر |
| ۱۱۴ | جناب حسین سیٹھ صاحب عرف حسینی سیٹھ کھڑے بازار بلگام | صر |
| ۱۱۵ | جناب حسین صاحب ٹیلر بابو کاکر محلہ بلگام | صر |
| ۱۱۶ | جناب حسین صاحب ولد محمد صاحب ٹیلر صدر بازار بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم | نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۷ | جناب حیدر صاحب کاکر محلہ بلگام | صر | ۱۲۸ | جناب حسین صاحب دستگیر صاحب آتھنی بلگام | صر |
| ۱۱۸ | جناب حسین صاحب حسن صاحب جوپٹری دکوار بازار بلگام | صر | ۱۲۹ | جناب حضرت صاحب داول صاحب آتھنگی آتھنی بلگام | صر |
| ۱۱۹ | جناب حیدر علی سیٹھ صاحب آکھرو بازار بلگام | صر | ۱۳۰ | جناب حسین صاحب سرکل انسپکٹر آتھنی بلگام | صر |
| ۱۲۰ | جناب حسین صاحب برہان الدین صاحب مرچ والے بھنڈی بازار بلگام | صر | ۱۳۱ | جناب حسن صاحب قاسم صاحب آتھنگی آتھنی بلگام | صر |
| ۱۲۱ | جناب حضرت صاحب ہنور والے ہنور، بلگام | صر | ۱۳۲ | جناب حسین صاحب محی الدین صاحب خانہ پور بلگام | صر |
| ۱۲۲ | جناب حسن صاحب قتال صاحب مجاور محلہ بلگام | صر | ۱۳۳ | جناب حسین صاحب مخدوم صاحب نداف جال گر محلہ بلگام | صر |
| ۱۲۳ | جناب حسین صاحب گجبار صاحب کلرک سب رجسٹرار آفس بلگام | صر | ۱۳۴ | جناب حسین خان محی الدین صاحب دیسائی باچھا پور بلگام | صر |
| ۱۲۴ | جناب حسن صاحب دادا بھائی صاحب جمعدار ہیڈ ماسٹر اردو سکول ہیو کیری بلگام | صر | ۱۳۵ | جناب حسین صاحب محمد صاحب گاڈی وال دتھنی بلگام | صر |
| ۱۲۵ | جناب حمید صاحب محمد صاحب لگاری مارکٹ بلگام | صر | ۱۳۶ | جناب حسین بیگ مدار بیگ پنشنر نوجبار ہبلی۔ | صر |
| ۱۲۶ | جناب حسین صاحب گھورنہ صاحب عطار مارکٹ بلگام | صر | | ردیف (خ) | |
| ۱۲۷ | جناب حسین صاحب اسد صاحب مجاور محلہ بلگام | صر | ۱۳۶ | جناب خان محمد سیٹھ حاجی یعقوب سیٹھ صاحب چرچ سٹریٹ صدر بازار بلگام | صر |
| | | | ۱۳۸ | جناب خواجہ میان صاحب میران صاحب | |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| | چٹنی اتوار بازار گوکاک بلگام | صر |
| ۱۳۹ | جناب خان محمد یوسف سیٹھ صاحب صدر بازار بلگام | صر |
| | ردیف (د) | |
| ۱۴۰ | جناب داؤد صاحب جنار صاحب کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۴۱ | جناب دادا سیٹھ صاحب پیر محمد صاحب سیٹھ چرچ سٹریٹ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۴۲ | جناب ذہبی سیٹھ ہاشم سیٹھ صاحب کھڑے بازار بلگام | صر |
| ۱۴۳ | جناب دادا میاں صاحب رستم صاحب گاؤ قصاب پرانا محل نند گڑھ بلگام | صر |
| ۱۴۴ | جناب دادا میاں صاحب بڑے میاں صاحب سوداگر نند گڑھ بلگام | صر |
| ۱۴۵ | جناب دادا سیٹھ صاحب مستری آف چھوٹا سیٹھ صاحب صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۴۶ | جناب سید دستگیر صاحب جمعدار دربار محلہ بلگام | صر |
| ۱۴۷ | جناب دادے صاحب فقیر صاحب عطار پاچھاپور بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۴۸ | جناب دیوان صاحب محمد صاحب ٹیکسر پھل ہیونگل بلگام | صر |
| ۱۴۹ | جناب دادا میاں صاحب قاسم صاحب بیڑی والے خانہ پوری نند گڑھ بلگام | صر |
| ۱۵۰ | جناب شیخ دادا میاں صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ پونہ | صر |
| ۱۵۱ | جناب دستگیر صاحب مخدوم صاحب کنٹراکٹر ہاداڑی ہونگل بلگام | صر |
| ۱۵۲ | جناب سیٹھ دادا ہاشم صاحب ایسٹ سٹریٹ پونہ | عار |
| | ردیف (ذ) | |
| ۱۵۳ | جناب نواب ذوالقدر جنگ صاحب بہادر لکھنو | صر |
| | ردیف (ر) | |
| ۱۵۴ | جناب خواجہ سید رشید الدین صاحب گھسیاری منڈی لکھنو | صر |
| ۱۵۵ | جناب اے رشید صاحب اینڈ کمپنی جیولر کالبا دیوی روڈ پوسٹ نمبر ۲ بمبئی | صر |
| ۱۵۶ | جناب سید رضا حسین صاحب وکیل گلبرگہ | صر |
| ۱۵۷ | جناب خان صاحب مرزا رحمان بیگ صاحب خطیب و آنریری مجسٹریٹ اکولہ | صر |
| ۱۵۸ | جناب راجہ احمد صاحب بابا ماہی فروش کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۵۹ | جناب روشن صاحب جوتا مال فروش کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۶۰ | جناب راجہ احمد صاحب راجہ صاحب مارکیٹ کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۶۱ | جناب راجہ خان صاحب اسد خان صاحب انوار بازار بلگام | صر |
| ۱۶۲ | جناب رجب خان صاحب شمس خان صاحب کمپنی والے مارکیٹ بلگام | صر |
| ۱۶۳ | جناب راجہ احمد صاحب اسٹی خنجر محلہ بلگام | صر |
| ۱۶۴ | جناب رجب علی صاحب منہار ملیال ضلع کاروار | صر |
| | ردیف (ز) | |
| ۱۶۵ | جناب زین العابدین صاحب محمد عثمان صاحب منڈی والے نن گڑھ بلگام | صر |
| ۱۶۶ | جناب مرزا زاہد بیگ صاحب مرچنٹ کنٹرے بازار بلگام | صر |
| ۱۶۷ | جناب سید زین الدین صاحب گدرک بلگام | صر |
| | ردیف (س) | |
| ۱۶۸ | جناب حافظ راجہ علی صاحب وکیل اورنگ آباد دکن | صر |
| ۱۶۹ | جناب سلیمان داؤد اتو صاحب سید پورہ سورت | مار |
| ۱۷۰ | جناب سید محمد صاحب تاجر بہاگا تالاب سورت | صر |
| ۱۷۱ | جناب سلیمان حاجی یوسف سالوجی گھوڑ سورت | صر |
| ۱۷۲ | جناب سلیمان احمد قاضی صاحب کھولوڑ سورت | مار |
| ۱۷۳ | جناب مولوی سلیمان صاحب ندوی شبلی منزل اعظم گڈھ | صر |
| ۱۷۴ | جناب نواب محمد سلام اللہ خان صاحب سی آئی ای دیول گھاٹ ضلع بلڈانہ | صر |
| ۱۷۵ | جناب خان بہادر حافظ محمد سیف اللہ خان صاحب برٹش ایجنٹ کابل پشاور | صر |
| ۱۷۶ | جناب منشی سردار خان صاحب ابراہیم خان صاحب پنشنر محلہ اونٹ کنواں کھنڈوہ ضلع نماڑ | صر |
| ۱۷۷ | جناب سلیمان آغا صاحب بلگام | صر |
| ۱۷۸ | جناب سلطان خان صاحب جان خان صاحب مارکیٹ بلگام | صر |
| ۱۷۹ | جناب سید حسن صاحب سید محمد صاحب نہاری کنڈو نادرے پیر باسی بلگام | صر |
| ۱۸۰ | جناب سید خان صاحب بڑے صاحب کرائی گرانکو کاگ بلگام | مار |
| ۱۸۱ | جناب سلیمان خان صاحب شیخ خان صاحب خنجر پوسٹ سارنگی بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۸۲ | جناب سراج صاحب حسین صاحب رساکشی اتھنی بلگام | صر |
| ۱۸۳ | جناب سراج صاحب اسماعیل صاحب گاڈی والا اتھنی ۔ بلگام | صر |
| ۱۸۴ | جناب سید حسن میاں صاحب گدگ | صر |
| | ردیف (ش) | |
| ۱۸۵ | جناب مولانا سید شبیر علی صاحب کوچہ میر معانی خان حیدر آباد دکن | صر |
| ۱۸۶ | جناب شیخ محمد شیخ احمد صاحب آبکاری ٹھیکہ محلہ تھانہ پور بلگام | صر |
| ۱۸۷ | جناب شیخ حسین شیخ محی الدین صاحب عرف اشفا شاہ پور بلگام | صر |
| ۱۸۸ | جناب شمس الدین شیفن صاحب رساکشی اتھنی بلگام | صر |
| ۱۸۹ | جناب شہاب الدین صاحب مخدوم صاحب سب رجسٹرار کارکن اتھنی ضلع بلگام | صر |
| ۱۹۰ | جناب شمس الدین محمد علیصاحب گدگ | صر |
| ۱۹۲ | جناب شیر خان صاحب انعامدار ہنڈی بازار بلگام | صر |
| ۱۹۲ | جناب حاجی شکور صاحب حاجی ایوب صاحب سٹیشن نوار بازار بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| | ردیف (ص) | |
| ۱۹۴ | جناب مولوی صمصام حق عبد علی صاحب دھدی باغ ناگپور | صر |
| ۱۹۵ | جناب صالح محمد حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب نمبر ۲۴۳ اسلینڈ مدراس | ۱ر |
| ۱۹۶ | جناب شیخ سادق حسین صاحب بی اے ایل ایل بی بیرسٹرایٹ لا امرتسر | صر |
| | ردیف (ع) | |
| ۱۹۷ | جناب سیٹھ عبد الرحمٰن صاحب فیتے والے کدرلا ضلع تھانہ | صر |
| ۱۹۸ | جناب سیٹھ عبد الرزاق صاحب قصبہ بھونڈی ضلع تھانہ | عہ |
| ۱۹۹ | جناب علی میاں حاجی میاں صاحب قصبہ بھونڈی ضلع تھانہ | صر |
| ۲۰۰ | جناب عبد الرحمٰن صاحب ولد ملا غوثی صاحب مالیگاؤں | صر |
| ۲۰۱ | جناب منشی عبد الحمید صاحب نائب ناظم انجمن ہدایت الاسلام مالیگاؤں | صر |
| ۲۰۲ | جناب میاں عبد الغنی صاحب پراچہ سابل ملاجی ٹولہ اٹک | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۰۳ | جناب عبد الرحمن جوسف صاحب عرف کوسیٹھ چیپ جیالگ دکان نمبر ۷۰ مین سٹریٹ نو | صر |
| ۱۰۴ | جناب عبد الکریم صاحب تاجر بسکٹ سوداگر واڑہ سورت | صر |
| ۱۰۵ | جناب ابجی ان عبد الرحمن صاحب بہاگا تالاو سورت | صر |
| ۱۰۶ | جناب عبد الصمد احمد صاحب مصری سوداگر واڑہ سورت | صر |
| ۱۰۷ | جناب عبد اللہ عبد الحی صاحب نانال والے سگرام پورہ سورت | صر |
| ۱۰۸ | جناب علی بہائی عیسے بہائی صاحب وکیل بھڑوچ | صر |
| ۱۰۹ | جناب حاجی عبد القادر موسیٰ بہائی صاحب بہاگا تالاب سورت | صر |
| ۱۱۰ | جناب حاجی عبد الرحمن صاحب پیر محمد صاحب واحد کلام بہاگا تالاب سورت | صر |
| ۱۱۱ | جناب عبد اللہ محمد صاحب نباری بانی پورہ سورت | صر |
| ۱۱۲ | جناب عبد اللہ بہائی قاسم صاحب مین سید پورہ سورت | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۱۳ | جناب عبد القادر حاجی اسمعیل صاحب باڑ باسید پورہ سورت | صر |
| ۱۱۴ | جناب سیٹھ حاجی عبد الکریم صاحب سوداگر سورت | صر |
| ۱۱۵ | جناب عظیم اللہ خان صاحب رئیس ساگر | صر |
| ۱۱۶ | جناب سیٹھ عبد اللہ احمد صاحب سوداگر جام نگر نور پھلیا ملک کاٹھیاواڑ | صر |
| ۱۱۷ | جناب غفار الملک مولوی حکیم محمد عبد الرشید صاحب لکھنو | صر |
| ۱۱۸ | جناب صفی الدولہ حسام الملک نواب سید محمد علی حسن خان صاحب بہادر معتمد مال ندوۃ العلما لکھنو | ۵ع |
| ۱۱۹ | جناب محمد عبد العزیز صاحب سپرنٹنڈنٹ وردہا | صر |
| ۱۲۰ | جناب عبد الرؤف قاسم بہائی صاحب رانی تالاب سورت | صر |
| ۱۲۱ | جناب عبد الرحمن امیر بہائی صاحب رانی تالاب سورت | صر |
| ۱۲۲ | جناب عبد الحق الٰہی بخش صاحب سگرام پورہ سورت | صر |
| ۱۲۳ | جناب خان صاحب مولوی عبد اللہ احمد صاحب | |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| | محافظ حجاج ہیڈ پولیس آفس بمبئی | صر |
| ۱۲۴ | جناب مولانا عبدالسبحان صاحب نمبر ۲۳ گوڈاؤن سٹریٹ مدراس | عار |
| ۱۲۵ | جناب خطیب محمد عبدالرشید صاحب ۵۸ گوڈاؤن اسٹریٹ مدراس | صر |
| ۱۲۶ | جناب مولوی عبدالقدوس صاحب نمبر ۳ بمبو بازار بنگلور | صر |
| ۱۲۷ | جناب مولوی محمد عبداللہ صاحب منہاس اڈیٹر وکیل امرتسر | صر |
| ۱۲۸ | جناب خانصاحب مولوی عبدالقادر صاحب وکیل امراؤتی برار | صر |
| ۱۲۹ | جناب عبداللہ صاحب ابراہیم صاحب جلکا محلہ خانہ پور ضلع بلگام | صر |
| ۱۳۰ | جناب عبدالکریم سیٹھ حاجی مولا سیٹھ صاحب صدر بازار - بلگام | صر |
| ۱۳۱ | جناب عبدالرحیم صاحب چودھری عرف بابو میاں مارکٹ صدر بازار - بلگام | صر |
| ۱۳۲ | جناب علاؤالدین سیٹھ صاحب تیل والے توار بازار بلگام | صر |
| ۱۳۱ | جناب عبداللہ صاحب مومن ہنڈی بازار بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۳۴ | جناب عبداللہ صاحب فروٹ والے کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۳۵ | جناب عثمان صاحب بانگی کاکر محلہ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۳۶ | جناب حاجی عبدالقادر سیٹھ سلیمان سیٹھ صاحب | |
| ۱۳۷ | سوڈا واٹر مرچنٹ صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۳۸ | جناب عمر صاحب مجاور - توار بازار بلگام | صہ |
| ۱۳۹ | جناب عبدالرزاق صاحب سلیمان صاحب مجاور محلہ بلگام | صر |
| ۱۴۰ | جناب عبدالغنی صاحب مالک واڑی مقام لشناسور تعلقہ ہوکری بلگام | صر |
| ۱۴۱ | جناب عبدالکریم صاحب ڈونے مارکٹ بلگام | صر |
| ۱۴۲ | جناب عبداللہ سیٹھ صاحب سکی لڈا بلگام | صر |
| ۱۴۳ | جناب عبداللہ صاحب کمال صاحب راؤت نبکاپور محلہ بلگام | صر |
| ۱۴۴ | جناب عبدالرحمن صاحب محمد صاحب سیدان محلہ بلگام | صر |
| ۱۴۵ | جناب علیفا اسحاق صاحب مالک محلہ خانہ پور بلگام | صر |
| ۱۴۶ | جناب عبدالرحیم سیٹھ حاجی عثمان سیٹھ صاحب صدر بازار بلگام | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم | نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴۷ | جناب سید عبد العزیز صاحب مالی محلہ بلگام | صہ | ۱۵۷ | جناب عبد القادر صاحب بڑے میاں صاحب مجاور ہوکری بلگام | صہ |
| ۱۴۸ | جناب عبد القادر صاحب بانگی ایجوکیشنل ڈپٹی انسپکٹر بلگام | صہ | ۱۵۸ | جناب عمر صاحب محمد علی صاحب بیڑی والے مومن محلہ بلگام | صہ |
| ۱۴۹ | جناب سید عبد القادر عرف قادر میاں صاحب سوداگر دربار محلہ بلگام | صہ | ۱۵۹ | جناب عبد الغفار صاحب سوداگر انہاواڑ دہارواڑ | صہ |
| ۱۵۰ | جناب عبد الرحمن صاحب ہاگاواڑی کنور بلگام | صہ | ۱۶۰ | جناب عبد المناف صاحب سوداگر انہاواڑ دہارواڑ | صہ |
| ۱۵۱ | جناب عبد الستار صاحب عبد الرحمن صاحب خانہ پور بلگام | صہ | ۱۶۱ | جناب عبد الرشید صاحب سوداگر انہاواڑ دہارواڑ | صہ |
| ۱۵۲ | جناب سیٹھ عبد الکریم صاحب ٹین مرچنٹ مالی محلہ بلگام | صہ | ۱۶۲ | جناب سید عبد الرحمن صاحب سید علی صاحب پیرواڑی بلگام | صہ |
| ۱۵۳ | جناب عبد القادر صاحب حقانی صاحب لنگوٹے والے باچھا پور بلگام | صہ | ۱۶۳ | جناب بی۔ ایچ۔ حاجی عبد الغفور صاحب کھڑے بازار بلگام | صہ |
| ۱۵۴ | جناب اے۔ ایس عبد اللطیف صاحب سیٹھ صدر بازار بلگام | صہ | ۱۶۴ | جناب عبد الغفار صاحب کنوری انہاواڑ دہارواڑ | صہ |
| ۱۵۵ | جناب عالم خانصاحب آپا صاحب دیسائی باچھا پور بلگام | صہ | ۱۶۵ | جناب اے۔ ایم عبد الرحیم صاحب سوڈا فیکٹری صدر بازار بلگام | صہ |
| ۱۵۶ | جناب مرزا عباس بیگ صاحب مرزا محی الدین بیگ صاحب سوگ تعلقہ ہوکیری بلگام | صہ | ۱۶۶ | جناب عبد القادر بن عبد الکریم صاحب منہار | صہ |
| | | | ۱۶۷ | جناب عمر علی صاحب قلعی گر ہلیال ضلع کاروار | صہ |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۶۸ | جناب علیصاحب اسد صاحب مجاور بلگام | صر |
| ۱۶۹ | جناب عباس خان غوث خان صاحب دیسائی انگلاکٹرے بازار بلگام | صر |
| ۱۷۰ | جناب عبدالحلیم صاحب خطیب رسالدار محلہ۔ بلگام | صر |
| ۱۷۱ | جناب عبدالشکور صاحب معرفت بابو ابراہیم صاحب آرمی کنٹرکٹر صدر بازار بلگام | صر |
| ۱۷۲ | جناب عبدالقادر حضرت صاحب کنکشور بلگام | صر |
| ۱۷۳ | جناب سید علاءالدین صاحب کنور والے مالت دار ضلع بیجاپور | صر |
| ۱۷۴ | جناب عبدالوہاب صاحب ریلوے گارڈ بلگام | صر |
| ۱۷۵ | جناب عبدالحمید خان صاحب معرفت سلیمان آغا صاحب خنجر محلہ بلگام | صر |
| ۱۷۶ | جناب عبدالرحیم خانصاحب خنجر محلہ بلگام | صر |
| ۱۷۷ | جناب عبدالرحیم صاحب آپا حسین صاحب سیٹھ کولھاپور | صر |
| ۱۷۸ | جناب سید عبداللہ صاحب ابوبکر صاحب انعامدار کولھاپور۔ | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
|---|---|---|
| ۱۷۹ | جناب شیخ علی محمد صاحب محمد صاحب وکیل ریاست کولھاپور | صر |
| ۱۸۰ | جناب سیٹھ عبدالکریم صاحب علی صاحب بیجاپوری اتھنی ضلع بلگام | صر |
| ۱۸۱ | جناب علی صاحب میران صاحب مجاور انگلی بلگام | صر |
| ۱۸۲ | جناب عثمان صاحب امام صاحب سات بجے والے اتھنی بلگام | صر |
| ۱۸۳ | جناب سیٹھ عبدالکریم صاحب مدار صاحب | |
| ۱۸۴ | گھوڑا گاڑی والے اتھنی بلگام | صر |
| ۱۸۵ | جناب عبدل صاحب امام صاحب بندن اتھنی بلگام | صر |
| ۱۸۶ | جناب سید عبدالعلی صاحب بلگام | صر |
| ۱۸۷ | جناب عبدالحمید صاحب رجب علیصاحب ہلیال ضلع کاروار | صر |
| ۱۸۸ | جناب عبدالرحیم صاحب گدگ | صر |
| ۱۹۰ | جناب عبدالغفور صاحب عبداللہ صاحب نہار | |
| ۱۹۱ | ہلیال ضلع کاروار | صر |
| ۱۹۲ | جناب عبدالرحمن صاحب جنگو میاں صاحب بلگام | صر |
| ۱۹۳ | جناب مولوی عبدالقیوم صاحب بیجاپور | صر |
| ۱۹۴ | جناب سید عبدالرحیم صاحب ولد سید شاہ | صر |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
| --- | --- | --- |
| | شاہ صاحب چھٹی گلی بلگام | صہ |
| ۱۹۴ | جناب عبدالکریم صاحب عمر صاحب منہار ہلیال ضلع کاروار | صہ |
| ۱۹۵ | جناب شعبان صاحب سدی صاحب دلالی چکوری بلگام | صہ |
| ۱۹۶ | جناب عبدالکریم صاحب اتیج امین صاحب گدگ دھاروار | صہ |
| ۱۹۷ | جناب سید عبداللہ صاحب انعامدار کولہاپور | صہ |
| ۱۹۸ | جناب سید عبدالرحیم صاحب عرف بابا میاں صاحب سیٹھ کولہاپور | صہ |
| ۱۹۹ | جناب ملا عبدالرحمن صاحب گدگ | صہ |
| ۲۰۰ | جناب اتیج عبدالغفار صاحب گدگ | صہ |
| ۲۰۱ | جناب عبداللطیف خان صاحب مکرکوٹ گوکاک بلگام | صہ |
| ۲۰۲ | جناب عبدالستار صاحب آمبور مدراس | صہ |
| ۲۰۳ | جناب حافظ سید عبدالکریم صاحب بلہاری مول بازار | صہ |
| ۲۰۴ | جناب سید عبدالقادر صاحب جیلانی مونٹ مدراس | صہ |

| نمبر شمار | نام نامی | رقم |
| --- | --- | --- |
| ۲۰۵ | جناب عبدالرحمن صاحب سوداگر انہاوا | صہ |
| ۲۰۶ | جناب عبدالرزاق صاحب سرسی ضلع کاروار | صہ |
| ۲۰۷ | جناب عبدالرؤف خان صاحب کاروار | صہ |
| ۲۰۸ | جناب عبدالصمد بادشاہ صاحب ناگن ملی تلور | صہ |
| | ردیف (غ) | |
| ۲۰۹ | جناب سیٹھ غلام نبی صاحب فقیہ رئیس بھمری ضلع تھانہ | عہ |
| ۲۱۰ | جناب غلام حسین داؤدجی دادا بھائی صاحب سید پورہ سورت | صہ |
| ۲۱۱ | جناب غلام نبی نور محمد صاحب قصاب محلہ عاشور بیگ سورت | صہ |
| ۲۱۲ | جناب خان بہادر شیخ غلام صادق صاحب آنریری مجسٹریٹ درجہ اول امرتسر | صہ |
